www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
بانی و مدیر اعلیٰ: عبدالرحمٰن
کوئٹہ اور جب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
الٰہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | بمطابق یکم ذوالحج 1446ھ 29 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 331
رجسٹرڈ BC-m-1 | PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqala2008@gmail.com
قیمت 30 روپے

یوم تکبیر پر بلوچستان سمیت ملک بھر میں ریلیاں، تقاریب، ایٹمی سائنسدانوں اور پاک افواج کو خراج تحسین پیش

بھارت کی جانب سے پانچ دھماکوں کے جواب میں بلوچستان کی سرزمین چاغی کے پہاڑوں میں 6 ایٹمی دھماکے کر کے دنیا کے نقشے پر پاکستان اسلامی ملک کے طور پر ایٹمی قوت بن کر ابھرا

شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اس ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی، مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف نے عالمی دباؤ مسترد کر کے دھماکے کئے، ریلی سے صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ و دیگر کا خطاب

یوم تکبیر صرف ایک دفاعی کامیابی کا دن نہیں بلکہ یہ ہماری خودداری، قومی غیرت اور اجتماعی شعور کا عکاس ہے، جگمگا مصور نوجوانان کی ریلی، پاکستان زندہ باد کے نعرے، مینا مجید و دیگر نے قیادت کی

ملک بھر میں یوم تکبیر پر پاکستانی خوشی کا جشن منا رہے ہیں، اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ ملک کا دفاع افواج پاکستان کے مضبوط ہاتھوں میں ہے، خالد حسین بالٹھ، سردار خان

اسلام آباد، کراچی، لاہور، ملتان، پشاور، حیدر آباد، سکھر، بہاولپور سمیت چھوٹے بڑے شہروں میں ریلیاں اور تقاریب کا انعقاد، ملک کی ترقی اور قوم کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، ش ن) یوم تکبیر کے موقع پر اجتماعی دعا میں مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، مختلف شعبہ ہائے زندگی کے نمائندوں اور مسلح افواج کے شہداء کے لواحقین نے شرکت کی۔ دعا میں ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور پاکستان کے دشمنوں کی ناکامی کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اجتماعی دعا میں شرکاء نے ملک کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لئے دعائیں کیں۔ دعا میں شرکاء نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور ترقی ہمارے ایمان کا حصہ ہے

28 مئی دفاع وطن اور قومی وقار کی بلندی کا دن ہے، ثناء اللہ بڑیچ

پاکستان نے ایٹمی دھماکے کر کے دنیا کو بتادیا کہ ہم پر امن ملک ہیں مگر کمزور نہیں ہیں، سردار جسبیر سنگھ، شازیہ ملک

سی پی ڈی، پی پی ایف کے زیر اہتمام یوم تکبیر کی تقریب سے، سلام کاکڑ، بہرام بلوچ، بہرام لہڑی، غلام محمد مری کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سنٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ اور پاکستان پارٹی اپلیویشن فنڈ کے زیر اہتمام بدھ کو یوم تکبیر کے موقع پر پریس کلب کوئٹہ میں ''خودداری، اتحاد اور قومی وقار'' کے عنوان سے سیمینار منعقد ہوا۔ سیمینار سے سی پی ڈی کے پروگرام منیجر ثناء اللہ بڑیچ، سلام کاکڑ، جسبیر سنگھ، بہرام بلوچ، بی آر ایس پی کے غلام محمد مری اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مقررین نے کہا کہ یوم تکبیر صرف دفاع صلاحیت کا دن نہیں بلکہ اتحاد، خودداری اور قومی شعور کا دن ہے 28 مئی ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جب قوم متحد ہو تو کوئی طاقت اسے جھکا نہیں سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمارے قومی جذبے کی عکاسی کرتا ہے جس نے قوم کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا اور خودمختاری کی راہ میں سنگ میل ثابت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی 1998ء کو پاکستان نے ایٹمی دھماکے کر کے دنیا کو بتادیا کہ ہم پر امن ضرور ہیں مگر کمزور نہیں ہیں یہ دن نہ صرف پاکستان کی میزائل ٹیکنالوجی یا ایٹمی توانائی میں کامیابی کا دن نہیں ہے بلکہ یہ قومی غیرت، قومی عزم اور اجتماعی قربانیوں کا دن ہے یوم تکبیر ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ اگر قیادت ایماندار، قوم متحد اور مقصد واضح ہو تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں جھکا نہیں سکتی یہ وہ دن ہے جب ہم نے دشمن کو واضح پیغام دیا کہ ہم اپنے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں لیکن ساتھ ہی ہم نے یہ بھی کہا کہ ہم ہتھیار رکھتے ہیں مگر جنگ کے خواہاں نہیں ہم امن چاہتے ہیں

آسمان کو چھوتی قیمتیں، ادویات کو ٹیکس سے استثنیٰ دیا جائے، عوام کا مطالبہ

ادویات کی قیمتوں میں نئے ٹیکسز لگانے کے بعد قیمتیں غریب کے بس سے باہر ہوجائیں گی

ملکی سطح پر قیمتوں میں اضافے کا اطلاق کا آغاز ماہ جون سے ہوگا، سیکرٹری میڈیکل سٹورز ایسوسی ایشن، سید اکبر شاہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان میں ادویات کی قیمتوں میں کمی کی بجائے آئے روز قیمتوں میں اضافہ ہو رہے ہیں میڈیکل سٹور مالکان نے وجہ ٹیکسز در ٹیکسز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ادویات پر کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں جس کی وجہ سے آئندہ ماہ جون میں ادویات کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کوئٹہ کے شہریوں، سید اکبر شاہ، پروفیسر محمد ناصر اعوان، ابرار الحسن درانی، سراج الدین بزنجو، ضیاء الحق کاکوزئی ودیگر نے بتایا ہے کہ مہنگائی کے اس طوفان میں ادویات بھی جب مہنگی ہونگی تو مریضوں کا جان بچانا مشکل ہو جائے گا حکومت بلوچستان نے ابھی تک سرکاری ہسپتالوں کیلئے ادویات نہیں خریدی گئی ہے جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں عوام نے شکایت کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات ملتی نہیں میڈیکل سٹوروں میں ادویات مہنگی قیمتوں میں بھی دستیاب نہیں جبکہ بعض ادویات تو مارکیٹ سے غائب ہیں وہ بلیک میں فروخت ہورہی ہے۔ اس سلسلے میں مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے آل میڈیکل سٹور کے صدر و جنرل سیکرٹری سید اکبر شاہ نے کہا ہے کہ ادویات پر چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے آئے روز ان کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے جس کی سب سے بڑی وجہ وفاقی حکومت جو آئے روز ادویات پر نئے نئے ٹیکسز اور شرائط عائد کر رہے ہیں ماہ جون میں ادویات کی قیمتیں طوفان کی طرح مزید بڑھے گی جبکہ کئی ادویات کی قیمتیں اب بھی 200 سے 250 فیصد بڑھ چکی ہے، جس میں معدہ کیلئے استعمال ہونے والی کریپافن، 110 سے 165 گیویز گان 200 سے 250 روپے تک جا پہنچی ہے، اسی طرح لیبی ٹولول انجکشن جو بلڈ پریشر اور ایمرجنسی کیلئے استعمال ہوتا ہے وہ 50 سے بڑھ کر 70 روپے تک جا پہنچی، ٹرائی کو جن انجکشن کے موذی امراض کیلئے استعمال ہوتا ہے وہ 210 روپے سے 410 روپے تک جا پہنچا ہے جبکہ مزید ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق کا آغاز ماہ جون سے باقاعدہ ہی ہوگا جو مریضوں کے موت کا سبب بنے گا کیونکہ بلوچستان جہاں کاروبار روزگار کے کوئی ذرائع موجود نہیں نہ ہی حکومت نے ایسے فیکٹریاں یا کارخانے لگائے ہیں جہاں لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر ہو سکے، اسی طرح سرکاری اداروں میں نوکریاں لاکھوں میں ملتی ہیں، سفارش سے بھی بات اب بڑھ چکی ہے تو لوگ سوائے خودکشی کے اور کچھ نہیں کر پائینگے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف سے اس سلسلے میں باقاعدہ بات چیت کرے اور بلوچستان کے مسائل کو سنجیدہ بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی جائے تاکہ بلوچستان کے عوام کے مسائل حل ہو سکے۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر علی مدد جتک پریس کلب کے نومنتخب صدر عرفان سعید کو مٹھائی کھلا کر مبارکباد دے رہے ہیں

ایٹمی طاقت ہونا ملکی دفاع اور سکیورٹی کا ضامن ہوتا ہے، شعیب نوشیروانی

قوم ملک کو ایٹمی قوت بنانے والے قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا کہ 28 مئی ہمارے ملک کی تاریخ میں نہایت ہی اہمیت کا حامل دن ہے اسی دن ہمارا ملک ایک ایٹمی مملکت بن گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ اسی وقت کے ارباب اختیار حکام نے نازک وقت میں بہت اچھا فیصلہ کیا کہ جوہری تجربات کے پورے دنیا کو دیکھایا کہ ہمارا ملک ایک ایٹمی طاقت ہے ہمارے ایٹمی طاقت بننے کا مطلب خطے میں پر امن فضا برقرار رکھنا ہے اور یہ ہمارے دفاع اور سکیورٹی کی ضامن ہوتی ہے۔ یوم تکبیر ہمیں اس سوچ اور عمل کی یاد دلاتا ہے جس کے نتیجے میں ملک نے اپنی سنجیدہ وحکمت عملی میں ایک اہم قدم اٹھایا۔ قوم ان تمام افراد کی کاوشوں کو سراہتے ہیں جنہوں نے اس عمل میں کسی بھی حیثیت سے کردار ادا کیا ہے۔

ہزار گنجی متعلق کیوڈی اے کی گورننگ باڈی کے فیصلے قابل داد ہیں، عبدالخالق آغا

کمرشل زون کے پلاٹوں پر این یو ایف ٹیکس میں کمی، سہولیات میں اضافہ بڑی خوشخبری ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ محکمہ کیو ڈی اے نے حالیہ گورننگ باڈی میں جو فیصلے کیے ہیں خصوصاً ہزار گنجی کمرشل زون کے حوالے سے ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ایسے فیصلے یقیناً داد کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) ہزار گنجی کمرشل زون کے صدر سید عبدالخالق آغا، حاجی صدر کاکڑ، عبدالسلام بادینی، حاجی نقیب کاکڑ، میر شاہ کریم مینگل، نجیب خان کاکڑ، حاجی مرتضیٰ خان نورزئی، عمرالدین خان کاکڑ، عامر بنگلزئی، محمد رمضان بزنجو، حاجی زمان اچکزئی، حاجی موسیٰ لالا اور آل بلوچستان ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن ہزار گنجی زون کے صدر سید حجت اللہ آغا نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عرصہ دراز سے ہزار گنجی کمرشل زون کے تاجروں اور باسیوں کے کان ترس گئے تھے کسی خوش خبری سننے کیلئے جو آج محکمہ کیو ڈی اے کے حالیہ گورننگ باڈی کے بعد خوشخبریوں کا سلسلہ شروع ہوا ہے جس میں پہلی خوش خبری ہزار گنجی کمرشل زون کے پلاٹوں پر این یو ایف ٹیکس میں بے انتہا کمی کی صورت میں کی گئی ہے اور اسکے ساتھ ساتھ نئے کمرشل پروجیکٹ اور الاٹیوں کو مزید سہولیات دینا اور آسانیاں پیدا کی گئی ہے جو کہ انتہائی قابل ستائش اقدامات ہیں جن کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری درخواست پر جو کچھ عرصہ پہلے ہم نے محکمہ کیو ڈی اے کے اعلیٰ حکام کو دی تھی جس کے بعد سیکرٹری کیو ڈی اے نے ہزار گنجی زون کے تاجروں کی ایک میٹنگ بلائی اور اس کے بعد ڈی جی کیو ڈی اے عسکر خان نے ہم تاجروں سے ایک تفصیلی میٹنگ کی اور ہماری تجاویز اور شکایت سنی اور ہماری انہی تجاویز کو گورننگ باڈی کی میٹنگ میں لے کر گئے اور آج گورننگ باڈی کی میٹنگ کے بعد باقاعدہ طور پر ان تجاویز کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، سیکرٹری پاپولیشن عبداللہ خان، چیئرپرسن ایم ایچ ایم ڈی جی ڈاکٹر طاہرہ کمال بلوچ ودیگر ایم ایچ ڈے کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے دوسرے دن کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یوم تکبیر خودمختاری اور اتحاد کا روشن استعارہ ہے، میر اکرم بنگلزئی

ڈاکٹر عبدالقدیر اور ٹیم نے پاکستان کو اسلامی دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنایا

پیپلز پارٹی ہمیشہ سلامتی، جمہوریت اور قومی خودمختاری کیلئے آواز بلند کرتی رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما میر محمد اکرم بنگلزئی نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یوم تکبیر صرف ایک دن نہیں بلکہ ہماری قومی غیرت، خودداری اور دفاعی خودمختاری کی ایک روشن علامت ہے۔ یہ دن اس عزم و ہمت کی یاد دلاتا ہے جو پاکستان نے اپنی قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے دنیا کے شدید دباؤ کے باوجود دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی 1998ء کو جب پاکستان نے چاغی کے پہاڑوں میں ایٹمی دھماکے کیے تو نہ صرف دشمن کو واضح پیغام دیا بلکہ دنیا بھر کو یہ باور کرایا کہ پاکستان ایک خودمختار ریاست ہے جو اپنی سرزمین کے تحفظ اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ یہ دن اس قربانی، استقلال، اور محنت کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے سائنسدانوں، افواج پاکستان، اور قومی قیادت نے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے دی۔ اس تاریخی موقع پر ہمیں ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی ٹیم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے جنہوں نے شب و روز محنت کر کے پاکستان کو اسلامی دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنایا۔ اس موقع پر انہوں نے افواج پاکستان کے افسران و جوانوں اور سیاسی قیادت کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس قومی مقصد کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں یہ سبق بھی دیتا ہے کہ اگر قوم متحد ہو، قیادت مخلص ہو اور ادارے اپنے فرائض پوری دیانتداری سے انجام دیں تو دنیا کی کوئی طاقت اسے جھکا نہیں سکتی۔ پاکستان کو ایٹمی قوت بنانا نہ صرف ایک سائنسی کامیابی تھی بلکہ یہ قومی خودمختاری کی ایک ناقابل تردید دلیل بھی ہے۔ آج ہمیں ایک بار پھر اسی جذبے کی ضرورت ہے۔ ملک کو اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے، دہشت گردی، معاشی مشکلات، اور سیاسی عدم استحکام نے قوم کو الجھا رکھا ہے۔ ایسے میں یوم تکبیر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اگر ہم متحد ہوں، مخلص ہوں اور ملکی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیں تو کوئی بحران ہمارے حوصلے کو شکست نہیں دے سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک کی سلامتی، خودمختاری اور جمہوریت کی سربلندی کے لیے آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔

لک پاس عاصم آباد سڑک کی تعمیر میں ناقص غیر معیاری کام کا نوٹس لیا جائے

دشت (پریس ریلیز) ضلع مستونگ کی تحصیل دشت کے مکینوں نے کہا ہے کہ لک پاس ٹول پلازہ سے دشت کمبیلا اور عاصم آباد تک زیر تعمیر سڑک پر غیر معیاری کام کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پہلے سڑک کی سائز اور آبی گزرگاہوں پر غفلت برتی جارہی تھی اب سڑک پر پتھر اور بجری کی چھوٹی تہہ بچھائی جارہی ہے، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اس طرح سڑک بلیک ٹاپ کے بعد پھر سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اینٹی کرپشن، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نوٹس لیکر منصوبے پر جاری کام کا جائزہ لینے کیلئے ماہرین کو بھیجیں اور ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے۔ علاقہ مکینوں و معتبرین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ سڑک اہمیت کا حامل ہے ہزاروں ٹن پھل اور دیگر فصلوں کی پیداوار یہاں ہوتی ہے اور اسی راستے سے اجناس اور پھلوں کو منڈی تک پہنچایا جاتا ہے غیر معیاری کام کسی صورت قبول نہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ 50 سال بعد سڑک بن رہی ہے اگر اس طرح بنائی جائے گی تو پھر سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگی جو ناقابل برداشت ہے۔ حکام فوری طور پر نوٹس لیکر کام کے معیار کو بہتر بنائیں۔

کوئٹہ، کسان اتحاد کی جانب سے یوم تکبیر کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت خالد حسین باٹھ کر رہے ہیں

یوم تکبیر پر سائنسدانوں، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ایمان طاہر

ڈاکٹر عبدالقدیر خان صرف ایٹمی سائنسدان نہیں بلکہ پاکستان کے حقیقی سپاہی تھے، ارباب ناصر حیدر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق صوبائی وزیر طاہر محمود خان کی بیٹی ایمان طاہر محمود خان، پاکستان یوتھ پیس موومنٹ کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی نے کہا ہے کہ 28 مئی 1998ء کو چاغی کے پہاڑوں میں گونجنے والے وہ دھماکے درحقیقت ایک غیر تمند اور نظریاتی قوم کے ایمان، علم اور ہمت کی صدا تھے ایٹمی دھماکوں نے دشمنوں کو واضح پیغام دیا کہ پاکستان اپنے دفاع اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا، مرحوم طاہر محمود خان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو یوم تکبیر کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان صرف ایٹمی سائنسدان نہیں وہ پاکستان کے حقیقی سپاہی تھے جنہوں نے جان ہتھیلی پر رکھ کر ہر دباؤ اور مشکل کے باوجود اس قوم کو ناقابل تسخیر بنایا ان کی خدمات کو الفاظ میں سمیٹنا ممکن نہیں پوری قوم ان کی مقروض ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر پر ہم اپنے سائنسدانوں، افواج پاکستان اور قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنایا آج 27 سال کا عرصہ گزر گیا اور اسلامی جمہوریہ پاکستان عالم اسلام کی پہلی ایٹمی قوت کے طور پر الحمدللہ قائم و دائم ہے اور تا قیامت قائم دائم رہے گا

قائمہ کمیٹی برائے ترقی نسواں کا اجلاس 30 مئی کو طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ترقی نسواں کا اجلاس 30 مئی کو طلب کرلیا گیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے حقوق نسواں کا اجلاس 30 مئی کو 11 بجے اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں طلب کیا گیا ہے اجلاس میں خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 16 مصدرہ 2025) کو زیر غور لایا جائے گا اور اس بابت مجلس کی جانب سے حتمی سفارشات مرتب کی جائیں گی۔ اجلاس میں اراکان اسمبلی، خواتین پارلیمانی کاکس اور متعلقہ افسران سے شرکت کی استدعا کی گئی ہے۔

کوئٹہ، گورنمنٹ بوائز انٹر کالج پشتون آباد میں یوم تکبیر کی تقریب کے اختتام پر ملک کی ترقی وسلامتی کیلئے خصوصی دعا کی جارہی ہے

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے نکالی گئی یوم تکبیر کی ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ اور اے سی ریونیو محمد وقار کاکڑ کر رہے ہیں

عملہ صفائی پر تشدد کرنیوالے سرمایہ دار اور وکیل کو سخت سزا دی جائے، یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن

دوران ڈیوٹی بے رحمانہ تشدد کار سرکار میں کھلی مداخلت ہے، اس گنڈہ گردی کی مذمت کرتے ہیں

کمزوروں پر ہاتھ ڈالنے والے کمشنر کوئٹہ گنڈے پلازہ مالک کے خلاف سخت ایکشن لے کر دیکھائیں

واقعہ سے محنت کش طبقے میں عدم تحفظ بڑھ گیا ہے بلوچستان بھر کے محنت کشوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) قندھاری بازار میں صفا کوئٹہ پروجیکٹ سے وابستہ بیروزگاری معاشی مجبوریوں کے ہاتھوں شہر بھر کا گند صاف کر کے سماج کو صاف ستھرا ماحول کی فراہمی کے لیئے شب و روز کوشاں لاچار بے بس محنت کشوں پر سرمایہ دار پلازہ مالک بشمول قانون کے رکھوالے کے دعویدار وکیل کا دیگر ساتھیوں کی جانب سے دوران ڈیوٹی بے رحمانہ تشدد اور مزدوروں کو شدید زخمی کرنے کا مجرمانہ واقعہ کار سرکار میں کھلے عام مداخلت انتہائی افسوسناک اور ناقابل معافی جرم ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے صدر علی بخش جمالی جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ شمس خلجی ملک سعید لہڑی حاجی سیف اللہ ترین عزیز احمد سارنگزئی اقبال بادینی نظام سارنگزئی ہدایت درویش نے اس واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کیا مزدور رہنماؤں نے بیان میں کہا کہ محنت کشوں پر تشدد کی اجازت کسی صورت نہیں دی جاسکتی اپنے بال بچوں کے نان نفقہ کے لیئے حکومتی اداروں کے زیر انتظام محنت مزدوری کرنے والے محنت کشوں پر جان لیوا حملہ اداروں کی کمزوری اور غنڈہ گرد عناصر کے جانب سے قانون کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے ایسے عوامل سے محنت کش طبقہ جائے کار پر عدم تحفظ کے احساس کا شکار ہوگیا ہے جس سے بلوچستان بھر کے محنت کشوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعے میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی طاقتور طبقہ مزدوروں کو سر بازار اپنے جبر کا نشانہ نہ بنا سکے۔

دل وارڈ میں ایک دن میں 22 آپریشنز کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا گیا ہے، ڈاکٹر ہادی کاکڑ

مریضوں کو داخل ہونے سے لیکر ڈسچارج تک علاج ومعالجہ کی تمام سہولیات مفت فراہم کی گئی ہیں

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر طبی ونیم طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ

کوئٹہ (اے پی پی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے کہا ہے کہ سول ہسپتال کے شعبہ امراض قلب میں ایک دن میں 22 آپریشنز کئے گئے، ہیلتھ کارڈ کے ذریعے اب تک 264 مریضوں کے کیسز مکمل کئے گئے ہیں، ہسپتال میں سروسز کے معیار کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی کے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے کہا کہ سول ہسپتال کے شعبہ امراض قلب میں ایک دن میں 22 آپریشنز کر کے ریکارڈ قائم کیا گیا ہے ہسپتال کے شعبہ امراض قلب میں ایک شفٹ میں 8 آپریشنز کئے جاتے ہیں تاہم یہ نیا ریکارڈ ہے اور تمام مریض کی حالت نارمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سول ہسپتال کے شعبہ امراض قلب میں جب سے ہیلتھ کارڈ لاگو کیا گیا ہے اب تک 264 مریضوں کا آپریشن کئے گئے ہیں اور مریضوں کو داخل ہونے سے لیکر ڈسچارج تک علاج ومعالجہ کی تمام سہولیات مفت فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ، ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکل اسٹاف سمیت تمام عملہ نیک نیتی کے ساتھ اپنے خدمات سرانجام دے رہا ہے، بہترین کارکردگی پر طبی ونیم طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

نواز شریف کے جرت مندانہ فیصلے سے پاکستان ایٹمی قوت بنا، حیدر خان اچکزئی

عالمی دباؤ کو مسترد کرتے ہوئے بھارت کے پانچ دھماکوں کے مقابلے میں چھ ایٹمی دھماکے کیے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے زیر اہتمام صوبائی نائب صدر بلوچستان حیدر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ آج کے دن پاکستان ایٹمی دھماکوں کے بعد دنیا کے نقشے پر اسلامی ایٹمی ملک بنکر ابھرا تھا جس کا سہرا پارٹی کے سربراہ میاں محمد نواز شریف کو جاتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم تکبیر کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب کے سامنے منعقدہ تقریب اور کیک کاٹنے کے دوران شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر شاکر محمد حسنی، نثار خان اچکزئی، میر عطاء اللہ محمد زئی، میر زمان لہڑی، عامر جاوید، ذکریا پیٹرک سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 27 سال قبل میاں محمد نواز شریف نے 28 مئی 1998ء کو عالمی برادری کے دباؤ اور مالیاتی آفر کو خاطر مسترد کرتے ہوئے بھارت کے پانچ دھماکوں کے مقابلے میں چھ ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا جس کی بدولت بھارت کی جارحیت کا پاک فوج نے اس کی سرزمین پر گھس کر اس کے گھمنڈ اور غرور کو مٹی میں ملا دیا جس پر آج پوری قوم ملک بھر میں 28 مئی کو یوم تکبیر کے طور پر منا رہی ہے۔

ڈی جی پی ڈی ایم اے اور کمشنر کا میڈیکل کیمپ کا دورہ

کوئٹہ (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) وریلیف کمشنر جہانزیب خان گوریزئی نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات کے ہمراہ چشمہ اچوزئی میں فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا۔ یہ کیمپ کارکمال کی جانب سے منعقد کیا گیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کیمپ میں رضاکاروں کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ رضاکاروں کے پاس ضروری ٹائم نہیں ہوتا بلکہ ان کے پاس صرف دل ہوتا ہے، نوجوان ایک بہتر بلوچستان کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں جو ایک مضبوط اور پائیدار پاکستان کی تعمیر کا اہم ذریعہ بن سکتا ہے۔ آخر میں جہانزیب خان گوریزئی اور محمد حمزہ شفقات نے شرکاء میں سرٹیفکیٹس اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیے گئے۔

سابق صوبائی وزیر طاہر محمود کی بیٹی ایمان طاہر محمود پاکستان یوتھ پیس موومنٹ کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی ودیگر یوم تکبیر کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

ایٹمی دھماکوں سے خطے میں طاقت کا توازن بحال ہوا، قاری رشید

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرسہ البنات بلوچستان و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے چھ ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کی دفاعی قوت کو ناقابل تسخیر بنایا اب الحمدللہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور اب دشمن میلی آنکھ سے کبھی پاکستان کی طرف دیکھ بھی نہیں سکے گا اور ایٹمی دھماکوں سے پاکستان نے خطے میں طاقت کا توازن بحال کیا۔ انہوں نے کہا کہ وطن کا دفاع نبی اکرم کی مبارک سنت ہے۔ جب نبی اکرم ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو آپ نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ مدینہ منورہ اور گرد و نواح کے قبائل کو جمع کر کے مشترکہ دفاع کے معاہدہ کا اہتمام فرمایا۔ میثاق مدینہ میں سب نے مل کر یہ طے کیا کہ مدینہ منورہ پر حملہ کی صورت میں اس کی دفاع کی ذمہ داری سب پر ہوگی اس طرح آپ نے یہ اصول مقرر فرمادیا کہ وطن کا دفاع سب اہل وطن کی مشترکہ ذمہ داری ہوتی ہے۔

حکمران عمران خان کے خوف میں مبتلا ہیں، رحیم کاکڑ

تحریک انصاف رہنماؤں کی مریم نواز کے نو مئی سے متعلق بیان پر رد عمل

کوئٹہ (یو این اے) خبر: تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر دائیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، امین آغا، ارشد اچکزئی، توقیر بھٹی، ضیا الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول اور سردار احمد نے مریم نواز کے حالیہ بیان پر سخت رد عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ نو مئی کے حوالے سے ان کا اشتعال انگیز بیان قابل مذمت اور قابل گرفت ہے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ مریم نواز حواس باختہ ہو چکی ہیں اور ان کے بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اور ان کے نام نہاد حواری عمران خان اور تحریک انصاف کے خوف میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز اور ان کی جماعت کو صرف عوامی پیسوں کی لوٹ مار دکھائی دیتی ہے اور خیرات کی کرسی پر بیٹھ کر بے بنیاد بیانات دینے والوں کا یوم حساب قریب ہے۔ رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

بغیر تصدیق خبریں چلانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، محمد بلوچ

سوشل میڈیا پر سرکاری آفیسران کے درمیان جھگڑے کی بے بنیاد خبر کو وائرل کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ نے کہا ہے کہ بغیر تصدیق کے پولیس اور محکمہ کے خلاف سوشل میڈیا پر خبریں چلانے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ جس طرح سوشل میڈیا پر سرکاری آفیسران کے درمیان جھگڑے کی بے بنیاد خبر کو وائرل کیا جا رہا ہے حالانکہ وہ دو بندوں کے درمیان مس انڈر اسٹینڈنگ ہوئی ہے جس کو بلاجواز طور پر اپنے ذاتی مقاصد کیلئے سوشل میڈیا پر تشہیر کر کے حقائق کو پس پشت ڈالنے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے۔ پولیس کے حوالے سے سوشل میڈیا پر خبریں چلانے والے صارفین پہلے پولیس حکام سے تصدیق کریں اسکے بعد خبر چلائیں جو سوشل میڈیا صارفین فیک اور بے بنیاد خبروں کو پھیلا کر اداروں اور آفیسران کی تضحیک کر رہے ہیں انہیں تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ جھوٹی اور بے بنیاد خبریں پھیلانے سے گریز کریں بصورت دیگر انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی کیونکہ غلط اور فیک خبروں کے ذریعے اداروں کا امیج خراب کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے۔

28 مئی پاکستان کا ناقابل فراموش دن ہے، ملک ذیشان

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی رہنما اور سابق صوبائی ڈپٹی اطلاعات سیکرٹری ملک ذیشان حسین نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ 28 مئی 1998ء کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک ناقابل فراموش دن ہے۔ یہ وہ دن ہے جب ہمارے بہادر سائنسدانوں اور قیادت نے دنیا کو بتادیا کہ پاکستان ایک خودمختار اور ناقابل تسخیر قوم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر نہ صرف پاکستان کی ایٹمی قوت کی علامت ہے بلکہ اس دن کی بنیاد شہید ذوالفقار علی بھٹو نے رکھی، جنہوں نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھ کر وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ شہید بھٹو کا تاریخی جملہ کہ "ہم گھاس کھالیں گے، لیکن ایٹم بم ضرور بنائیں گے" آج بھی ہمارے دلوں میں گونجتا ہے اور ہمیں اپنی خودداری اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن اتحاد، یکجہتی اور اپنے وطن سے بے پناہ محبت کا دن ہے۔ ہم عہد کرتے ہیں کہ پاکستان کو مزید ترقی یافتہ، پر امن اور خوشحال ملک بنائیں گے۔ انہوں نے پوری قوم کو یوم تکبیر کی دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آئیں ہم سب اس دن کی عظمت کو سمجھیں اور اپنے وطن کی خدمت اور حفاظت کے لیے متحد ہو جائیں۔

ڈی سی بارکھان عبداللہ کھوسہ یوم تکبیر کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

بلوچستان میں غذائی قلت پر قابو پانے کے لئے عملی اقدامات جاری ہیں، حمید اللہ کاکڑ

سن سی ایس اے اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کے ساتھ ملکر عوامی آگاہی، اور ایڈووکیسی کی جارہی ہے

کوئٹہ (پ ر) یوتھ آرگنائزیشن پاکستان کے سربراہ حمید اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ یوتھ آرگنائزیشن نے بلوچستان سمیت پاکستان بھر میں سن سی ایس اے پاکستان اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کے ساتھ ملکر غذائی قلت پر قابو پانے کے لئے ایڈووکیسی سمیت مختلف سرگرمیاں انجام دی ہیں۔ اس منصوبے کا مقصد غذائی قلت کو دور کرنے کے لئے صوبائی حکومتوں سے اس مقصد کے لئے خصوصی فنڈز مختص کرنا، سول سوسائٹی کی تنظیموں کی استعداد کار میں اضافہ کرنا، میڈیا اور اراکین پارلیمنٹ کے ساتھ نشستوں کا اہتمام کرنا تھا۔ اور تمام یہ سرگرمیاں انجام دے چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان میں غذائی قلت سے متعلق میڈیا بریفنگ کے دوران کیا۔ حمد اللہ کاکڑ نے کہا کہ ان کاوشوں کی بدولت نیوٹریشن کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ٹھوس تجویزات اور اقدامات سامنے آئے ہیں جن کے مطابق صحت کے شعبے میں اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے لہٰذا خواتین اور بچوں کو آئرن، فولک ایسڈ، اور دیگر مائیکرو نیوٹرینٹ سپلیمنٹس کی فراہمی ممکن بنایا جائے ماں اور بچے کی صحت کی خدمات کو بہتر بنانا، خاص طور پر دیہاتی علاقوں میں توجہ کی ضرورت ہے۔ لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHW) کے پروگرام کو مضبوط بنانا اور ان کی صلاحیتوں کو بڑھانا۔ اسی طرح تعلیم کے شعبے میں بھی اقدامات کی ضرورت ہے۔ بین الاقوامی اداروں اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ تعاون کو مضبوط بنایا جائے۔ غذائیت کے پروگراموں کے لیے فنڈز میں اضافہ کیا جائے۔ غذائیت کے اہداف کے حصول کے لیے موثر مانیٹرنگ اور تشخیصی نظام قائم کیا جائے۔ جامع منصوبہ بندی: غذائی قلت کے خلاف جامع، کثیر شعبہ جاتی منصوبے تیار کیے جائیں، جو غذائی قلت کے براہ راست اور بنیادی اسباب کو حل کریں۔ فنڈز کی فراہمی یعنی غذائیت سے متعلق مداخلتوں کے لیے کافی مالی وسائل مختص کیے جائیں، جس میں مقامی مالی، بین الاقوامی امداد، اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری شامل ہو۔

کوئٹہ پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شفیق احمد خان شہید شکیل احمد اور دیگر اساتذہ یوم تکبیر کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

انسداد دہشتگردی کے ترمیمی مسودے پر غور کے لئے قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس 31 مئی کو طلب

کوئٹہ (اے پی پی) انسداد دہشتگردی کے ترمیمی مسودے پر غور کیلئے قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس 31 مئی کو طلب کرلیا گیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس بروز ہفتہ 31 مئی کو 12 بجے طلب کرلیا گیا ہے۔ اجلاس میں انسداد دہشتگردی (بلوچستان ترمیمی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 18 مصدرہ 2025) کو زیر غور لایا جائے گا اور اس بابت مجلس کی جانب سے حتمی سفارشات مرتب کی جائیں گی۔

گرینڈ الائنس کے مطالبات کا ہر فورم پر دفاع کریں گے، داد محمد بلوچ

وزراء کی مراعات کی طرح ملازمین کی تنخواہیں بھی مہنگائی کے تناسب بڑھائی جائیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری سینئر مرکزی رہنما داد محمد بلوچ نے کہا ہے کہ گرینڈ الائنس کے مطالبات اور تحریک کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے مطالبات کو ہر فورم پر دفاع کریں گے تاکہ حکومت ان کے مطالبات کو تسلیم کر کے انہیں پورا کریں اور جامعات کے کاٹے گئے الاؤنسز کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی بحالی کیلئے بھی اپنا کردار ادا کریں گے حکومت بجٹ میں جس طرح وزراء کی تنخواہیں بڑھائی ہے ملازمین کی بھی مہنگائی کے تناسب سے اضافہ کرے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی جو کہ بلوچستان کے مظلوم محکوم اور پسے ہوئے طبقات اور ملازمین کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کرتی آرہی ہے اسی جدوجہد کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے پارٹی کی جانب سے جو مجھے ذمہ داری سونپی گئی ہے اس کو پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری اور سینئر مزدور رہنماء کے طور پر ہر فورم پر ملازمین، خصوصاً گرینڈ الائنس کے تنخواہوں، پنشن سمیت دیگر مطالبات کے حصول کیلئے جاری جدوجہد اور احتجاجی تحریک کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور ان کی اس جدوجہد کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ہر فورم پر اپنا کردار ادا کریں گے۔

پروفیسر ڈاکٹر حاجی ارباب عبدالودود کاسی انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) پروفیسر ڈاکٹر حاجی ارباب عبدالودود کاسی 28 مئی 2025 کو کراچی میں انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ 29 مئی 2025 بروز جمعرات 4 بجے کاسی قبرستان میں ادا کی جائیگی۔ فاتحہ خوانی کوچہ ارباب شیر محمد ناؤن کی مسجد، اچکزئی مارکیٹ کے پیچھے، ڈبل روڈ، کوئٹہ میں ہوگی۔ ڈاکٹر حاجی ارباب عبدالودود کاسی ولد ارباب غلام نبی، سابق پرنسپل QIMS اور ہیڈ اف اناٹمی ڈیپارٹمنٹ تھے۔ وہ سرجن ڈاکٹر ارباب عمر کاسی اور ارباب سفیان کاسی کے والد محمد حارون خان، اسد خان اور عرفان روف کے سسر تھے۔ ارباب عبدالقدوس کاسی، اور ڈاکٹر ارباب عبدالواحد کاسی اور مرحوم پروفیسر ارباب عبدالستار کے بھائی تھے۔ وہ (مرحوم) حاجی بشیر احمد کے داماد اور سرجن پروفیسر ڈاکٹر ارباب غلام رسول، ارباب صورت خان، ارباب غلام مرتضیٰ، پروفیسر ارباب غلام مصطفیٰ (یونیورسٹی آف بلوچستان) پروفیسر ارباب رضا (یو او بی) ڈاکٹر ارباب کامران (مینجنگ ڈائریکٹر، ٹراما سینٹر، سول ہسپتال کوئٹہ)، ملک محمد ارشد کاسی کے کزن تھے، حاجی عبدالغنی بادینی کے سالے تھے، ارباب سلال کاسی، ارباب ارسلان کاسی، ارباب جمیل کاسی، ارباب عبدالرازق کاسی، ارباب عبدالسلام کاسی اور ارباب عبدالسمیع کاسی، ارباب عبداللہ کے چچا تھے اور ارباب ادریس کاسی، ارباب طیب کاسی، ارباب اویس کاسی (مستونگ) کے ماموں تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی حاجی فیض اللہ خان نورزئی کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کیسکو بروری سب ڈویژن کی کارکردگی مایوس کن ہے، نصیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) اتحاد ویلفیئر سوسائٹی پشتون باغ کے صدر نصیب اللہ کاکڑ جنرل سیکرٹری حاجی حمید اللہ اچکزئی محمد اشرف خلجی اور اہلیان علاقہ نے اپنے بیان میں کیسکو بروری سب ڈویژن کے متعلق شکایت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ مذکورہ بالا ڈویژن کا عملہ اتحاد روڈ گلی امام بخاری گلی کاکڑ ٹکی آباد نمبر 02 کی بجلی جو کہ بدقسمتی سے بدنام زمانہ خروٹ آباد فیڈر کے ساتھ منسلک ہے پر ڈویژن کا مبینہ طور پر لین دین کے چکر میں ہے عملہ نے ہمارے قریب کچھ ایسے علاقوں بجلی مکمل طور پر بحال رکھی ہوئی ہے جس سے لین دین ظاہر ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے علاقے جو بجلی بل بر وقت بھی ادا کرتے ہیں کی بجلی بطور سزا off-T کے ذریعے منقطع ہے۔ نصیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ مذکورہ اہلکاران ہمارے علاقے سے بھی لین دین کے خواہشمند ہے کہ بدلے میں بجلی کی بحالی کی جائے گی۔ نصیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ ستم یہ کہ پچھلے 5 دنوں سے مسلسل بجلی کی وولٹیج صرف 80 کے قریب رکھ کر چھوڑ رہے ہیں جو کہ اس گرمی کے موسم میں عوام کے ساتھ سراسر ظلم کی انتہا ہے انہوں نے کیسکو کے اعلیٰ حکام سے پر زور اپیل کی کہ خروٹ آباد فیڈر پر غیر ضروری off-T کاٹ کر عوام کو اس ظلم سے نجات دلائی جائے۔

پرائیویٹ ٹھیکیدار کا کام کیسکو لائن سٹاف سے لینے کا نوٹس لیا جائے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

آفیسرز کو پابند کیا جائے کہ وہ لائن سٹاف کو ٹھیکیدار کیلئے کام کرنے سے روکیں، کیسکو چیف سے مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے ترجمان نے کیسکو میں میکینکس کا ٹیکنیکل کام فیڈرز پر کومونگ پرائیویٹ ٹھیکیدار کو دینے کو ٹھیکداری کے عمل کا حصہ قرار دیتے ہوئے اسے ادارے کا نقصان قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پچاس کروڑ سے زائد رقم پر ٹھیکے پر دیا جانے والا کام بھی کیسکو کے لائن سٹاف سے لیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ ٹھیکیدار کے پاس نان ٹیکنیکل سٹاف ہے جس کی وجہ سے کومونگ کا مکمل کام کیسکو کے لائن سٹاف کو کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے کہا کہ جب کام کیسکو سٹاف نے ہی کرنا ہے تو پھر پچاس کروڑ کا خطیر رقم سے کیوں ٹھیکیدار کو نوازا جا رہا ہے اور اگر پچاس کروڑ کا رقم دینی ہی ہے تو پھر کیسکو کے لائن سٹاف سے کیوں کومونگ کروائی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ کیسکو انتظامیہ غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو سے مطالبہ کرتی ہے کہ پرائیویٹ ٹھیکیدار کا کام لائن سٹاف سے لینے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے کیسکو کے آفیسرز کو پابند کریں کہ وہ لائن سٹاف کو ٹھیکیدار کیلئے کام کرنے سے روکیں یا ٹھیکیدار کیسکو کے لائن سٹاف سے کام لینے کا معاوضہ ادا کرے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ٹھیکیدار اپنا کام اپنے پرائیویٹ سٹاف سے کرائینگے اور کیسکو کے آفیسرز مستقبل میں کسی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کرینگے اور ٹھیکیدار کو نوازنے سے اجتناب کرینگے بصورت دیگر لیبر فرنٹ سخت اقدام اٹھائیگی۔

28 مئی کے حوالے سے پارٹی کو جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، سردار حبیب کاکڑ

ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں 16 مئی کو جلسہ کرنے کے لیے درخواست دی تھی، پی ٹی آئی رہنما

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء سردار حبیب کاکڑ نے کہا ہے کہ انتظامیہ نے 28 مئی کے حوالے سے پارٹی کو جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی اس کے خلاف ہم عدالت سے رجوع کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ فیصل دہوار سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے ضلع کوئٹہ کی جانب سے 28 مئی یوم تکبیر منانے کے لئے ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں 16 مئی کو درخواست دی تھی جس کو مسترد کرتے ہوئے ہمیں جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی حالانکہ مذکورہ درخواست اسی روز ڈی آئی جی آفس کو ارسال کی گئی تھی متعدد بار دفتر کے چکر لگانے کے باوجود ہمیں اجازت نہیں دی گئی ایک طرف حکومت سیاسی پارٹیوں کو ریلوے ہاکی گراؤنڈ میں جلسہ کرنے کی اجازت دیتے ہوئے سیکورٹی بھی دے رہی ہے جبکہ ہمیں جلسے کی بھی اجازت نہیں دی گئی ہمارا منصوبہ تھا کہ گراؤنڈ کے اندر ہی جلسہ کریں گے

صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل ودیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ، یوم تکبیر پر کفایت اللہ کی قیادت میں ریلی کا انعقاد

ریلی میں مختلف طبقات کی بھرپور شرکت، قومی جوش و جذبہ نمایاں

شرکاء نے قومی پرچم تھامے وطن سے محبت کے نعرے لگائے، قومی نغمے گائے

کوئٹہ (پ ر) یوم تکبیر کے سلسلے میں نجات ڈرگ ٹریٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جس میں مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، نوجوانوں، سماجی کارکنوں اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ریلی کا مقصد 28 مئی 1998ء کے دن کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا جب پاکستان نے ایٹمی دھماکے کر کے دنیا کو اپنے ناقابل تسخیر دفاع کا پیغام دیا۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم تھامے، وطن سے محبت کے نعرے بلند کرتے ہوئے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ ریلی کا آغاز نجات سوسائٹی کے مرکزی دفتر سے ہوا اور شرکاء مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے شہر کے مرکزی چوک تک پہنچے جہاں ایک بڑی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سید حاجی کفایت اللہ آغا نے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ درخشاں باب ہے جب دنیا نے ہماری خودداری، جرات اور قومی یکجہتی کا عملی مظاہرہ دیکھا۔ پاکستان نے ایٹمی طاقت بن کر اپنے دشمنوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا اور ثابت کر دیا کہ ہم ایک غیرت مند اور خودمختار قوم ہیں جو اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرتی۔ مولوی نور اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن ہمیں اس غیر معمولی جدوجہد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے سائنسدانوں، افواج پاکستان اور قیادت نے ملک کے تحفظ کے لیے دی۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی ٹیم کا کردار تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا، جنہوں نے شب و روز محنت کر کے پاکستان کو ناقابل تسخیر دفاع فراہم کیا۔

مولانا ہدایت الرحمٰن کی روزی خان کاکڑ سے ملاقات

طلباء، مزدوروں، ماہی گیروں کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے بدھ کو پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و سابق صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ملک عبدالحمید خان کاکڑ، اختر بلوچ، صوبائی صدر پیپلز لیبر بیورو شاہجہان گجر، سینئر نائب صدر عزیز لانگو، نائب صدر شاہ نظر کوئٹہ ڈویژن کے جنرل سیکرٹری خان محمد، پیپلز یوتھ آرگنائزیشن کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک حنیف کاکڑ پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن کے بشیر احمد لانگو بھی موجود تھے۔

کوئٹہ، تحریک انصاف کے رہنما حبیب کاکڑ ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

انسدادِ پولیو مہم میں فیک مارکنگ کی شکایات پر متعدد ٹیموں کو شوکاز نوٹس جاری

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

ڈی ایس اوز، سی سی اوز، اور ایس سی پی اوز نے فرداً فرداً رپورٹ پیش کیں، درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا

ڈپٹی کمشنر کا مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام آفیسران کو بھرپور محنت، دیانتداری اور ٹیم ورک کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس [illegible]

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر منیر احمد خان کاکڑ کی ہدایت پر یوم تکبیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

28 مئی پاکستان کی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش دن ہے

[illegible] پیغام یوم تکبیر وطن عزیز کی تاریخ کا سنہرا اور یادگار دن ہے عالم اسلام کی پہلی ایٹمی طاقت کا اعزاز پاکستان کو حاصل ہے پاکستان کے دفاع پر کوئی آنچ نہیں دیں گے 28 مئی پاکستانی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش دن ہے، ایٹمی صلاحیت نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا ہے، پوری قوم کو ایٹمی طاقت ہونے پر فخر ہے یوم تکبیر پاکستانی قوم کے لیے قومی غیرت، قوم کی بے مثال جرات و بہادری کی علامت کا دن ہے پاکستان کا جوہری پروگرام خطے میں امن و استحکام کیلئے ہے ملک کے جوہری پروگرام سے منسلک تمام سائنسدانوں کو سلام پیش کرتے ہیں، یوم تکبیر ہماری قومی تاریخ کا سنہرا دن ہے اس دن پاکستان ایٹمی قوت کے طور پر ابھرا ہے، یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا سبق دیتا ہے 28 مئی کو پاکستان نے بھارتی دھماکوں کے جواب میں پانچ ایٹمی دھماکے کر کے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا، پاکستان کی دفاع کے لئے ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں

محکمہ تعلیم کے دفتر سے کتابیں چوری کرنے والے دو افراد گرفتار

ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیتی 9665 کتابیں برآمد کر لی گئیں

راولپنڈی (زاہد احمد خان) تھانہ سٹی پولیس کی اہم کارروائی، محکمہ تعلیم کے دفتر سے 9600 سے زائد کتابیں چوری کرنے والے دو افراد گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 9665 کتابیں برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے محکمہ تعلیم کے دفتر سے 9600 سے زائد کتابیں چوری کرنے والے دو افراد کو حراست میں لے لیا، زیر حراست افراد سے لاکھوں روپے مالیتی 9665 کتابیں برآمد ہوئیں، کتابیں حکومت پنجاب کی جانب سے طلبا و طالبات کے لئے پرنٹ کروائی گئیں تھیں، کتابیں مختلف سکولوں میں پرائمری کے طلبا و طالبات کو مہیا کی جاتی تھیں، چوری کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ملوث ملزمان کی گرفتاری اور کتب کی فوری برآمدگی کا حکم دیا تھا، تھانہ سٹی پولیس نے ٹیکنیکل ذرائع اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملوث افراد کو گرفتار کر کے تمام مسروقہ کتب برآمد کر لیں، ملزمان کے ساتھیوں و سہولتکاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

کے پی میں بارش اور آندھی سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں بارش اور آندھی سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ پی ڈی ایم اے کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق کے پی میں بارش و آندھی کے باعث حادثات میں 3 افراد جاں بحق، 7 زخمی ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ جاں بحق افراد میں ایک مرد، 2 خواتین شامل ہیں، زخمیوں میں 3 مرد، ایک خاتون اور 3 بچے شامل ہیں۔ بارش اور آندھی سے 9 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے، یہ حادثات صوابی، پشاور، شانگلہ، سوات اور ہری پور میں ہوئے ہیں

آل بلوچستان تاجر ایسوسی ایشن کی جانب سے یوم تکبیر پر ریلی میں صدر ملک محمد رضا علیمی و دیگر شریک ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی ایم ایچ ایم ڈے کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

راولپنڈی، پولیس مقابلے میں خطرناک ملزم واحد عرف واحدی ہلاک

قتل، اغواء، منشیات فروشی اور دیگر بیسیوں مقدمات و جرائم میں ریکارڈ یافتہ اور پولیس کو مطلوب تھا

ہلاک ملزم کے دو ساتھی زخمی حالت میں گرفتار، دیگر فرار، کامیاب کارروائی پر سی پی او کی ٹیم کو مبارکباد

راولپنڈی (زاہد احمد خان) تھانہ روات کے علاقہ بنگیال میں خطرناک ملزمان کی پولیس ریڈنگ پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران منشیات فروشی، قتل، اغواء بھتہ خوری میں ملوث انتہائی خطرناک و مطلوب ملزم واحد عرف واحدی ہلاک، ہلاک ملزم کے دو ساتھی زخمی حالت میں گرفتار، دیگر ساتھی فرار، ملزمان کی جانب سے قریب دو گھنٹہ تک پولیس پارٹی پر فائرنگ کی جاتی رہی، ہلاک ملزم واحد عرف واحدی قتل، اغواء، منشیات فروشی اور دیگر بیسیوں مقدمات و جرائم میں ریکارڈ یافتہ اور پولیس کو مطلوب تھا، ہلاک ملزم نے چند ہفتہ قبل خاتون سمیت تین افراد کو اغواء کر کے تازیانہ ویڈیو بھی وائرل کی تھی، کسی کو بھی شہریوں کے لئے خوف کی علامت نہیں بننے دیا جائے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روات کے علاقہ بنگیال میں خطرناک ملزمان کی پولیس ریڈنگ پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران منشیات فروشی، قتل، اغواء و بھتہ خوری میں ملوث انتہائی خطرناک و مطلوب ملزم واحد عرف واحدی ہلاک ہو گیا، ہلاک ملزم کے دو ساتھیوں کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، خطرناک ملزمان کی مسلسل فائرنگ کے باوجود بہادری سے مقابلہ کرنے پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی صدر، اے ایس پی صدر، ایس ایچ او روات، روات پولیس ٹیم اور ایلیٹ فورس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ کسی کو بھی شہریوں کے لئے خوف کی علامت نہیں بننے دیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتے۔

یوم تکبیر پاکستان کی خودداری کی علامت ہے، سید صادق آغا

ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قربانیوں کو فراموش کرنا قومی جرم ہے، سینئر نائب صدر پی ٹی آئی

یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، خود انحصاری اور سچ بولنے کی یاد دلاتا ہے، کارکنوں سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت "سید صادق آغا" نے کہا ہے کہ 28 مئی پاکستان کی تاریخ کا وہ روشن دن ہے جب پوری دنیا نے دیکھا کہ ہم ایک خودمختار اور ایٹمی طاقت بن کر ابھرے۔ یہ دن نہ صرف سائنس اور ٹیکنالوجی کی کامیابی کا دن ہے بلکہ قومی غیرت، اتحاد، اور قربانی کی مثال بھی ہے۔ اپنے سب آفس "انصاف ہاؤس سٹلائیٹ ٹاؤن" میں صوبائی سینئر نائب صدر منتخب ہونے کے موقع پر مبارکباد کیلئے آنے والے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ اس دن کو ممکن بنانے میں سب سے بڑا کردار ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی ٹیم کا تھا جنہوں نے اپنی زندگی، علم، وقت اور سب کچھ مادر وطن کے لیے وقف کر دیا۔ ان کی شب و روز کی محنت، قربانیاں، اور جذبہ حب الوطنی پاکستان کے ہر شہری کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نہ صرف ہمارے محسن ہیں بلکہ وہ پاکستان کی ایٹمی سلامتی کے معمار بھی ہیں۔ افسوس کہ اس عظیم محب وطن کے ساتھ زندگی کے آخری برسوں میں جو رویہ اپنایا گیا، وہ کسی طور قابل قبول یا قابل فخر نہیں۔ یہ ایک قومی سانحہ ہے کہ ہم اپنے ہیروز کو وہ عزت نہیں دے پاتے جس کے وہ مستحق ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا موقف ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ قومی سلامتی، خودمختاری، اور محسن پاکستان کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کو ڈاکٹر عبدالقدیر خان جیسے کرداروں سے روشناس کروانا چاہیے تاکہ وہ بھی خدمت، اخلاص اور حب الوطنی کے راستے پر چلیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے

پاکستان کا ایٹمی طاقت بننا عالم اسلام کیلئے فخر کا باعث ہے، پروفیسر حلیم صادق

28 مئی 1998 کو پاکستان نے دنیا کو بتایا کہ ہم نظریاتی قوم ہیں، جنرل سیکرٹری

ایٹمی پروگرام ہماری خودمختاری، وقار اور قومی غیرت کی علامت ہے، کارکنوں سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان عوام پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے یوم تکبیر کے موقع پر پارٹی کے صوبائی دفتر میں کارکنان ہجوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 28 مئی 1998 کا دن پاکستان کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ دن اس بات کا عملی اظہار ہے کہ پاکستان نہ صرف دفاعی طور پر خود کفیل ہے بلکہ عالمی سطح پر ایک ذمہ دار ایٹمی طاقت کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی دھماکے صرف ایک عسکری کارنامہ نہیں تھے بلکہ پوری قوم کی یکجہتی، قومی قیادت کی جرات اور ہمارے سائنسدانوں کی شب و روز محنت کا مظہر تھے۔ انہوں نے ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی ٹیم کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے بغیر یہ کارنامہ ممکن نہ تھا۔ ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا۔ یوم تکبیر صرف ایک دن نہیں، یہ ہمارے قومی غیرت، خودمختاری اور اسلامی تشخص کا دن ہے۔ پاکستان کا ایٹمی طاقت بننا پوری امت مسلمہ کیلئے فخر کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے بعد پاکستان پر شدید عالمی دباؤ تھا، لیکن اس وقت کی قیادت نے قومی وقار کو مقدم رکھا اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ نوجوان نسل کو اس دن کی اہمیت سے روشناس کرائیں تاکہ نئی نسل ملک و ملت سے وفاداری، قربانی اور خودداری کا سبق سیکھے۔ انہوں نے کہا کہ دشمنان پاکستان آج بھی ہمارے نظریاتی اور جغرافیائی حدود پر حملے کی کوشش کرتے ہیں، مگر ہمارا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ ایٹمی صلاحیت نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی عوام نے ہمیشہ قومی سلامتی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی ہم ہر فورم پر ملکی خودمختاری کا دفاع کریں گے۔

ایل پی جی گیس کی آڑ میں پٹرول و ڈیزل کی سمگلنگ ہو رہی ہے، نور احمد کاکڑ

دو باؤزر ٹینکر سوراب کسٹم چیک پوسٹ پر پکڑے گئے جس میں 15 سے 20 ہزار لیٹر آئل کی سمگلنگ کا انکشاف ہوا

پٹرول و ڈیزل سے بھرے یہ باؤزر سینکڑوں کلومیٹر سفر کرتے ہیں جو شاہراہوں پر خطرناک بم ثابت ہو سکتے ہیں، ٹرانسپورٹر

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر نور احمد کاکڑ و مرکزی عہدہ داران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ اطلاعات موصول ہو رہی ہے کہ ایل پی جی کے باؤزر ٹینکر جس کے ذریعے افغانستان سے ملک کے دیگر صوبوں کے لیے ایل پی جی گیس کی ٹرانسپورٹیشن کرتے ہیں اس کی آڑ میں چند عناصر نے باؤزر ٹینک کے اندر فٹنگ کیا ہوتا ہے اور اس میں ڈیزل اور پٹرول کی بڑے پیمانے پر سمگلنگ کرتے ہوئے سندھ پنجاب پہنچاتے ہیں جس کی مثال گزشتہ دو ہفتوں میں دو باؤزر ٹینکر سوراب کسٹم چیک پوسٹ پر پکڑے گئے ہیں جس میں 15 سے 20 ہزار لیٹر آئل کی سمگلنگ کا انکشاف ہوا ہے یہ ایک انتہائی خطرناک طریقہ ہے سمگلنگ کرنے کا ایل پی جی گیس ٹینکر میں ڈیزل اور پٹرول ساتھ ساتھ یہ ایک گیس ٹینکر نہیں بلکہ ایک بہت بڑا بم بن جاتا ہے اور یہ بم پاکستان کے اندر سینکڑوں کلومیٹر سفر کرتا ہے یہ طریقہ ہے سمگلنگ انسانی جانوں سے کھیلنا ہے بلوچستان ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن باؤزر ٹینکر ٹرک کے اندر ڈیزل اور پٹرول کی سمگلنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس میں ملوث عناصر کو خبردار کرتا ہے کہ وہ ٹرانسپورٹ کے شعبے کی ساکھ کو خراب نہ کرے چند سمگلر ٹرک مالکان کی وجہ سے پوری ٹرانسپورٹ کے شعبے کو مشکلات اور مشکوک رویے کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلوچستان ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن ایک ایماندار اور فرض شناس کسٹم کلیکٹر اور سوراب چیک پوسٹ کے عملے کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ان عناصر کہ بزر ٹرک پکڑ کر بے نقاب کر دیے تاکہ دیگر ایسے ٹرانسپورٹ کی آڑ میں گھناؤنے کام کرنے والوں کو سبق ملے اور وہ اس سے باز رہے۔

وندر، پٹھان کالونی میں چور مین برقی تاریں لے اڑے پانی کی فراہمی بند

پانی جیسی بنیادی سہولت کا چھن جانا کسی سانحے سے کم نہیں، شہریوں کا شدید احتجاج

وندر (یو این اے) وندر، پٹھان کالونی میں نامعلوم چور بورنگ کی مین برقی تاریں لے اڑے۔ علاقے کو پانی کی فراہمی مکمل طور پر بند ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق پٹھان کالونی کو پانی فراہم کرنے والی واحد بورنگ کا بجلی کنکشن چور کاٹ کر لے گئے۔ پمپنگ کا نظام مفلوج ہو گیا۔ درجنوں گھروں کو شدید گرمی میں پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑا۔ علاقہ مکینوں نے پولیس اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ چوروں کو فوری گرفتار کر کے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور علاقے میں پانی کی فراہمی فوری بحال کی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پانی جیسی بنیادی سہولت کا چھن جانا کسی سانحے سے کم نہیں اور انتظامیہ کی خاموشی مجرمانہ غفلت کے مترادف ہے۔

الاؤنسز کے خاتمے کے غیر قانونی نوٹیفکیشن کو واپس لیا جائے، ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) فپواسا بلوچستان چیپٹر و اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، فپواسا کے مرکزی و اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، اے ایس اے کے نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرا ملقانی، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ اور ایگزیکٹو ممبران ارباب رضا کاسی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد اور مسعود مندوخیل، نے اپنے ایک مشترکہ سخت مذمتی بیان میں کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان یونیورسٹیز کے پالیسی ساز اداروں سے منظور شدہ الاؤنسز کی خاتمے کے حوالے سے غیر قانونی نوٹیفکیشن کو اگر فوری طور پر واپس نہیں لیا تو صوبے بھر کی جامعات میں اگلے ہفتے سے احتجاجاً کلاسوں کا بائیکاٹ، ٹرانسپورٹ بند اور مکمل تالابندی کی جائے گی جسکی تمام تر ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد ہوگی۔ بیان میں صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا

زیارت، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ سفر خان کی ہمشیرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، یکجہتی اور ملکی دفاع میں اہم کردار ادا کیا، میر حمزہ زہری

28 مئی 1998 کا دن پاکستانی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے جب ملک نے ایٹمی قوت بن کر اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا

نوجوان نسل علم، ٹیکنالوجی اور حب الوطنی کے جذبے سے لیس ہو کر ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرے، مشیر برائے بلدیات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مشیر برائے بلدیات بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ 28 مئی 1998 کا دن پاکستانی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے جب ملک نے ایٹمی قوت بن کر اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا۔ بدھ کو یوم تکبیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں اس عزم و ہمت کی یاد دلاتا ہے جو پاکستان نے قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے دکھایا "یہ دن ہمیں اس قربانی اور استقلال کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے سائنسدانوں، افواج پاکستان، اور قومی قیادت نے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے دی۔ نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ آج کے دن ہمیں تجدید عہد کرنا ہوگا کہ ہم ملکی استحکام، ترقی اور خودداری کے لیے اسی جذبے سے کام کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ملکی یکجہتی، امن اور دفاع میں اہم کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اسی جذبے کے تحت قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے نوجوان نسل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ علم، ٹیکنالوجی اور حب الوطنی کے جذبے سے لیس ہو کر ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کریں اور پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور خوددار ریاست بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

ٹینڈر نوٹس برائے لوکل پرچیز آف ہاسپٹل ڈائٹس
کوارٹر اینڈنگ ستمبر 2025

1- دفتر ہذا کو ہاسپٹل ڈائٹس (QE Sep 2025) ڈی سنٹرل پروکیورمنٹ کوئٹہ لاگ ایریا کی حدود کے لئے کوٹیشنز مورخہ 16 جون 2025 کو دن 10:00 بجے درکار ہیں جو کہ اسی دن 11:00 بجے بورڈ آف آفیسر کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

شرائط۔

ا۔ کوٹیشن موصول ہونے کی آخری تاریخ 16 جون 2025 (صبح 10:00 بجے تک) ہے۔

ب۔ درج کردہ ریٹس ہندسوں اور الفاظ میں اور بشمول تمام ٹیکس اور ٹرانسپورٹ چارجز کے ہونے چاہئیں۔

پ۔ درج کردہ کوٹیشن کے ساتھ 5% بینکر چیک بطور زرِ ضمانت بصورت سی ڈی آر، بینک ڈرافٹ بنام ہیڈ کوارٹر کوئٹہ لاگ ایریا لگانا ضروری ہے۔

ج۔ درج کردہ ریٹس کی معیاد 16 ستمبر 2025 تک ہونی چاہیے۔

د۔ سیلڈ کوٹیشن کیساتھ تمام اشیاء کے سیمپل (ناقابل واپسی) لانا ضروری ہے۔

2- مزید معلومات کے لئے خواہشمند فرمز مندرجہ ذیل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ
ہیڈ کوارٹر کوئٹہ لاگ ایریا۔ کوئٹہ کینٹ
فون نمبر۔ 081-28821586

نرم مزاجی اور نرم خوئی اللہ اور اس کے رسول کو پسند ہے، ذوالفقار طارق

انسان خطاؤں کا پتلا ہے عقل مند ہو یا بے وقوف عالم ہو یا جاہل لغزش سب سے ہوتی ہے

معاف اور درگزر کرنے والا شخص اللہ کے بارگاہ میں مقبول بندوں میں شمار ہوتا ہے

کوئٹہ (آئی این پی) نرم روش ہی انسان کو اپنے خلق میں نرم خو اور نرم مزاج بناتی ہے یہی نرمی مزاجی اور نرم خوئی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند ہے اہلسنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معاف اور درگزر کرنے والا شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہے اس کو اس دنیا میں بھی اجر ملے گا اور آخرت میں بھی نوازا جائے گا دین کی دوری کی وجہ سے ہمیں میں برداشت ختم ہوتا جا رہا ہے ہمیں خصوصی طور پر پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کی کتابیں پڑھنے چاہیے تاکہ ہمارے اندر صبر آ جائے معمولی معمولی باتوں پر قتل کرنے تک بات جا پہنچتی ہے انہوں نے کہا کہ خلق حلم کی وجہ سے انسان میں صبر برداشت اور تحمل کی کیفیات پیدا ہوتی ہیں اور انسان ایک متحمل شخصیت کا مالک بن کر خود کو اخلاق حسنہ سے آراستہ کرتا ہے اور پھر اللہ کی بارگاہ میں وہ درجہ و مقام وہ عزت و منزلت اور وہ شرف و فضیلت پالیتا ہے جو انسان کو نفلی عبادات کی ادائیگی کی صورت میں بھی نصیب نہیں ہوتا اسلام میں جملہ نفلی عبادات سے بڑھ کر سب سے اعلیٰ مقام اخلاق کا ہے انسان خطاؤں کا پتلا ہے عقل مند ہو یا بے وقوف عالم ہو یا جاہل لغزش سب سے ہوتی ہے غلطی اور گناہ سے کوئی بچ نہیں سکتا کوئی انسان ایسا نہیں ہے جس سے غلطی نہ ہوئی ہو اور نہ کوئی ایسا ہے جس نے صرف نیکیاں ہی کی ہوں نیکی و بدی خیر و شر حق و باطل وفا و بے وفائی اور سچ و جھوٹ غرض سب متضاد چیزیں اللہ تعالیٰ نے انسان کے مادے و خمیر میں رکھ دی ہیں اسی کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے عفو و درگزر اور معافی و برداری کو پیدا فرمایا اور اس کو اپنی صفات حسنہ میں سے ایک صفت بنا دیا ہے ایک اور جگہ پر فرمایا اللہ تعالیٰ پچھلے گناہ معاف فرما دیتا ہے اگر گناہ و خطا نہ ہوتی تو عفو و بردباری بھی نہ ہوتی کسی بھی شخص کی بردباری کا علم غصہ کے وقت اور اس کی سخاوت کا علم حاجت کے وقت ہوتا اگر رنگ ساز کے پاس سفید کپڑا نہ ہو تو کسی کو کیا معلوم ہوگا کہ وہ رنگ ساز ہے

جاپان کو گلابی نمک کی برآمدات 3 ملین ڈالر تک پہنچ گئی، جام کمال خان

پاکستان کی ٹیکسٹائل، چمڑے، سرجیکل اور اسپورٹس مصنوعات دنیا بھر میں مقبول ہیں

گلابی نمک کی عالمی مارکیٹ میں توسیع اور ویلیو ایڈیشن حکومت پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہیں

اوتھل (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اوساکا ایکسپو 2025 میں "یونیورس ان اے گرین آف سالٹ" کے عنوان سے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا، جس میں 43 سے زائد ملکی و غیر ملکی میڈیا اداروں نے شرکت کی۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کا قیمتی قدرتی اثاثہ گلابی نمک خوراک، علاج اور صنعت میں استعمال ہونے والی اعلیٰ ترین قدرتی پراڈکٹ ہے، اور جاپان کو گلابی نمک کی برآمدات 3 ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ جام کمال خان نے مزید بتایا کہ پاکستان کی ٹیکسٹائل، چمڑے، سرجیکل اور اسپورٹس مصنوعات دنیا بھر میں مقبول ہیں جبکہ پاکستانی نوجوان آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دنیا کا روشن مستقبل ہیں۔ انہوں نے جاپان، یو کے، امریکہ، چین، ترکی اور سعودی عرب کے پویلینز کا دورہ بھی کیا اور ایکسپو کے شرکاء کو پاکستان نیشنل ڈے (14 اگست) میں شرکت کی دعوت دی۔ پاکستان پویلین کو ایکسپو کے "کامنز-ڈی" زون میں سب سے زیادہ مقبول پویلینز میں شامل قرار دیا گیا ہے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ گلابی نمک کی عالمی مارکیٹ میں توسیع اور ویلیو ایڈیشن حکومت پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہیں، اور پاکستان پویلین کو پائیداری، ثقافت اور قدرتی وسائل کا حسین امتزاج قرار دیا گیا ہے۔

نیشنل بزنس ایجوکیشن ایکریڈیٹیشن کونسل کے وفد کا دورہ جامعہ بلوچستان

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے ڈاکٹر شوکت بروہ سمیت دیگر کا خیر مقدم کیا

پروفیسر ڈاکٹر کنیز فاطمہ نے پروگرامز، فیکلٹی کی قابلیت، تحقیق اور طلباء کی کارکردگی پر پریزنٹیشن دی

کوئٹہ (خ ن) نیشنل بزنس ایجوکیشن ایکریڈیٹیشن کونسل NBEAC کی پیئر ریویو ٹیم، جس میں ڈاکٹر شوکت بروہ، بانی ریکٹر کراچی اسکول آف بزنس اینڈ لیڈرشپ (KSBL)، پروفیسر آف پریکٹس اور مینجمنٹ کنسلٹنٹ محمد عدیل (امین) قاضی، ڈائریکٹر، فاسٹ سینٹر آف ایگزیکٹو ایجوکیشن بابر درانی، شریک بانی مارکو پولو کریئرز اور سابق چیف کمرشل آفیسر، ڈی ایچ اے کوئٹہ شامل تھے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے ٹیم کا خیر مقدم کیا اور جامعہ کی 2024 کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی، جس میں تعلیمی، تحقیقی اور انتظامی شعبوں میں حاصل کردہ کامیابیوں کو اجاگر کیا گیا۔ جامعہ بلوچستان کے شعبہ انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد شعبہ انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز کے ادارے کی ایکریڈیٹیشن کے عمل کا جائزہ لینا تھا۔ شعبہ انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز کی ڈائریکٹر، پروفیسر ڈاکٹر کنیز فاطمہ نے ادارے کے تعلیمی پروگرامز، فیکلٹی کی قابلیت، تحقیقی منصوبوں اور طلباء کی کامیابیوں پر جامع پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے ادارے کے تعلیمی معیار اور مسلسل بہتری کے عزم کو اجاگر کیا۔ فیکلٹی آف مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سائنسز کی ڈین، پروفیسر ڈاکٹر زینب بی بی نے IMS میں ایک اجلاس کی میزبانی کی، جس میں فیکلٹی کی ترقی، نصاب کی بہتری، اور ادارے کے اسٹریٹجک مقاصد پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فیکلٹی اور انتظامی عملے نے فعال شرکت کی اور ٹیم کے سوالات کے جوابات دیے۔ اس ٹیم کے اس دورے کا مقصد ادارے کی ایکریڈیٹیشن کے عمل کو آگے بڑھانا تھا، جو جامعہ بلوچستان کے بزنس ایجوکیشن میں اعلیٰ معیار کے عزم کا مظہر ہے

بیلہ، پولیس کی کارروائی، 4 کلو ہیروئن برآمد، دو ملزمان گرفتار

[illegible]

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں، قوم کو ایٹمی طاقت ہونے پر فخر ہے، مسلم لیگ (ن)

میاں محمد نواز شریف نے بھارت کے خطے کا تھانیدار بننے کے خواب چکنا چور کر دیا ایٹمی دھماکے کر کے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا

ایٹمی صلاحیت کے حصول سے بھارت جیسے دشمن کے جنگی جنون اور جارحیت پسندانہ عزائم کا مقابلہ کرنا ممکن ہو سکا

یوم تکبیر کے موقع پر تقریب سے چوہدری نعیم کریم، سجاد ریکسانی، عرفان بیگ اور دیگر کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ یوم تکبیر کی اہمیت افواج پاکستان کے حالیہ آپریشن بنیان مرصوص کے تناظر میں بڑھ گئی ہے، سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے بھارت کا خطے کا تھانیدار بننے کا خواب چکنا چور کرتے ہوئے 28 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کر کے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا اسی پالیسی کے نتیجے میں افواج پاکستان نے 10 مئی کو دشمن کی جارحیت کا آپریشن "بنیان المرصوص" کے ذریعے منہ توڑ جواب دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ یہ بات پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم، مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان کے جنرل سیکرٹری سجاد ریکسانی، عرفان بیگ اور دیگر نے بدھ کو مسلم لیگ (ن) اور مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے زیر اہتمام ہوئے سکاؤٹس ہیڈ کوارٹر میں یوم تکبیر کے موقع پر "دفاع بلوچستان، بقائے پاکستان" کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مقررین نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کو ایٹمی طاقت ہونے پر فخر ہے ایٹمی دھماکوں کی بدولت پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر بنا آج کوئی بھی دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ [illegible] وزیراعظم میاں نواز شریف نے عالمی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا تاریخی فیصلہ کیا اور 28 مئی 1998 کو بلوچستان کے سنگلاخ اور بلند و بالا پہاڑوں میں کامیاب ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کو دنیا کی پہلی اسلامی ایٹمی قوت بنایا پوری پاکستانی قوم ایٹمی طاقت بننے پر فخر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی صلاحیت کے حصول سے پاکستان کی جغرافیائی سرحدیں محفوظ ہوئیں اور بھارت جیسے دشمن کے جنگی جنون اور جارحیت پسندانہ عزائم کا مقابلہ کرنا ممکن ہو سکا

سی پی ڈی اور پی پی اے ایف کے زیر اہتمام یوم تکبیر کی تقریب کے شرکاء کو پروگرام منیجر ثناء اللہ شیلڈ دے رہے ہیں

پنجگور، تحصیل پروم میں طوفانی ہواؤں کی تباہ کاریاں، لاکھوں کے نقصانات

پنجگور (یو این اے) پنجگور کی تحصیل پروم میں طوفانی ہواؤں نے زبردست تباہی مچا دی، مختلف علاقوں میں لاکھوں روپے مالیت کی دیواریں گر گئیں، زمینداروں کے قیمتی سولر سسٹم تباہ ہو گئے جبکہ کھجور کی فصل کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ تفصیلات کے مطابق آج شام پروم میں اچانک چلنے والی شدید طوفانی ہواؤں نے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جس کے نتیجے میں درجنوں دیواریں گر گئیں اور زمینداروں کے لاکھوں روپے مالیت کے سولر سسٹم مکمل طور پر ناکارہ ہو گئے۔ زرعی علاقہ ہونے کے باعث کھجور کی تیار فصل بھی شدید متاثر ہوئی ہے۔ مقامی زمینداروں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نقصانات کا فوری ازالہ کیا جائے اور متاثرہ افراد کو مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ وہ دوبارہ اپنے روزگار کا سلسلہ بحال کر سکیں۔

ایٹمی طاقت بننے کا دن ہمیں اتحاد، یکجہتی کا سبق دیتا ہے۔ نعمت اللہ ظہیر

قوم یوم تکبیر کو فخر، شکر اور عزم نو کے جذبے کے ساتھ منائے۔ چیئرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن

کوئٹہ (آئی این پی) خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین، صدارتی تمغہ امتیاز یافتہ، عالمی شہرت یافتہ سماجی شخصیت نعمت اللہ ظہیر نے یوم تکبیر کے موقع پر کوئٹہ میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 28 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، جب ہم نے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان ایک خودمختار اور خوددار قوم ہے جو اپنی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر صرف ایٹمی طاقت بننے کا دن نہیں بلکہ یہ قومی غیرت، تکنیکی مہارت اور بے پناہ قربانیوں کی علامت ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جب پوری قوم نے یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور عالمی دباؤ کو مسترد کرتے ہوئے اپنا دفاع ناقابل تسخیر بنایا۔ نعمت اللہ ظہیر نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں جن سائنسدانوں، افواج، سیاسی قیادت اور عوام نے کردار ادا کیا، پوری قوم ان کی مقروض ہے۔ یہ دن ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم پاکستان کو مزید مضبوط، خوشحال اور پرامن بنائیں گے۔ انہوں نے نوجوان نسل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم سائنس، تعلیم، تحقیق اور خدمت خلق کے میدان میں وہی جذبہ دکھائیں جو ایٹمی پروگرام کے وقت دکھایا گیا تھا۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنے ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے تحفظ کے ساتھ ساتھ غربت، جہالت اور فرقہ واریت کے خلاف بھی "تکبیر" کی صدا بلند کریں۔ انہوں نے پوری قوم کو یوم تکبیر کی مبارکباد دیتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ سلامت رکھے، ترقی دے اور اتحاد کی نعمت سے نوازے۔

حب، نجی فیکٹری کی چھت سے مزدور گر کر جاں بحق

حب (یو این اے) حب کی ایک نجی فیکٹری کی چھت سے مزدور اصغر علی ولد خدا بخش گر کر شدید زخمی ہو گیا، جسے فوری طور پر سول ہسپتال حب منتقل کیا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور متعلقہ حکام نے موقع پر پہنچ کر لاش کو قبضے میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان کی قیادت میں یوم تکبیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہیں

بلوچستان کی خواتین کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر عملدرآمد ہونا چاہیے، فوزیہ شاہین

خواتین کے حقوق کے تحفظ اور ان کے آئینی استحکام کے لیے مشترکہ جدوجہد کو مزید تقویت دینے کی ضرورت ہے

بلوچستان ویمن پروٹیکشن بل کو کابینہ کی منظوری کے لیے ویمن ڈیپارٹمنٹ ارسال کر دیا گیا ہے، اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کمیشن برائے خواتین کی سابق چیئر پرسن فوزیہ شاہین نے کہا ہے کہ خواتین کے حقوق کا تحفظ آئینی فریضہ ہے، بلوچستان کی خواتین کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خواتین کے حقوق کے تحفظ اور ان کی آئینی حیثیت کے استحکام کے لیے مشترکہ جدوجہد کو مزید تقویت دینے کی غرض سے بول انٹو گروپ کے زیر اہتمام اور شرکت گاہ کے تعاون سے ایک روزہ راؤنڈ ٹیبل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس اہم نشست میں بلوچستان ویمن پروٹیکشن بل اور خواتین کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ راؤنڈ ٹیبل میں سول سوسائٹی، سیاسی جماعتوں، سرکاری اداروں اور انسانی حقوق کے علمبرداروں کی وسیع نمائندگی دیکھی گئی۔ شرکاء میں بلوچستان کمیشن برائے خواتین کی سابق چیئر پرسن فوزیہ شاہین، سابق رکن اسمبلی و بی این پی کی مرکزی خواتین سیکرٹری شکیلہ نوید دہوار، ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ڈپٹی سیکرٹری تبسم جاناں، رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل، پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے سابق ایم پی اے نصراللہ زیرے، نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس کی پروفیسر فرخندہ اورنگزیب، سابق محتسب خواتین و وکیل سپریم کورٹ صابرہ اسلام، ریٹائرڈ سیشن جج طاہرہ بلوچ، حما فلودی، سیما بتول، عارفہ صدیق، لالا حسن ریکی، الیاس مینگل، علی حسن، اور دیگر سیاسی و سماجی شخصیات شامل تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فوزیہ شاہین نے کہا کہ بلوچستان ویمن پروٹیکشن بل کو کابینہ کی منظوری کے لیے ویمن ڈیپارٹمنٹ ارسال کر چکا ہے، اور امید ہے

کوئی دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ نہیں اٹھا سکتا، چوہدری نعیم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ پوری قوم کو ایٹمی طاقت ہونے پر فخر ہے ایٹمی دھماکوں کی بدولت پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر بنا آج کوئی بھی دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، بھارت نے گزشتہ دنوں پاکستان کے خلاف جارحیت کی تو پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کوئٹہ رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد و سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے عالمی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا تاریخی فیصلہ کیا اور 28 مئی کو بلوچستان کے سنگلاخ اور بلند و بالا پہاڑوں میں کامیاب ایٹمی دھماکے کئے گئے جس سے اقوام عالم میں پاکستان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوا اور پوری قوم ایٹمی طاقت بننے پر فخر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالم اسلام کا پہلا ایٹمی ملک ہے اسی لئے امت مسلمہ کی واحد ایٹمی طاقت ہونے کی وجہ سے دشمن ممالک کی آنکھوں میں کھٹکتا ہے لیکن پاکستانی افواج کی بہادر سپوتوں کی بدولت کوئی بھی دشمن ملک پاکستان کے خلاف جارحیت کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں بھارت نے پاکستان کے خلاف جارحیت کی تو پاک فوج نے عوام کے ساتھ مل کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بلوچستان کے عوام کے ساتھ ظلم ہے، ایم ڈبلیو ایم

صوبائی حکومتیں بجلی کی تقسیم میں بلوچستان کو مسلسل نظرانداز کر رہی ہیں، علامہ علی حسنین حسینی

کوئٹہ (آن لائن) مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے نائب صدر اور امام جمعہ کوئٹہ علامہ علی حسنین حسینی نے بلوچستان بھر میں جاری شدید غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے بلوچستان کے عوام کے ساتھ کھلا ظلم اور استحصال قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے اکثر علاقوں میں روزانہ 12 سے 18 گھنٹے تک بجلی کی غیر اعلانیہ بندش جاری ہے، جس سے نہ صرف عام شہری شدید اذیت میں مبتلا ہیں بلکہ اسپتال، تعلیمی ادارے، کاروباری مراکز، اور زراعت کا شعبہ بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ یہ صورتحال نا صرف عوام کی برداشت سے باہر ہو چکی ہے بلکہ ان کے بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ علامہ علی حسنین نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں بجلی کی تقسیم میں بلوچستان کو مسلسل نظر انداز کر رہی ہیں۔ صوبے کو اس کے جائز حصے کی بجلی فراہم نہیں کی جا رہی، حالانکہ یہاں کے عوام بھی دیگر صوبوں کی طرح قومی وسائل میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کو بھی وہی سہولیات اور توجہ دی جائے جو باقی ملک کے عوام کو حاصل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب گرمی کی شدت عروج پر ہو، جب مریضوں کو آکسیجن اور مشینوں کی ضرورت ہو، جب طلبا امتحانات کی تیاری کر رہے ہوں، اور جب روزگار بجلی سے جڑا ہو، تو ایسی صورت حال میں بجلی کی بندش نہ صرف انتظامی نااہلی بلکہ ظلم عظیم ہے۔ عوام میں شدید بے چینی، اضطراب اور غصہ پایا جاتا ہے، اور اگر یہ صورتحال جاری رہی تو مجلس وحدت مسلمین عوامی احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے پر مجبور ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مجلس وحدت مسلمین عوام کے ساتھ کھڑی ہے

قلات، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمیل بلوچ یوم تکبیر کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

یوم تکبیر ہمارے قومی عزم، اتحاد اور جرات کی علامت ہے، فرح عظیم شاہ

محب وطن قائدین کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ایٹمی پروگرام کو کامیابی تک پہنچایا

ایمان پاکستان تحریک امن، ترقی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرپرسن ایمان پاکستان تحریک اور رکن صوبائی اسمبلی میڈم فرح عظیم شاہ نے 28 مئی یوم تکبیر کے موقع پر اپنے جاری کردہ خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ درخشاں دن ہے جب مملکت خداداد پاکستان نے اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا کر دنیا پر یہ ثابت کر دیا کہ ہم ایک خوددار، خودمختار اور باوقار قوم ہیں۔ یہ دن ہمارے قومی عزم، اتحاد اور جرات کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی 1998 کو پاکستان نے ایٹمی دھماکے کر کے وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا اور دشمنان پاکستان کو واضح پیغام دیا کہ ہم اپنی آزادی، خودمختاری اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ یہ دن ہمیں اس عہد کی یاد دلاتا ہے کہ ہم بحیثیت قوم متحد ہو کر ہر مشکل گھڑی میں دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ میڈم فرح عظیم شاہ نے مزید کہا کہ ایمان پاکستان تحریک ملک میں امن، ترقی، خودداری اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ہم شہدا اور ان محب وطن قائدین کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ایٹمی پروگرام کو کامیابی تک پہنچانے کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیں۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے وطن عزیز پاکستان کو تا قیامت سلامت رکھے، اسے ترقی، خوشحالی اور امن کا گہوارہ بنائے اور ہمیں اتحاد، ایمان اور قربانی کی اس لازوال روح کو زندہ رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 29 مئی 2025ء

ترقی و خوشحالی کی منازل: درست سمت میں آگے بڑھنے کا سفر جاری

بدھ کے روز پورے ملک بھر میں یوم تکبیر جوش و خروش سے منایا گیا، یہ دن پاکستان کی تاریخ میں اپنی خاص اہمیت اور مقام رکھتا ہے اور یہ صرف ایک جوہری طاقت بننے کا جشن نہیں، بلکہ یہ پاکستان کی خودمختاری اور عالمی سطح پر اپنی پوزیشن کو مستحکم کرنے کی کوششوں کی بھی علامت ہے پہلگام واقعہ کے بعد بھارتی جارحیت اور در اندازی کے خلاف معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص کی مثالی اور تاریخی کامیابی نے امسال یوم تکبیر کی خوشیوں کو ایک نئی جلا بخشی اور اس دن کو زیادہ بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس بار یہ دن ایک ایسے وقت میں منایا گیا جب وزیراعظم شہباز شریف بیرونی دوروں پر ہیں، جو پاکستان کی بڑھتی ہوئی عالمی مصروفیات اور سفارتی سرگرمیوں کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بدھ کے روز آذربائیجان میں پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان پر مشتمل سہ فریقی اجلاس سے خطاب کیا اس سے قبل وزیراعظم نے ایران جا کر ایرانی سپریم لیڈر خامنہ ای اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان سے ملاقاتیں کیں قبل ازیں وزیراعظم نے ترکی کے صدر رجب طیب اردوان اور ترک قیادت سے ملاقاتیں کیں، چار ملکی دورے کے اگلے مرحلے میں وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان سے تاجکستان بھی جائیں گے، جہاں وہ گلیشیرز کانفرنس میں شرکت کرنے کے علاوہ تاجکستان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ الغرض اس وقت پاکستان نہ صرف اندرونی طور پر ایک نئی کروٹ لے کر بیدار ہو رہا ہے ترقی و خوشحالی کے منازل طے کر رہا ہے بلکہ دوست ممالک کے ساتھ اس کے تجارتی ثقافتی اور باہمی تعلقات میں بھی ایک خوشگوار تبدیلی آ رہی ہے جو پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید ہے گزشتہ چند برسوں میں، اور خاص طور پر موجودہ حکومت کے دور میں، پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی سفارتی موجودگی کو نمایاں طور پر بڑھایا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے بیرونی دورے، جو یوم تکبیر کے موقع پر بھی جاری ہیں، اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ یہ دورے نہ صرف تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے کے لئے ہوتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے بیانیے کو بھی پیش کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں پاکستان نے اپنی اقتصادی سفارت کاری کو ترجیح دی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) اس کی ایک اہم مثال ہے، جس نے نہ صرف پاکستان میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا ہے بلکہ علاقائی رابطے اور تجارت کے نئے مواقع بھی پیدا کئے ہیں۔ اس کے علاوہ، پاکستان مختلف ممالک سے سرمایہ کاری راغب کرنے اور اپنے برآمدات کو بڑھانے کے لئے فعال طور پر کام کر رہا ہے۔ حال ہی میں، کئی یورپی اور مشرق وسطیٰ کے ممالک کے ساتھ تجارتی معاہدوں اور سرمایہ کاری کے امکانات پر بات چیت ہوئی ہے۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور عالمی برادری میں اس کی کوششوں کو سراہا گیا ہے۔ پاکستان نے دہشت گردی کے بنیادی اسباب کو ختم کرنے اور شدت پسندی کا مقابلہ کرنے کے لئے جامع حکمت عملی اپنائی ہے۔ عالمی سطح پر، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور دیا ہے اور اس سلسلے میں مختلف عالمی فورمز پر اپنا موقف مؤثر طریقے سے پیش کیا ہے۔ پاکستان نے اپنی سفارتی تعلقات کو روایتی اتحادیوں سے ہٹ کر دیگر ممالک تک بھی وسعت دی ہے وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے پر زور دیا جا رہا ہے۔ یہ نہ صرف تجارتی مواقع بڑھانے کے لئے ہے بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے اثر و رسوخ کو بڑھانے کے لئے بھی ہے۔ پاکستان نے عالمی فورمز پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے اور کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کے لئے اپنی سفارتی کوششوں کو جاری رکھا ہے۔ اقوام متحدہ، او آئی سی اور دیگر عالمی فورمز پر اس مسئلے کو مؤثر طریقے سے اٹھایا گیا ہے تاکہ عالمی برادری کی توجہ اس مسئلے پر مبذول کرائی جا سکے اس وقت پاکستان ایک نئی کروٹ لے کر بیدار ہو رہا ہے بلکہ ترقی و خوشحالی کے منازل طے کر رہا ہے۔ یہ تبدیلی صرف اقتصادی میدان تک محدود نہیں بلکہ سماجی، سیاسی اور ثقافتی سطح پر بھی نظر آ رہی ہے۔ مشکل اقتصادی حالات کے باوجود، پاکستان اپنی معیشت کو مستحکم کرنے اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ حکومت نے ٹیکس اصلاحات، توانائی کے بحران پر قابو پانے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے اقدامات کئے ہیں۔ ڈیجیٹل پاکستان کا وژن ملک میں ٹیکنالوجی کے شعبے کو فروغ دے رہا ہے اور نوجوانوں کے لئے نئے مواقع پیدا کر رہا ہے۔ تعلیم صحت اور غربت کے خاتمے کے لئے حکومتی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ نوجوانوں کو ہنرمندی کے پروگراموں کے ذریعے بااختیار بنایا جا رہا ہے تاکہ وہ ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ خواتین کو معیشت اور سیاست میں زیادہ فعال کردار ادا کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ اندرونی چیلنجوں کے باوجود، پاکستانی قوم نے ہمیشہ غیر معمولی لچک اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ یوم تکبیر جیسے مواقع قوم کو متحد کرتے ہیں اور انہیں مستقبل کے لئے ایک مشترکہ وژن فراہم کرتے ہیں۔ پاکستان کے دوست ممالک کے ساتھ تجارتی، ثقافتی اور باہمی تعلقات میں ایک خوشگوار تبدیلی آ رہی ہے۔ چین، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر مشرق وسطیٰ کے ممالک کے ساتھ تعلقات مزید گہرے ہو رہے ہیں، جس سے نہ صرف سرمایہ کاری کے مواقع بڑھ رہے ہیں بلکہ ثقافتی تبادلے بھی فروغ پا رہے ہیں۔ ترکی، ایران اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ بھی علاقائی تعاون کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ یہ تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، جو پاکستان کو عالمی سطح پر مزید مضبوط پوزیشن فراہم کر رہے ہیں پاکستان آنے والے برسوں میں عالمی سطح پر ایک توانا قوت کے طور پر کھڑا نظر آئے گا تاہم اس مقصد کے حصول کے لئے پوری قوم کو متحد و متفق اور یکجہت رہنے کی ضرورت ہے قومی ایام صرف مخصوص ایام کے جشن نہیں بلکہ اتحاد و اتفاق کا درس دیتے ہیں امسال یوم تکبیر پاکستان کے لئے اچھی خبروں کے ساتھ آیا ہے انشاءاللہ آنے والے ماہ و سال مزید اچھی خبریں لے کر آئیں گے اس وقت پاکستان اندرونی طور پر مضبوط، معاشی طور پر مستحکم اور عالمی سطح پر ایک بااثر کھلاڑی کے طور پر ابھر رہا ہے۔ پاکستان کی سفارتی کامیابیاں، اقتصادی ترقی کے لئے کوششیں اور دوست ممالک کے ساتھ بڑھتے ہوئے تعلقات اس بات کا ثبوت ہیں کہ ملک صحیح سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔ جس طرح پاکستان نے اپنے دفاعی چیلنجز پر قابو پایا اسی طرح وہ اقتصادی اور سماجی ترقی کے چیلنجز پر بھی قابو پانے میں کامیاب ہوگا اور انشاء اللہ ترقی خوشحالی و استحکام کی منزل زیادہ دور نہیں۔

آپریشن بنیان مرصوص کی روشنی میں قومی سلامتی کے کلیدی ستون

آپریشن بنیان مرصوص ایک بہت بڑی کامیابی تھی جس میں ہماری فوج نے تمام اہداف حاصل کیے اور دشمن کو فیصلہ کن شکست دی۔ اس آپریشن نے مخالفین کو یہ واضح پیغام بھی دیا کہ ہم اپنے قومی دفاع سے سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ دنیا نے اس آپریشن کے دوران اپنے دشمنوں پر قابو پانے میں پاکستان کی قابل ذکر کامیابی کو تسلیم کیا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ہماری قومی سلامتی کے کلیدی ستونوں پر زور دیا جائے جن کو اس کامیاب آپریشن نے اجاگر کیا۔ ہماری کامیابی کا پہلا اور سب سے اہم ستون قوم کا اتحاد اور حب الوطنی کا جذبہ تھا۔ ...

برصغیر کے دریا: چین بھی کھیل کا حصہ ہے

...

گولی میں دم ہوتا تو مودی الفاظ کے نشتر نہ چلاتے

...

عزم و قربانی سے لبریز یوم تکبیر (3)

...

یوں نہ ہوتا تو کیا ہوتا

...

ورنہ میری گولی تو ہے ہی

...

20 ماہ بعد اسرائیل کی غزہ جنگ دنیا کو دوراہے پر لے آئی!

غزہ میں اسرائیل کی طویل ترین جنگ نے امریکہ و یورپ سمیت پوری دنیا کو ایک دوراہے پر لا کھڑا کیا ہے۔ جنگوں کی ماضی کی تاریخ بھی نئے امکانات، راستوں اور مختلف طور طریقوں کا موجب بنتی رہی ہیں۔ لیکن غزہ کی جنگ دنیا میں کئی حوالوں سے اہمیت کے حامل مشرق وسطیٰ میں لڑی جانے کے باعث مزید دوررس ثابت ہونے کی علامات ظاہر ہو رہی ہیں۔ ممکن ہے یہ علامات عارضی ثابت ہوں۔ جیسا کہ بہت سے مبصرین یا دانشوروں کی رائے ہو سکتی ہے، لیکن اس امکان کو بھی مکمل نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ یہ ظاہری یا مجبوری سے سامنے آنے والی ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔ادور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقاً غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔ مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440169184367 بنام محمد جمیل ولد عبدالعلیم سٹلائٹ ٹاؤن تھانے کی حدود میں گم ہو گیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03337969480 پر مطلع کریں
جعفر Staff..............

سول، عسکری افسران، قبائلی عمائدین، ہندو پنچایت، خواتین، تاجر، سول سوسائٹی کے نمائندوں کی شرکت، یوم تکبیر ہمارے لیے فخر کا دن ہے، چاغی کے ہر فرد کی زبان پر ایک ہی نعرہ تھا نعرہ تکبیر، اللہ اکبر

ضلع چاغی کے ہیڈ کوارٹر دالبندین میں یوم تکبیر کی مناسبت سے سیمینار، ریلی

27 سال قبل ضلع چاغی کے علاقے راسکوہ کے پہاڑوں میں دشمن بھارت کو جواب دیتے ہوئے پانچ کے بدلے چھ ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کو ناقابل تسخیر دفاعی قوت بنایا گیا، بریگیڈیئر سجاد، عطا المنعم بلوچ

بعض حلقوں کی جانب سے یہ افواہ پھیلائی جاتی ہے کہ ایٹمی دھماکوں کے باعث چاغی کے قریبی علاقوں کا پانی آلودہ ہو چکا ہے وہاں مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں، جو سراسر غلط اور بے بنیاد پروپیگنڈا ہے، مقررین

اگر تابکاری کے منفی اثرات موجود ہوتے تو ان علاقوں میں لوگ نقل مکانی کر چکے ہوتے، وہاں فصلیں نہ اگتیں، چاغی دنیا بھر میں پاکستان کی پہچان بن چکا ہے، یہاں کے عوام کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا

نجی میر امان اللہ نوتیزئی، عرض محمد بڑیچ کی قیادت میں ریلی نکالی گئی، بڑی تعداد میں شہریوں کی شرکت، شرکاء نے پرجوش نعرے بازی کے ذریعے یوم تکبیر سے اپنی محبت اور افواج پاکستان سے وابستگی کا اظہار کیا

دالبندین (نامہ نگار + نمائندہ خصوصی) چاغی یوم تکبیر کے موقع پر ڈی سی کمپلیکس میں سیمینار کا انعقاد ملک بھر کی طرح ضلع چاغی کے ہیڈ کوارٹر دالبندین میں بھی یوم تکبیر کی مناسبت سے ایک پروقار سیمینار کا انعقاد ڈی سی کمپلیکس میں کیا گیا۔ اس سیمینار میں ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، عسکری قیادت، ہندو پنچایت، خواتین، تاجر برادری، اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے بریگیڈیئر سجاد علی، ڈپٹی کمشنر چاغی عطا المنعم بلوچ، چیف کوآرڈینیٹر نیشنل پیس کونسل بلوچستان میر شبیر بلوچ، ممتاز قبائلی رہنما سردار نجیب جان سنجرانی اور دیگر مقررین نے کہا کہ یوم تکبیر ہمارے لیے فخر کا دن ہے۔ آج سے 27 سال قبل ضلع چاغی کے علاقے راسکوہ کے پہاڑوں میں دشمن بھارت کو جواب دیتے ہوئے پانچ کے بدلے چھ ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کو ناقابل تسخیر دفاعی قوت بنایا گیا۔ اس دن ضلع چاغی کے ہر فرد کی زبان پر ایک ہی نعرہ تھا: "نعرہ تکبیر، اللہ اکبر"۔ مقررین نے مزید کہا کہ بعض حلقوں کی جانب سے یہ افواہ پھیلائی جاتی ہے کہ ایٹمی دھماکوں کے باعث چاغی کے قریبی علاقوں کا پانی آلودہ ہو چکا ہے اور وہاں مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں، جو کہ سراسر غلط اور بے بنیاد پروپیگنڈا ہے۔ چھتر اور اس کے مضافاتی علاقوں کے پانی کو اسلام آباد کی لیبارٹریز میں ٹیسٹ کیا گیا ہے جہاں سے رپورٹ ملی کہ پانی مکمل طور پر صاف اور محفوظ ہے، بلکہ آج چاغی کے سب سے بہترین آبی ذخائر انہی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ اگر تابکاری کے منفی اثرات موجود ہوتے تو ان علاقوں میں لوگ نقل مکانی کر چکے ہوتے اور وہاں فصلیں نہ اگتیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان علاقوں کی زمینیں سب سے زیادہ زرخیز اور سرسبز ہیں انہوں نے مزید کہا کہ چاغی ایک ایسا نام ہے جو ایٹمی حوالے سے دنیا بھر میں پاکستان کی پہچان بن چکا ہے، اور چاغی کے عوام کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ مقررین نے بھارتی ریاست راجستھان کے علاقے پوکھران کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہاں ایٹمی دھماکوں کے بعد ہر تیسرا بچہ معذور پیدا ہو رہا ہے، جب کہ پاکستان میں ایسی کوئی صورت حال نہیں۔ تقریب کے اختتام پر یوم تکبیر کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے مہمان خصوصی بریگیڈیئر سجاد علی، ڈپٹی کمشنر عطا المنعم بلوچ، سردار نجیب سنجرانی اور دیگر شرکاء نے 27 ویں یوم تکبیر کا کیک بھی کاٹا۔ دریں اثناء چاغی یوم تکبیر کے موقع پر تاریخی ریلی، عوام کا افواج پاکستان کے حق میں نعرے، یوم تکبیر کے موقع پر سابق صوبائی وزیر نجی میر امان اللہ خان نوتیزئی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) رخشان ڈویژن کے صدر حاجی عرض محمد بڑیچ کی قیادت میں ایک شاندار اور تاریخی ریلی نکالی گئی۔

جنگل پیرعلیزئی، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان یوم تکبیر کے موقع نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں ڈی پی او قلعہ عبداللہ شاہد جمیل کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ افتخار ظہیر و دیگر شریک ہیں

ضلع قلعہ عبداللہ میں یوم تکبیر جوش و جذبے سے منایا گیا

یوم تکبیر پر ڈی سی محمد ریاض کی قیادت میں تقریب اور ریلی کا اہتمام

شرکاء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے

میزئی اڈہ (نامہ نگار) ضلع قلعہ عبداللہ: ملک بھر کی طرح یوم تکبیر ضلع قلعہ عبداللہ میں بھی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈی سی کمپلیکس جنگل پیرعلیزئی میں ایک پروقار ریلی اور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی نگرانی ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے کیا۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شاہد جمیل کاکڑ، مختلف محکموں کے سربراہان یوسف زرکون ضلع ایجوکیشن افیسر، سول سوسائٹی کے نمائندے بختیار احمد پیرعلیزئی محب وطن محمد ظریف خان کاکڑ سمیت دیگر افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے دوران شرکاء نے "پاکستان زندہ باد"، "پاک فوج قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں"، "آرمی چیف زندہ باد"، "یوم تکبیر زندہ باد"، "پاکستان اسلامی ایٹمی قوت" کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر ضلع کے مختلف مدارس میں قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا اور ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

پشین، ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ترقی فاؤنڈیشن کے تعاون سے یوم تکبیر کے موقع پر اے ڈی سی نجم الدین کبزئی کلیم اللہ کاکڑ ملک محب اللہ کاکڑ سید معراج الدین و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پشین میں 28 مئی یوم تکبیر کے سلسلے میں مشترکہ تقریب اور ریلی کا انعقاد

یوم تکبیر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ قومی اتحاد سے ہم کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کر سکتے ہیں، نجم کبزئی

ہم اپنے سائنسدانوں، انجینئرز اور متعلقہ افراد کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر زاہد خان کی ہدایت کی روشنی میں ملک بھر کی طرح ضلع پشین میں بھی 28 مئی (یوم تکبیر) کے سلسلے میں مشترکہ تقریب اور ریلی سمیت مختلف تعلیمی اداروں میں تقاریر و تقاریب کا انعقاد کیا گیا، ضلعی انتظامیہ اور ترقی فاؤنڈیشن کے اشتراک سے نکالی گئی ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) انجینئر نجم کبزئی نے کی، جبکہ ریلی میں لائن ڈیپارٹمنٹ کے آفیسران، غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں، اساتذہ کرام، سیاسی و قبائلی عمائدین، انجمن تاجران، سول سوسائٹی اور شہریوں سمیت دیگر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھائے ہوئے وطن عزیز کے سائنسدانوں، انجینئر حضرات اور تمام متعلقہ افراد کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس مقصد کے حصول کے لیے محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے حق میں فلک شگاف نعرے بازی کی، ریلی سے قبل ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انجینئر نجم کبزئی نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تعلیمی قابلیت، مضبوط ارادہ، قومی اتحاد اور علمی محنت سے ہم کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کر سکتے ہیں، اس دن ہم اپنے سائنسدانوں، انجینئرز اور تمام متعلقہ افراد کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اس مقصد کے حصول میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا، خاص طور پر محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی ٹیم کو جن کی بدولت آج پاکستان ایک ایٹمی ملک بن چکا ہے

28 مئی نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنایا، محمد صادق عمرانی

پیپلز پارٹی نے ایٹمی پروگرام میں اہم کردار ادا کیا، بلال عمرانی

یوم تکبیر کا دن ہمیں متحد رہ کر چیلنجز کا سامنا کرنے کی ترغیب دیتا ہے، پیغام

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر اریگیشن پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینٹرل کمیٹی کے ممبر میر محمد صادق عمرانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر و میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے کونسلر میر محمد بلال عمرانی نے اپنے علیحدہ علیحدہ پیغام میں کہا ہے کہ 28 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک ناقابل فراموش اور تاریخی دن ہے، جب ہمارے عظیم سائنسدانوں اور قومی قیادت کی محنت سے پاکستان دنیا کی پہلی اسلامی ایٹمی طاقت بن گیا۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی کا دن ہمیں اس وقت کی قیادت کی بصیرت، قومی یکجہتی اور خود انحصاری کی عملی مثال یاد دلاتا ہے۔ پاکستان نے ایٹمی دھماکے کر کے نہ صرف اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، بلکہ پوری دنیا کو یہ پیغام دیا کہ ہم اپنی خود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی اور میر بلال عمرانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ایٹمی پروگرام کو تقویت ملی اور ان کے ویژن کے نتیجے میں ہی پاکستان ایک طاقتور ملک بن کر ابھرا۔ انہوں نے مزید کہا کہ 28 مئی کا دن ہمیں اس بات کا عہد کرنے کا موقع دیتا ہے کہ ہم ملک کی سالمیت، خود مختاری اور ترقی کے لیے متحد رہیں گے اور ہر قسم کے چیلنجز کا بہادری سے سامنا کریں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ ملکی سلامتی اور عوامی فلاح کے لیے پرعزم رہی ہے اور رہے گی

کھیرتھر کینال سے پانی کی ترسیل کا آغاز ہوگیا ہے

اوستہ محمد کو بھی خانپور چینل کے ذریعے جلد پانی کی سپلائی ملے گی

ابتدائی مرحلے میں اہم چینلز فعال، باقی چینلز مرحلہ وار بحال ہوں گے، محکمہ اریگیشن

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) محکمہ اریگیشن کے سپرنٹنڈنٹ انجینئر اریگیشن سرکل نصیرآباد غلام سرور منگلوئی کے آفس سے جاری شدہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کھیرتھر کینال میں پانی کی ترسیل کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے اور پانی خانپور تک پہنچ چکا ہے۔ خانپور چینل کے ذریعے جلد اوستہ محمد شہر کو بھی پانی کی سپلائی فراہم کر دی جائے گی جس سے مقامی لوگوں کو درپیش پینے کے پانی کی قلت کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ابتدائی مرحلے میں کھیرتھر کینال کے اہم چینلز کو فعال کر دیا گیا ہے، جبکہ اگلے مرحلے میں باقی تمام چینلز کو بھی کے بعد دیگرے فعال کیا جائے گا تاکہ نہری نظام کو مکمل طور پر بحال ہو سکے اور علاقے کے لوگوں کو بروقت پانی فراہم کیا جاسکے۔ محکمہ اریگیشن کا انجینئرنگ اسٹاف اور دیگر متعلقہ عملہ پوری طرح الرٹ اور متحرک ہے۔ تمام فیلڈ اسٹاف کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں تاکہ نہری نظام کی مانیٹرنگ، اور کسی بھی ممکنہ تکنیکی خرابی سے فوری طور پر نمٹا جاسکے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ موجودہ موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے گھریلو اور زرعی ذخائر، خصوصاً تالاب، کو بھرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیں تاکہ پینے کے پانی کی قلت سے بچا جا سکے۔ یاد رہے کیرتھر کینال کی سالانہ بندش کے باعث اوستہ محمد سمیت دیگر علاقوں میں شہریوں کو پینے کے پانی کی قلت ہوئی تھی محکمہ اریگیشن نے یقین دہانی کروائی ہے کہ پانی کی ترسیل کا یہ عمل مرحلہ وار مکمل کیا جائے گا اور شفاف انداز میں پانی کی تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا

اوتھل انتظامیہ کی جانب ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ کی قیادت میں ریلی

سرکاری آفیسران، سیاسی و سماجی شخصیات، طلباء، شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

مقصد پاکستان کے ایٹمی تجربات کی یاد کو تازہ اور تاریخی دن کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا

اوتھل (خ ن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال کے حلقہ انتخاب میں یوم تکبیر کے موقع پر اوتھل انتظامیہ کی جانب سے ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ نے کی۔ ریلی میں سرکاری آفیسران، سیاسی و سماجی شخصیات، طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کا مقصد 28 مئی 1998 کو پاکستان کے ایٹمی تجربات کی یاد کو تازہ کرنا اور قومی دفاع میں اس تاریخی دن کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ شرکاء نے قومی پرچم اٹھائے، حب الوطنی کے نعرے لگائے، اور ملک کی سلامتی و ترقی کے لیے دعا کی۔ ڈپٹی کمشنر حمیرہ بلوچ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم تکبیر ہماری قومی خود مختاری اور دفاعی صلاحیت کی علامت ہے۔ انہوں نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ اس دن کی اہمیت کو سمجھیں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ ریلی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ، DHO لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اوتھل حاجی محمد خان دودا، ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ لسبیلہ عبدالسلام عمرانی، ایم ایس سول اسپتال اوتھل ڈاکٹر عمران، سابق جنرل کونسلر پرکاش کمار لاسی، وائس چیئرمین اوتھل وسیم احمد لاسی، DDO اوتھل اطہر قریشی، پیر غلام نبی شاہ جیلانی، DSP عنایت اللہ مگسی، تحصیلدار اوتھل عبدالغفور موندرہ، نائب تحصیلدار عطاء اللہ جاموٹ، جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی اوتھل نصیر احمد لنگاہ، گرینڈ الائنس کے عبدالواحد سومرو، مولا بخش لاسی، پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر عبدالغفور رونجھو، کاروباری شخصیت غلام حیدر شیخ، شفیع محمد دودا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، اریگیشن کے ایس ڈی او ملک اشرف سمیت و دیگر کثیر تعداد میں موجود تھے۔

صحبت پور، ڈی سی فریدہ ترین یوم تکبیر کے موقع پر پرچم کشائی کر رہی ہیں

اوتھل، ڈی سی حمیرا بلوچ کی قیادت میں یوم تکبیر کے موقع پر ریلی نکالی جا رہی ہے

اوستہ محمد، ڈی سی عبدالرزاق نچاچ یوم تکبیر کے موقع پر نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان یوم تکبیر کے موقع پر پرچم کشائی کر رہے ہیں

یوم تکبیر کی مناسبت سے ریلی، ضلعی آفیسران، مختلف مکاتب فکر کے افراد کی شرکت

پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈز کے تعاون سے تقریب، مختلف سکول کے بچوں نے تقاریر، ملی نغمے پیش کر کے وطن سے محبت کا اظہار کیا

دشمنان پاکستان کو یہ پیغام دیا اب کوئی بھی پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، پاکستان ناقابل تسخیر ملک بن چکا ہے، مقررین

ڈیرہ مراد جمالی + نصیرآباد (خ ن + نامہ نگاران) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کے احکامات کی روشنی میں یوم تکبیر کی مناسبت سے ڈی سی آفس سے ریلی نکالی گئی ریلی میں ایس ایس پی نصیرآباد غلام سرور بھیو، اسسٹنٹ کمشنر چھتر بہادر خان کھوسہ اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی سلیم کاکڑ سمیت دیگر ضلعی افیسران علماء کرام سول سوسائٹی شہری ایکشن کمیٹی آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن سیما تنظیم کے نمائندگان سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور دیگر افراد موجود تھے ریلی ڈی سی آفس نصیرآباد سے نکالی گئی جو کہ پریس کلب اللہ ہو چوک سے ہو کر ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی بعد ازاں اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کے احکامات پر پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈز کے تعاون سے یوم تکبیر کی مناسبت سے عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مختلف سکول کے بچوں نے یوم تکبیر کی مناسبت سے تقاریر ملی نغمے پیش کر کے وطن سے محبت کا اظہار کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد حیات جمالی پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو نواب الدین ڈوگی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی ایس ایس پی غلام سرور بھیو، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ علی احمد مانجھی امداد حسین مری علامہ عبدالحکیم انقلابی سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا ضلع نصیرآباد میں یوم تکبیر کے موقع پر عوام کی جانب سے بھرپور انداز میں شرکت ملک سے محبت کا واضح ثبوت ہے 28 مئی یوم تکبیر پاکستان کے لیے سنہری حروف میں لکھا جائے گا پاکستان نے پوری دنیا کے سامنے ایٹمی صلاحیت کا مظاہرہ کر کے دشمنان پاکستان کو یہ پیغام دیا کہ اب کوئی بھی پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا پاکستان ناقابل تسخیر ملک بن چکا ہے پاکستان نے 28 مئی کو ایٹمی پاور ہونے کا ثبوت دیا اور اپنے دشمن کے ناپاک عزائم مٹی میں ملا دیے

28 مئی یوم تکبیر کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب، ریلی کا انعقاد

ڈی سی نے پرچم کشائی کی، پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی

صحبت پور (نمائندہ مشرق + خ ن) 28 مئی یوم تکبیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر میڈم فریدہ ترین نے پرچم کشائی کی، تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ، ایس ایس پی فلائیٹ لیفٹیننٹ ذیشان علی بروہی، ناظم صحت ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ، ڈی ای او پنھل خان کھوسہ، ایکسین روڈز جہانگیر علی کھوسہ، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس محمد اکرم رند، بابو اشوک کمار، تحصیلداران حزب اللہ کھوسہ، محمد خان مینگل، سلطان احمد کھوسہ، نائب تحصیلدار حبیب اللہ محمد حسنی پٹواریان عطاء اللہ لانگو، بابو عبدالصمد کھوسہ، ای کسین پی ایچ ای کے ایکسین ایس ڈی او ضمیر حسین بروہی، بجو پیر احمد جروار، محکمہ اریگیشن کے ایس ڈی او عابد علی کھوسہ، محکمہ بلڈنگ، پی پی ایچ آئی، سپیشل برانچ، سوشل ویلفیئر کے آفیسران، پرچم کشائی کی تقریب میں پولیس کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی

28 مئی کو پانچ ایٹمی دھماکے کر کے ملک کے دفاع کو مضبوط کیا، عبداللہ کھوسہ

تاریخی دن جب پاکستان نے ہمسایہ دشمن ملک کا غرور خاک میں ملا دیا، میجر رمیز

بارکھان (خ ن) یوم تکبیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ کے علاوہ میجر رمیز ایف سی ونگ 101، اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر، ایکسین پبلک ہیلتھ، ڈسٹرکٹ سپورٹس افیسر، ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر افیسر، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر۔ کے علاوہ ضلعی افسران، اساتذہ کرام، طلبہ اور قبائلی عمائدین بڑی تعداد میں شریک ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر نے پرچم کشائی کی اس موقع پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ پرچم کشائی کے بعد ڈی سی آفس سے ریلی نکالی گئی۔ ریلی پاکستان چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں شرکاء نے بینرز اٹھا رکھے تھے جس پر یوم تکبیر کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ ریلی میں شرکاء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی کے اختتام پر ڈی ای او تعلیم نوید لطیف، میجر ایف سی رمیز اور ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ نے خطاب کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسو نے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اللہ تعالیٰ کا ہم شکر ادا کرتے ہیں کہ ہمارا ملک ایک ایٹمی طاقت ہے۔ 28 مئی 1998 کو چاغی کے مقام پر پانچ ایٹمی دھماکے کر کے ملک کے دفاع کو مضبوط کیا۔ ہماری افواج کا شمار دنیا کی بہترین فوجوں میں ہوتا ہے۔ جن کی بدولت آج ہم سکون کی نیند سوتے ہیں۔ جو ملک کے دفاع کیلئے دن رات لگے ہوئے ہیں۔

دالبندین، یوم تکبیر کے موقع پر سیمینار میں بریگیڈیئر سجاد علی و دیگر شریک ہیں

یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ میں قومی خود مختاری کی روشن علامت ہے، کرنل فاروق

28 مئی 1998 اس عزم کی تجدید کا دن ہے جب وطن عزیز نے دشمنان وطن کو پیغام دیا کہ پاکستان ناقابل تسخیر اور ایٹمی قوت ہے

افواج پاکستان مادر وطن کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے تیار ہے اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، عظیم جان دومڑ

کوہلو (نمائندہ مشرق) 28 مئی یوم تکبیر کے تاریخی اور قومی دن کے موقع پر ایف سی (نارتھ) میوند بریگیڈ کے زیر اہتمام ایک شاندار اور پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں عسکری و سول افسران، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کے بعد قومی ترانہ بجایا گیا قومی ترانے کے احترام میں تمام شرکاء اپنی نشستوں سے کھڑے ہو گئے اور وطن سے محبت کا عملی مظاہرہ کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل فاروق اشرف، ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ، ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری و دیگر نے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ میں جرات، غیرت اور قومی خود مختاری کی ایک روشن علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی 1998 کا دن اس عزم کی تجدید کا دن ہے جب وطن عزیز نے دشمنان وطن کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان ایک خود مختار، ناقابل تسخیر اور ایٹمی قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان مادر وطن کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر وقت تیار ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم ایک ایٹمی طاقت ہیں اور یہ صلاحیت صرف عسکری قوت ہی نہیں بلکہ قومی اتحاد، سائنسی ترقی، اور سیاسی استحکام کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اگر ہم متحد رہیں، تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں زیر نہیں کر سکتی۔ پاکستان کی مسلح افواج ہر محاذ پر ملکی دفاع کے لیے سینہ سپر ہیں اور دشمن کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

جھل مگسی، یوم تکبیر قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا، ریلی کا اہتمام

یوم تکبیر ہماری قومی تاریخ کا وہ درخشاں دن ہے، مقررین کا تقریب سے خطاب

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ جھل مگسی کے زیر اہتمام یوم تکبیر قومی جوش و جذبے کے ساتھ ضلعی ہیڈ کوارٹر گنداواہ میں منایا گیا یوم تکبیر کی پروقار تقریب میں مختلف محکموں کے افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور دیگر معزز افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سرکٹ ہاؤس گنداواہ سے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول تک پروقار ریلی کا اہتمام کیا گیا، جس کے بعد پولیس اور لیویز کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ یوم تکبیر ہماری قومی تاریخ کا وہ درخشاں دن ہے جب پاکستان نے بلوچستان کے ضلع چاغی کے پہاڑوں میں پانچ کامیاب ایٹمی تجربات کر کے عالم اسلام کی پہلی اور دنیا کی ساتویں ایٹمی قوت ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ یہ دن اس حقیقت کی علامت ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہو چکا ہے اور جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن قائم ہو گیا ہے

لورالائی، یوم تکبیر کے موقع پر اے ڈی سی نور علی کاکڑ کی قیادت میں ریلی نکالی جا رہی ہے

اوستہ محمد، چانڈیہ محلہ میں صفائی کی ابتر صورت حال، وبائی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ

اوستہ محمد (آن لائن) چانڈیہ محلہ میں صفائی کی صورت حال ابتر محلہ میں وبائی بیماریاں پھیل سکتی ہے میونسپل کارپوریشن نا کام عوامی شکایت تفصیلات کے مطابق چانڈیہ محلہ کے رہائشیوں اور محلہ مکینوں نے شکایت کی میونسپل کارپوریشن ہوتے ہوئے بھی عوام کو کوئی سہولت نہیں

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Irrigation Canal Ziarat invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates - Tender Fee Rs.500/-, Earnest Money 2% of Bid Cost and Time limit 30-06-2025

S.No	Name of Works.	E/Cost
1	RESTORATION OF FLOOD PROTECTION BUND AT REGORA MANDA SINJAVI DISTRICT ZIARAT. **TSE- 242505729223**	4.45 M

The office of the Executive Engineer **Irrigation Division Ziarat** invites technical proposal of Contractors/firms along with sealed financial proposals **(Single Stage One Envelope Bidding Procedure)** for above mentioned Works. Interested firms / Contractors. All interested bidders are required to submit documents as per following brief in support of their technical/Financial proposal: **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE04(v) (Irrigation Only). **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **11 June, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **11 June, 2025** till **11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Office of the Executive Engineer Irrigation Division Ziarat **Terms and Conditions:** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents.

PRQ No.4636/27-5-2025

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION ZIARAT

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505729643 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Urban Planning & Development Department Rakhshan Division at Kharan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **TENDER FEE Rs.1500/- and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION PROTECTION OF WALL AT KILLI M WARIS SIWAZAI BESIMA WASHUK	10,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 7,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE21, CE04(v) (Irrigation Only), CE11(i) (General engineering Works only). Bidder should Submit Audit Report of firm till 2024 Firm must have 2 Similiar Experience from past 2 years paid Green challan from specific bank Bidder must pay 2% CDR from concerned Bank Federal Board of Revenue Required **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 June, 2025till 09:00 AM. Tender opening: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM **Address:** Executive Engineer, Urban Plaining & Development Department Rakhshan Kharan Phone no: 0333797391Fax no: 6876
Email: habibbaloch100@gmail.com

PRQ No.4633/27-5-2025

Executive Engineer Urban Planning & Development Department Rakhshan Division

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Washuk invites sealed bids from Eligible Bidders for execution of following works. Bid security will be 2% estimated cost and time limit 30-06-2025. Tender Fee 650/-

S. NO.	NAME OF SCHEME	QTY	E/COST
1	**CONSTRUCTION OF WSS WITH SOLAR SYSTEM IN DIFFERENT VILLAGES OF UC PLANTAK DISTRICT WASHUK** D/D of Bore **TSE # 242505729703**	2 Job	2.039 M

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement rules, 2014. **ELIGIBILITY.** The Contractor / Firm must have valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category with relevant codes. Registration with tax authorities i.e (NTN, Sales Tax and BRA Department) who are registered suppliers and are active tax payer list (ATL) of FBR & BRA. Firm must have relevant experience. An affidavit Non-Judicial Stamp Paper valuing Rs:100/- duly attested showing that the firm has not been black listed by any department. The Contractor must submit proof of file tax returns. Authority letter in case of representative of the company authorized representation of company will only be allowed to participate having a specified authorization letter for the schemes mention above. Joint venture will not be allowed. Contractor should download tender documents by self from www.bppra.org.pk. All tender documents should be provided in original to the undersigned. **Method of Procurement:-** Singe Stage, One Envelope Procedure Bidding/Tender Documents: (i) **Issuance:** Tender document will be issued to Manufacturer/Authorized Dealer/Firm after publication of notice at BPPRA web site after presentation of above said criteria and tender fee (non-refundable) of **Rs. 650/-** each in shape of green challan from deposited in NBP Washuk under head of account C-2725-02, (ii) 2% of estimated cost earnest money/security deposit refundable, till submission date and time which can also be viewed on www.bppra.org.pk. **Note:** It may be noted that no pay order will be accepted./ entertained and firms complete title/ name should be written on the call deposit: **Submission:** The bidding documents duly filled along with supporting documents must be delivered on or before **12-06-2025 till 10:00 AM Opening:** Tender will be opened on **12-06-2025 at 11:00 AM** before procurement committee in the presence of Manufacturers/ firms/ Company or their authorized representative/ agents. **place of issuance inquiries and opening will be:** Address: Office of The Executive Engineer PHE Division Washuk Telephone No; 0847520120
Email Address: **engr.abdulhameed1978@gmail.com**
Fax No: 0847520120

PRQ No.4649/27-5-2025

Executive Engineer Public Health Engineering Division Washuk

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer (Building) CW,PP& H Department District Barkhan has invites the Sealed Tenders on the Composite Schedule of Rates 2018 from interested Firm / Contractors of the following works:-

S.#	Name of Works.	E/Cost
1.	REMAINING WORKS FOR ESTABLISHMENT OF MODEL LIVE STOCK MARKET AT RAKHNI DISTRICT BARKHAN (PSDP NO:3547 (Z2019-0061) **TSE-242505730013**	13,430,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council (2024-25) who also has deposited case for renewal in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 or above and the relevant Specialized code The firm must register in Balochistan Revenue Authority. Presence in Active Tax Payer List in FBR Turnover at least of last three years The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. Sequential page numbering of Bid Proposal. Signing and stamping of bid proposal wherever indicated as well as initial/ signature and seal on all other pages of proposals. The Proposal is bound as hard book to deny addition/ removal of pages' **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage-two envelope procedure. **ISSUANCE:** The Firms can obtain the bidding Documents from the office of the Executive Engineer (Building) CW,PP&H Department District Barkhan upon payment (nonrefundable) bidding document fee Rs. 1000 must be deposited in government treasury under head of account 02716 through Green Challan Form in National Bank of Pakistan(NBP).(The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk, in this regard, the interested bidders must submit Green Challan Form deposited in government treasury one day prior to the bid opening in the office of undersigned. **Deadline of Submission:** The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 12/06/2025 at 10:00 am. **Opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 11:00 am Place of issuance and submission will be: - Address: Office of the Executive Engineer (Building) CW,PP& H Department District Barkhan Telephone No. 0829668307 Fax No. 0829668307
Email: sherookhan6345@gmail.com.
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

PRQ No.4635/27-5-2025

Executive Engineer (Building) CW,PP&H Department District Barkhan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جونیئر ڈیوس کپ، بھارتی میڈیا کی 15 سالہ پاکستانی پلیئر کیخلاف مہم

بھارتی میڈیا کا پلیئر کے خلاف "ہیٹ آف دا مومنٹ" کی بنیاد پر پروپیگنڈا مایوس کن ہے: ذرائع پی ٹی ایف

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی میڈیا پاکستان کے جونیئر ٹینس پلیئرز کے خلاف زہر اگلنے لگا۔ جونیئر ڈیوس کپ میں پاک بھارت میچ کے بعد بھارتی میڈیا نے 15 سالہ پاکستانی پلیئر کے خلاف مہم شروع کردی۔ سوشل میڈیا پر ادھوری ویڈیو کی بنیاد پر بھارتی میڈیا نے زہر اگلنا شروع کیا۔ ڈیوس کپ میں شکست کے بعد پاکستانی پلیئرز میکائیل بیگ کے بھارتی پلیئرز کے ساتھ ہاتھ ملانے کے انداز پر بھارتی میڈیا نے واویلا شروع کردیا۔ پی ٹی ایف کے ذرائع کے مطابق میکائیل علی بیگ میچ ہارنے پر خود سے اپ سیٹ تھے، بھارتی میڈیا ادھوری ویڈیو پر شور مچا رہا ہے، پوری ویڈیو میں پلیئر کو بھارتی حریف سے کہتے سنا جاسکتا ہے کہ میں تم سے نہیں خود پر ناراض ہوں۔ مکمل ویڈیو میں پاکستانی پلیئر کو کوچ سے گلے لگ کر روتا بھی دیکھا جاسکتا ہے، میچ کے بعد دونوں ٹیموں کے کوچز نے بھی آپس میں ہاتھ ملایا۔

میں بابر کو ہمیشہ ٹیم میں رکھوں گا، سابق ہیڈ کوچ مکی آرتھر کا اعلان

مجھے یقین نہیں ہے کہ پچھلے دو سالوں میں کیا ہوا ہے لیکن میں جس بابر کو جانتا ہوں وہ بالکل کلاس ہے، انٹرویو

سڈنی (این این آئی) پاکستان کے سابق ہیڈ کوچ مکی آرتھر کا کہنا ہے کہ قومی ٹی 20 اسکواڈ سے بابر کے باہر ہونے کے باوجود ان کی حمایت کی ہے۔ مقامی اسپورٹس پلیٹ فارم کے ساتھ حالیہ انٹرویو میں مکی آرتھر نے کہا کہ وہ بابر اعظم کو ہمیشہ اپنی پلیئنگ الیون میں شامل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم ایک شاندار کھلاڑی ہے، مجھے یقین نہیں ہے کہ پچھلے دو سالوں میں کیا ہوا ہے لیکن میں جس بابر کو جانتا ہوں وہ بالکل کلاس ہے۔ وائٹ بال کے کامیاب ترین دور میں پاکستان کی کوچنگ کرنے والے 57 سالہ آرتھر نے محمد رضوان کی وکٹ کیپنگ کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ محمد رضوان بہترین وکٹ کیپر ہے وہ بیٹنگ میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے۔

پہلا ٹی 20 پاکستان نے بنگلادیش کو 37 رنز سے شکست دیدی

202 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بنگلہ دیش کی پوری ٹیم آخری اوور میں 164 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی، کپتان لٹن داس 48 رنز کیساتھ نمایاں رہے

پاکستان کی جانب سے حسن علی نے 5، شاداب خان نے 2 جبکہ فہیم اشرف، خوشدل شاہ اور سلمان آغا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی، حسن علی مین آف دی میچ قرار

لاہور: (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹی 20 سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان نے مہمان ٹیم بنگلا دیش کو 37 رنز سے شکست دیدی۔ 202 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بنگلہ دیش کی پوری ٹیم آخری اوور میں 164 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی، کپتان لٹن داس 48 رنز کیساتھ نمایاں رہے، تنزید حسین 31، ذاکر علی 36 اور توحید ہردوئی 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ دیگر کوئی کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکا۔ پاکستان کی جانب سے حسن علی نے 5، شاداب خان نے 2 جبکہ فہیم اشرف، خوشدل شاہ اور سلمان آغا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ قبل ازیں لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 201 رنز بنائے، کپتان سلمان آغا 34 گیندوں پر 56 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ پاکستان کی جانب سے حسن نواز نے 22 گیندوں پر 4 چھکوں اور 2 چوکوں کی مدد سے 44 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی، شاداب خان 48، محمد حارث 31، خوشدل شاہ نے 5 رنز بنائے۔ فخر زمان ایک اور صائم ایوب بغیر کوئی رنز بنائے پویلین لوٹ گئے جبکہ فہیم اشرف 11 اور حسن علی ایک رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ بنگلہ دیش کی جانب سے شرف الاسلام نے 2 جبکہ مہدی حسن، حسن محمود، تنظیم حسن ثاقب، راشد حسین اور شمیم حسین نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

لاہور: پاک بنگلہ دیش ٹی 20 سیریز میں پاکستانی بولر حسن علی وکٹ لینے کے بعد ساتھی کھلاڑیوں سے داد وصول کر رہا ہے

73 سالہ ویلڈر نسیم الدین نے ہتھیلی کی مدد سے 163 اخروٹ توڑ کر دنیا کو حیرت میں مبتلا کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معمر ترین 73 سالہ ویلڈر نسیم الدین نے ہتھیلی کی مدد سے 163 اخروٹ توڑ کر دنیا کو حیرت میں مبتلا کر دیا اور دوسرا عالمی ریکارڈ اپنے نام کیا۔ نسیم الدین کو ایک منٹ میں 150 اخروٹ توڑنے تھے جبکہ نسیم الدین نے ٹیبل پر موجود تمام اخروٹ صرف 50 سیکنڈ میں ہی توڑ ڈالے۔ گنیز ورلڈ ریکارڈ کی جانب سے ان کا یہ ریکارڈ منظور کر کے ریکارڈ بک میں درج کر لیا گیا ہے اور اس کی آفیشل ای میل بھی جاری کر دی گئی ہے۔ نسیم الدین پیشے کے لحاظ سے ویلڈر ہیں۔ وہ لوہے کے دروازے اور کھڑکیاں بنانے میں مہارت رکھتے ہیں۔ وہ اس سے قبل بھی ایک ریکارڈ پاکستان کے نام کر چکے ہیں اور اس میں انہوں نے انگلینڈ کو شکست دی تھی۔ واضح رہے کہ 73 سالہ نسیم الدین عالمی ریکارڈ ہولڈر خاندان کے سربراہ ہیں۔ ان کا بیٹا راشد نسیم اب تک 125 عالمی ریکارڈ پاکستان کے نام کر چکے جبکہ ان کی بہو اور راشد نسیم کی اہلیہ بھی گنیز ورلڈ ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کرا چکی ہیں۔ نسیم الدین کے پوتے محمد ابراہیم نے 6 سال کی عمر میں ورلڈ ریکارڈ بنایا تھا۔

کراچی، سابق قومی کرکٹر اور کوچ کے پاؤں میں زخم، دونوں ٹانگیں کاٹ دی گئی

بولنگ اور کوچنگ سے کارنامے انجام دینے والے مہندر کمار آج دونوں ٹانگوں سے محروم ہو چکے ہیں

لاہور (یو این پی) کراچی سے تعلق رکھنے والے پاکستان کے مشہور کرکٹر اور کوچ مہندر کمار کے پاؤں میں زخم ہونے کی وجہ سے دونوں ٹانگیں کاٹ دی گئی۔ مہندر کمار ملک کے سب سے بڑے شہر میں کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، وہ حکومت پاکستان اور کرکٹ حکام کی جانب سے ملازمت اور مالی مدد کے منتظر ہیں، ملک میں ان کے شاگردوں نے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔ کرکٹ کے میدان میں اپنی بولنگ اور کوچنگ سے کارنامے انجام دینے والے مہندر کمار آج دونوں ٹانگوں سے محروم ہو چکے ہیں، پہلے ان کی ایک ٹانگ کاٹی گئی اور پھر ڈاکٹروں نے کہا کہ جسم میں زہر پھیل سکتا ہے اس لئے دوسری ٹانگ بھی کاٹ دی جائے گی جس کے بعد اپنے دور کے ممتاز فاسٹ بولر اور کرکٹ کوچ کی دوسری ٹانگ بھی کاٹ دی گئی۔ وہ فاسٹ بولر جو دن بھر بولنگ لیے بولنگ اسپیل کراتے تھے اور پھر اپنی کوچنگ اکیڈمی چلاتے تھے اب بستر پر لیٹے ہوئے کسی امداد کے منتظر ہیں۔

آسٹریلوی ایرن ہالینڈ نے پاکستان میں کیا دیسی چیز بنانا سیکھی؟

ایرن ہالینڈ کو دودھ پتی چائے کا مزہ ایسا بھایا کہ انہوں نے ہمیشہ اس سے لطف اندوز ہونے کیلئے بنانا سیکھ لی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی آسٹریلوی پریزنٹرایرن ہالینڈ پر پاکستانی رنگ ایسا چڑھا کہ وہ دیسی چیزیں بنانا سیکھ گئیں۔ پاکستان کی ثقافت اتنی اثر انگیز ہے کہ جو پاکستان آتا ہے وہ اس کے رنگ میں رنگ جاتا ہے۔ حال ہی میں کامیابی سے اختتام پذیر ہونے والی پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل 10) کا حصہ بننے والی آسٹریلوی اسپورٹس پریزنٹر ایرن ہالینڈ پر بھی پاکستان کی محبت کا رنگ ایسا چڑھا کہ وہ یہاں کی ثقافت کا حصہ بن گئیں۔ چائے دنیا بھر میں مقبول ترین مشروب ہے لیکن پاکستان میں دودھ پتی چائے ہر ایک کو مرغوب ہے۔

فیفا نے شاہین آفریدی کو عظیم فٹبال پلیئرز کی فہرست میں لا کھڑا کیا

فیفا ورلڈ کپ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے نمبر 10 جرسی کے حوالے سے پوسٹ جاری کی گئی ہے پوسٹ کا مقصد ورلڈ کپ کے لیے پاکستانی فینز کو متحرک کرنا ہے

پوسٹ پر لیونل میسی، نیمار جونیئر اور لوکا موڈرچ کے ساتھ شاہین آفریدی کی جرسی بھی دکھائی گئی ہے، چاروں پلیئرز میں مشترکہ بات ان کا جرسی نمبر 10 ہے، رپورٹ

لاہور: (مانیٹرنگ ڈیسک) فٹ بال کی بین الاقوامی ایسوسی ایشن فیفا نے پاکستان کے شاہین آفریدی کو فٹبال کے عظیم پلیئرز کے ساتھ کھڑا کر دیا۔ فیفا ورلڈ کپ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے نمبر 10 جرسی کے حوالے سے پوسٹ جاری کی گئی ہے۔ پوسٹ پر لیونل میسی، نیمار جونیئر اور لوکا موڈرچ کے ساتھ شاہین آفریدی کی جرسی بھی دکھائی گئی ہے، چاروں پلیئرز میں مشترکہ بات ان کا جرسی نمبر 10 ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فیفا کی پوسٹ کا مقصد ورلڈ کپ کے لیے پاکستانی فینز کو متحرک کرنا ہے۔ مختلف ممالک میں سوشل میڈیا فینز انگیجمنٹ کے لیے فیفا کی مقامی ڈیجیٹل ٹیمز کام کر رہی ہیں۔

مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ پہلے وومن گیمز کے موقع پر مختلف مقابلوں میں جیتنے والی کھلاڑی میں میڈل اور انعامات تقسیم کر رہی ہیں

پاکستان کے لیے بھی کبھی ٹرافی جیتیں!، شاہین آفریدی کی تصویر پر مداح کا تبصرہ

ویل ڈن، ڈومیسٹک ایونٹ میں فتح بین الاقوامی سطح پر آپ کی کوئی نہیں چھپا سکتی شائقین کے مختلف تبصرے

لاہور (این این آئی) شاہین آفریدی نے پی ایس ایل 10 ٹرافی جیتنے کے بعد اگلے دن اپنی ایک تصویر کی پوسٹ کی جس پر کئی شائقین کی جانب سے تبصرے وائرل ہو گئے۔ اتوار کو لاہور قلندرز نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف فتح حاصل کی تھی، جس سے نہ صرف گراؤنڈ میں موجود شائقین لطف اندوز ہوئے بلکہ ٹی وی پر میچ دیکھنے والے ناظرین نے بھی میچ کو بہت انجوائے کیا کیونکہ یہ واقعی ایک فائنل میچ ایسا ہی ہونا چاہیے۔ لاہور قلندرز فاتح کپتان شاہین شاہ آفریدی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک تصویر پوسٹ کی ہے جس میں وہ تینوں پی ایس ایل ٹرافیز کے ساتھ موجود ہیں۔ تصویر کے کیپشن میں انہوں نے لکھا 'صبح بخیر'۔ تاہم ان کی اس تصویر پر بہت سارے مداحوں نے انہیں پی ایس ایل کی تیسری ٹرافی جیتنے پر مبارکباد دی اور ان کی ٹیم کی پرفارمنس کو سراہتے نظر آئے۔ تاہم بہت سارے شائقین ایسے بھی تھے جو تنقید کرتے بھی نظر آئے، ایک صارف نے لکھا کہ پاکستان کیلئے بھی ٹرافی جیت لیں بھی۔ ایک اور صارف نے لکھا کہ اصل مقصد پاکستان سپر لیگ کا ٹائٹل جیتنا نہیں۔

شاہین آفریدی کو مس نہیں کریں گے، ہمارے پاس اچھے باؤلرز موجود ہیں، سلمان آغا

پاکستان میں اتنا ٹیلنٹ ہے کہ کوئی بھی کسی بھی کھلاڑی کو ری پلیس کرسکتا ہے، بنگلہ دیش کے کسی ایک کھلاڑی کو نشانہ یا حدف نہیں بنایا سب کے لیے تیاری کی ہے

نوجوانوں اور سینئر کھلاڑیوں کو ایک ساتھ لے کر چلیں، ٹیم کا ایک پول تیار کر رہے ہیں تاکہ اگر کوئی انجرڈ ہو تو اس کو ری پلیس کرنے کے لیے تیار ہو، ٹرائی سیریز کی تقریب رونمائی پر گفتگو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ پاکستان میں اتنا ٹیلنٹ ہے کہ کوئی بھی کسی بھی کھلاڑی کو ری پلیس کرسکتا ہے جب کہ سیریز میں شاہین آفریدی کو مس نہیں کریں گے کیوں کہ ہمارے پاس دیگر اچھے باؤلرز موجود ہیں۔ لاہور میں ٹرائی سیریز کی رونمائی کے بعد سلمان علی آغا کا کہنا تھا کہ انٹرنیشنل کرکٹ میں کوئی بھی ٹیم آسان نہیں ہوتی اور بنگلہ دیش اچھی ٹیم ہے کوشش کریں گے اس سیریز میں بہتر کرکٹ کھیلیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے کسی ایک کھلاڑی کو نشانہ یا حدف نہیں بنایا سب کے لیے تیاری کی ہے جب کہ دنیا میں ماڈرن کرکٹ کو فالو کر رہے ہیں اور ہماری بھی کوشش ہے کہ اسی کو فالو کریں۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ سفیان مقیم مجھے بھی پسند ہیں، وہ ہمارے وائٹ بال کرکٹ کا حصہ ہیں، سفیان لاہور کی وکٹوں پر زیادہ اثرانداز نہیں ہوئے، اس لیے ایک فاسٹ بولر کو شامل کیا۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی کو مس نہیں کریں گے کہ ہمارے پاس دیگر بولرز بھی اچھے ہیں جب کہ ہمارے پاس ایسے پلیئرز موجود ہیں جو کسی بھی بولر کو کسی بھی وقت ری پلیس کر سکتے ہیں جب کہ شاہین آفریدی اور بابر اعظم نے ماضی میں پاکستان کو کافی میچز جتوائے ہیں۔ سلمان علی آغا کا کہنا تھا کہ سری لنکا کی کنڈیشن کے مطابق ٹیم تیار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، کوشش ہے کہ نوجوانوں اور سینئر کھلاڑیوں کو ایک ساتھ لے کر چلیں، ٹیم کا ایک پول تیار کر رہے ہیں تاکہ اگر کوئی انجرڈ ہو تو اس کو ری پلیس کرنے کے لیے تیار ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیم کی حکمت عملی ابھی نہیں بتا سکتا لیکن ہم نے اپنی حکمت عملی تیار کی ہے، کپتان اور کوچ کی رائے پہلے دور میں بھی تھی اور اب بھی کوچ اور میں پرفارم کیا اس لیے ٹی 20 ٹیم کا کپتان کا کہنا تھا کہ حسن نواز اب بھی کوچ اور میں پلیئنگ الیون تیار کریں گے۔

مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ پہلے وومن گیمز کے موقع پر سیکرٹری کھیل درا بلوچ کو اعزازی شیلڈ دے رہی ہیں

سلمان علی آغا نے سفیان مقیم کو اسکواڈ میں شامل نہ کرنے کی وجہ بتادی

انہیں یہاں کی وکٹوں کے پیش نظر نظرانداز کیا گیا جو فاسٹ بولرز کے لیے زیادہ سازگار ہیں، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے سفیان مقیم کو ٹی 20 اسکواڈ میں شامل نہ کرنے کی وجہ بیان کردی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے گزشتہ ہفتے بنگلادیش کے خلاف تین میچوں کی ٹی 20 سیریز کے لیے 16 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا تھا جس میں اسپنر سفیان مقیم کو نظرانداز کرنے پر سابق کرکٹرز نے سوال اٹھایا تھا۔ سفیان مقیم نے پی ایس ایل 10 میں پشاور زلمی کی نمائندگی کی اور صرف تین میچز کھیلے جس میں انہوں نے 9.72 کی مایوس کن اکانومی ریٹ پر صرف ایک وکٹ حاصل کی۔ اسپنر نے گزشتہ ماہ نیوزی لینڈ کے خلاف وائٹ بال سیریز پر قومی ٹیم کے لیے متاثر کن پرفارمنس پیش کی جہاں انہوں نے تین میچوں میں پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ تاہم سلمان علی آغا نے کہا کہ سفیان مقیم منتظر فارمیٹس کے لیے ان کی منصوبہ بندی میں شامل ہیں انہیں یہاں کی وکٹوں کے پیش نظر نظر انداز کیا گیا جو ان کے مطابق فاسٹ بولرز کے لیے زیادہ سازگار ہیں۔

پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن نے تاریخی سنگ میل عبور کرلیا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن نے ایک اور باوقار اعزاز حاصل کیا ہے، قومی کمشنر جنرل محمد ہارون بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں، وہ ایران میں ٹور آف آذربائیجان 5 مرحلوں پر مشتمل یو سی آئی ایونٹ میں بین الاقوامی کمشنر کے طور پر خدمات سر انجام دے رہے ہیں جو عالمی سطح پر سائیکلنگ کا ایک اہم اور انتہائی معتبر مقابلہ ہے۔ پاکستان کے لیے یہ ایک تاریخی موقع ہے۔ پاکستان سے پہلی مرتبہ کسی بین الاقوامی تقریب میں بیرون ملک فرائض انجام دینے کے لیے کمشنر کا تقرر کیا گیا ہے۔ ریس کے ابتدائی مرحلے میں محمد ہارون کی شرکت انتہائی فخر کا لمحہ ہے اور عالمی سائیکلنگ کمیونٹی میں پاکستانی ٹیلنٹ کی بڑھتی ہوئی پہچان کا ثبوت ہے۔ یہ کامیابی پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے اور بین الاقوامی سائیکلنگ کے حوالہ سے پاکستان کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔

15 سالہ پاکستانی کھلاڑی کیخلاف بھارتی مہم پر اعصام الحق کا ردعمل

کپتان شہزاد خان نے انڈین ٹیم کو سراہا، میکائیل علی بیگ کی والدہ نے بھی انڈین پلیئر کو جاکر کہا کہ ویل پلیڈ

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان ٹینس فیڈریشن اعصام الحق قریشی کا جونیئر ڈیوس کپ میں پاکستانی کھلاڑی میکائیل علی کے خلاف بھارتی مہم پر ردعمل آ گیا۔ اعصام الحق نے اپنے بیان میں کہا کہ میکائیل علی بیگ کے ہینڈ شیک کے معاملے کو چھوٹے سے کلپ کی بنیاد پر اچھالا جا رہا ہے، انڈین میڈیا پچھلے تین چار ہفتوں سے ایسے کام کررہا ہے، اگر پوری ویڈیو دیکھیں تو معلوم ہو جائے گا کہ میکائیل بیگ میچ ہارنے پر خود سے ناراض تھے۔ اعصام الحق نے کہا کہ میکائیل نے انڈین پلیئر سے بھی یہ کہا تھا کہ وہ ان پر نہیں خود پر غصہ ہیں، میچ کے بعد پوری ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پاکستان کے کپتان شہزاد خان نے انڈین ٹیم کو سراہا، میکائیل علی بیگ کی والدہ نے بھی انڈین پلیئر کو جاکر کہا کہ ویل پلیڈ، انڈین ٹینس فیڈریشن اور میڈیا سے کہوں گا کہ وہ پوری پکچر دیکھیں، چھوٹے کلپ کی بنیاد پر واویلا نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کچھ غلط ہوتا تو پاکستان ٹیم پر جرمانہ کیا جاتا مگر ایسا نہیں ہوا، میچ کے بعد دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے ساتھ میں تصویریں بھی بنائیں۔ پاکستان انڈر 16 کے کھلاڑی حمزہ رومان نے کہا کہ میچ کے بعد پوری پاکستان ٹیم جا کر انڈین ٹیم سے ملی، میڈیا میں ایک چھوٹا کلپ آیا ہے مگر ہمارے ملنے کا کلپ نہیں آیا۔

عالمی اسنوکر چیمپئن محمد آصف کی والدہ انتقال کر گئیں، خاندانی ذرائع کی تصدیق

آصف کی والدہ کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر شیخ کالونی جھنگ روڈ قبرستان فیصل آباد میں ادا کی گئی

فیصل آباد (این این آئی) عالمی اسنوکر چیمپئن محمد آصف کی والدہ انتقال کر گئیں جس کی تصدیق خاندانی ذرائع کی جانب سے کی گئی ہے۔ خاندانی ذرائع کا بتانا ہے کہ محمد آصف کی والدہ کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر شیخ کالونی جھنگ روڈ قبرستان فیصل آباد میں ادا کی گئی جس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ واضح رہے کہ فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے 42 سالہ محمد آصف نے پہلی مرتبہ 2012 میں آئی بی ایس ایف عالمی اسنوکر چیمپئن شپ جیتی تھی۔ جب کہ 2019 میں محمد آصف دوسری مرتبہ عالمی اسنوکر چیمپئن بنے تھے۔

قومی کرکٹر حسن علی کی والدہ کیساتھ ڈکیتی کی واردات

مسلح ڈاکو دو لاکھ روپے چھین کر فرار، پولیس کی جدید ٹیکنالوجی کیلئے ذریعے چوروں کی تلاش شروع

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) گوجرانوالہ میں قومی کرکٹر حسن علی کی والدہ کے ساتھ ڈکیتی کی واردات، مسلح ڈاکو دو لاکھ 30 ہزار روپے چھین کر فرار ہوگئے۔ ایک سینئر پولیس افسر نے ڈان ڈاٹ کام کو بتایا کہ قومی کرکٹر حسن علی کی والدہ کے ساتھ مبینہ ڈکیتی کی واردات بدھ کے روز پیش آئی۔ گوجرانوالہ سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) محمد ایاز سلیم کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق، کرکٹر حسن علی کی والدہ بازار جانے کے لیے اپنے دوسرے بیٹے خرم کا سڑک پر انتظار کر رہی تھیں۔ سی پی او نے بتایا، اسی دوران ایک ڈاکو ان کا پرس چھین کر فرار ہو گیا۔ حسن علی کے بھائی خرم علی نے بتایا کہ پرس میں 230,000 روپے تھے۔ سی پی او محمد ایاز سلیم کے مطابق واردات کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور گوجرانوالہ سیف سٹی سے رپورٹ طلب کی گئی ہے، انہوں نے مزید بتایا کہ ملزم کی گرفتاری کے لیے ایس پی (سپرنٹنڈنٹ آف پولیس) سٹی ڈویژن کی نگرانی میں پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جبکہ واقعے کی جگہ سے جیو فینسنگ کی جا رہی ہے اور سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کی جا رہی ہے۔ محمد ایاز سلیم نے یقین دہانی کرائی کہ ملزم کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا اور اسے مثالی سزا ملے گی۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں مسلح ملزمان کی جانب سے چھینا جھپٹی کے واقعات عام ہیں، اور پولیس چوری اور پرتشدد جرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات کا مقابلہ کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

یوم تکبیر کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب، ڈی سی جعفرآباد کی قیادت میں ریلی

شرکاء نے بلے کارڈز اور قومی پرچم اٹھا رکھے تھے، علاقہ نعرہ تکبیر، اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھا

یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ یادگار دن ہے جس کی بدولت پاکستان ناقابل تسخیر بنا، خالد خان ودیگر کا خطاب

جعفرآباد (خ ن) یوم تکبیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے ڈپٹی کمشنر آفس میں پرچم کشائی کی۔ اس موقع پر پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی جس میں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن احمد نواز بگٹی سمیت دیگر ضلعی آفیسران اوران کے نمائندگان موجود تھے۔ تقریب کے دوران پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سبز ہلالی پرچم کو سلامی پیش کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی، جس میں شرکاء نے ہاتھوں میں بلے کارڈز اور قومی پرچم اٹھا رکھے تھے۔ علاقہ نعرہ تکبیر، اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ یادگار دن ہے، جس کی بدولت پاکستان ناقابل تسخیر بنا۔ پاکستان ایٹمی طاقت حاصل کرنے والا دنیا کا ساتواں اور مسلم ممالک کا پہلا ملک بنا۔ ہمیں اپنی پاک فوج اور قیادت پر فخر ہے جنہوں نے 28 مئی کو دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے۔ یوم تکبیر ہر سال 28 مئی کو قومی جوش و جذبے سے منایا جائے گا تاکہ دنیا کو یہ مثبت پیغام دیا جاسکے کہ پاکستان ایک عالمی ایٹمی طاقت ہے۔

دالبندین: یوم تکبیر کے موقع پر امان اللہ خان نوتیزئی کی قیادت میں ریلی نکالی جارہی ہے

یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہرا دن ہے، بولان یوتھ اتحاد

بھاگ (نامہ نگار) یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہرا دن ہے جو ہر سال 28 مئی کو قومی جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتا ہے اس دن پاکستان نے دنیا کو یہ باور کرایا کہ وہ ایک خودمختار اور ناقابل تسخیر قوم ہے 1998 میں کیے گئے کامیاب ایٹمی تجربات نے پاکستان کو اسلامی دنیا کی پہلی اور دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت بنا دیا اسی مناسبت سے بولان یوتھ اتحاد کے ضلعی صدر وڈیرہ محمد سلیم جتوئی نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا کہ نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ یوم تکبیر جیسے دنوں کی اہمیت کو سمجھے اور اپنی تاریخ سے سبق حاصل کرے

دالبندین: ڈی سی عطاء المنعم یوم تکبیر کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

یوم تکبیر، چاہ سر میں واقع دینی مدرسے میں قرآن خوانی، دعائیہ تقریب

تربت (خ ن) پاکستان کے ایٹمی تجربات کی تاریخی یادگار یوم تکبیر کے موقع پر تربت کے نواحی علاقے چاہ سر میں واقع دینی مدرسے میں قرآن خوانی اور دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں مدرسے کے مہتمم، اساتذہ، طلبہ اور مقامی افراد نے شرکت کی تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت اور اجتماعی دعا سے ہوا، جس میں ملک کی سلامتی، خودمختاری، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ اس موقع پر کشمیری مسلمانوں کی آزادی، اتحاد امت اور امت مسلمہ کے مسائل کے حل کے لیے بھی دعا کی گئی۔

یوم تکبیر کی مناسبت سے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چمن مرکزی تقریب

مختلف سرکاری و غیر سرکاری تعلیمی اداروں کے اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی

پاکستان نے ایٹمی دھماکے کرکے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، حبیب بنگلزئی

چمن (نامہ نگار) یوم تکبیر کی مناسبت سے مرکزی تقریب گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چمن میں منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالقدوس اچکزئی سمیت مختلف سرکاری و غیر سرکاری تعلیمی اداروں کے اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بھارت کے 5 ایٹمی دھماکوں کے جواب میں 6 ایٹمی دھماکے کرکے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ یہ دن پاکستان کی دفاعی خودمختاری، قومی یکجہتی اور اسلامی دنیا کی واحد ایٹمی طاقت بننے کا مظہر ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالقدوس اچکزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت نے نہ صرف ہمارے دفاع کو مضبوط بنایا، بلکہ خطے میں طاقت کے توازن کو بھی یقینی بنایا۔

اوستہ محمد، یوم تکبیر قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، ڈی سی کی قیادت میں ریلی

1998 میں ایٹمی دھماکے کرکے پاکستان نے دنیا کے سامنے خود کو ناقابل تسخیر دفاعی قوت کے طور پر منوایا، عبدالرزاق کھتیجک

28 مئی صرف ایک تاریخ نہیں بلکہ ہماری قومی غیرت، اتحاد اور خودمختاری کا نشان ہے، ہارون خان جمالی، مظفر خان جمالی

استامحمد (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع استامحمد میں بھی یوم تکبیر 28 مئی کو قومی جوش و جذبے اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایان شان انداز میں منایا گیا۔ یہ دن پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے کی یاد تازہ کرتی ہے، جب 1998 میں چاغی کے پہاڑوں میں کامیاب ایٹمی دھماکے کرکے پاکستان نے دنیا کے سامنے خود کو ایک ناقابل تسخیر دفاعی قوت کے طور پر منوایا۔ یوم تکبیر کی تقریبات کا آغاز ڈپٹی کمشنر استامحمد عبدالرزاق کھتیجک نے پرچم کشائی سے کیا۔ اس موقع پر قومی ترانہ بجایا گیا اور پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامتی پیش کی اور شہداء وطن کے لیے دعائے مغفرت کی گئی بعد ازاں ڈپٹی کمشنر استامحمد عبدالرزاق کھتیجک، سردارزادہ ہارون خان جمالی اور میر استامحمد مظفر خان جمالی کی قیادت میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی۔ اس ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر استامحمد محمد رمضان اشتیاق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد اسماعیل لاشاری، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی، ایم ایس ڈاکٹر عبدالجبار سومرو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شاہ بخش بندرانی، تحصیلدار علی گوہر کھوسہ، محمد ابراہیم پلال سمیت دیگر ضلعی افسران، تعلیمی اداروں کے طلباء، سول سوسائٹی، معزز شہری، اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی کا مقصد پاکستانی قوم کی ایٹمی صلاحیتوں پر فخر کا اظہار اور ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے والے ہیروز کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔

28 مئی کو پاکستان نے ایٹمی قوت بن کر ملک کو ناقابل تسخیر بنا دیا، رنجیت کمار

عالمی دباؤ اور مخالفت کو پس پشت ڈال کر ملکی خودمختاری کو ہر چیز پر مقدم رکھا، بیان

نصیرآباد (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور رنجیت کمار بگٹی نے کہا ہے کہ 28 مئی پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہرا دن ہے جب ملک نے ایٹمی قوت بن کر اپنی دفاعی صلاحیت کو ناقابل تسخیر بنادیا۔ یہ دن ہمیں اس عظیم قیادت کی یاد دلاتا ہے جس نے عالمی دباؤ اور بیرونی طاقتوں کی مخالفت کو پس پشت ڈال کر ملکی خودمختاری کو ہر چیز پر مقدم رکھا۔ یہ صرف ایک دن نہیں بلکہ پاکستان کے عزم، استقلال اور غیرت کا استعارہ ہے انہوں نے اقلیتی برادری کی وطن سے محبت اور وفاداری کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہندو کمیونٹی سمیت تمام اقلیتی برادریاں پاکستان کی سلامتی، یکجہتی اور ترقی میں برابر کی شریک ہیں کہ ہم سب پاکستانی ہیں، اور ہمارا دل، جان اور وفاداری اس وطن کے لیے ہے۔



میری اڈہ، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی اصغر باچا خان تحصیل صدر جہانگیر شاہ کاکڑ حاجی محمد ابراہیم پیر علیزئی و دیگر گلستان اور گلی میری میں فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چمن، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی حاجی فیض اللہ خان نورزئی کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پشین، اے ڈی سی انجینئر نجم کبزئی کی قیادت میں یوم تکبیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 44/25 درخواست گارڈین شپ

1۔ امان اللہ 2۔ فوزیہ بی بی 3۔ بسمینہ بی بی 4۔ احمد خان 5۔ بازگل بی بی 6۔ شمیمہ بی بی 7۔ ولی خان 8۔ بی بی خاتمہ 9۔ بی بی خانم 10۔ بی بی زاہدہ 11۔ مرجینہ 12۔ صبری بی بی 13۔ عبداللہ خان 14۔ میراث دختران و پسران (مرحوم) محمد خان سکنہ زمان روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 13/6/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 22/5/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61449

NOTICE INVITING TENDER

Note:-In all procurement of GOB Whether through electronic or manual bid Submission. It is mandatory to all bidders to Get registered At electronic Public procurement system of BPPRA GOB. The Assistant Director, Local Government/RD Nushki invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the works mentioned below. The estimated cost and other information of works as under: percentage tender based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Baluchistan amended up-to-date from Interested contractors / firms for the works listed below under BPPRA Rules.

Earnest Money 2% in Shape of Call Deposit, Tender Fee Rs.1000/-

S#	Name of Work	E/Cost
1.	Supply and installation of home solar system at union council Anam Bostan Nushki **(SDGS (2024-25) TSE-242505729823**	30.00 M

The office of the **Assistant Director, Local Government & Rural Development Department Nushki** invites technical/financial proposal of Contractors/firms **(Single Stage-Two Envelope)** for above mentioned works. All interested bidders are required to submit documents as per following briefs in support of their technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014 and amended up to date and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e. 2024-25 with Pakistan Engineering Council in relevant Category in relevant discipline/specially code mentioned in the bidding documents and fresh registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA) where applicable. The bidder strictly instructed to submit original authority from the owner on 100 PKR attested affidavit in case of owner participated should produce copy of CNIC on a letter head with the declaration of ownership of the Firm. Firms must provide fresh **No Blacklisting and No ligitation declaration** on 100/-PKR Attested affidavit. The Firms must submit fresh affidavit showing not to be involved any further bargaining with sub-contractor after receiving work order also on 100/-PKR Attested affidavit. All Bidders should submit last three years audit reports registered with ICAP and tax return copy of the firm. Non register auditor Report will not be acceptable. All the bidders should submit account maintenance certificate and should be address to undersigned. As per BPPRA rule #25 (3) only one Bid can be submitted against one NTN, only original Contractors with original Documents will be eligible. **METHOD OF PROCUREMENT:** (**Single Stage –two Envelop**) bidding Procedure will be adopted Call Deposit and Challan should be attached. Which will be verified accordingly. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** Issuance: The bidders can obtain the bidding document from the address mentioned above on production of green Challan form for an amount of Rs. mentioned above (Non-refundable) for each work deposited in the head of account **C-03870** Civil works through Treasury or can be downloaded from the website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), during working hour, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/Firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to provide deposited green Challan from of above mentioned Fee. The bids must be accompanied by bid security for each work in the form of call deposit of amount specified above in the office name of the under signed from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Bank Cheque shall be acceptable DEADLINE OF SUBMISSION:** The bids from intending contractors/firms sealed in two envelopes clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **12-06-2025. at 9:00 A.M OPENING:** The Bids" will be opened on the same day **specified in the above table** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives at **10-00 A.M** who choose to attend with authority letter. **BIDS VALIDITY:** Ninety (90) days **PLACE:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be the Office of the Assistant Director Local Government & Rural Development Department Nushki. The Qualification Criteria as mentioned in Bid data sheet and annexures of bidding documents viz. Equipment's, Financial capabilities and staff requirements etc. must be fulfilled besides other requirements as mentioned in bidding document by the participating firms. All bidders are required to examine bidding documents in all respect prior to bid submission. The firms providing unsubstantiated and / or incorrect information are liable to disqualification and / or legal action. The undersigned reserves the right to reject all bids as per the BPPRA rules.

ASSISTANT DIRECTOR
LOCAL GOVERNMENT & RURAL DEVELOPMENT DEPARTMENT NUSHKI

PRQ No.4634/27-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 کوئٹہ یوم تکبیر

ہلالی پرچموں کے تلے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگارہے تھے۔ ریلی کی قیادت بخت محمد کاکڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد انور کاکڑ، سردار خان نیازی، شیخ شہزاد، ولی افغان سمیت دیگر کررہے تھے۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی قوت بنے ہوئے 27 سال کا عرصہ گزر گیا پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اس ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی جس کے بعد شہید محترمہ بےنظیر بھٹو نے میزائل پروگرام کا آغاز، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں محمد نواز شریف نے بیرونی اور عالمی دباؤ اور دیگر پیشکشوں کو مسترد کرتے ہوئے 28 مئی 1998 کو بلوچستان کی سرزمین چاغی کے پہاڑوں بھارت کی جانب سے پانچ دھماکوں کے جواب میں 6 ایٹمی دھماکے کرکے دنیا کے نقشے پر پاکستان اسلامی ملک کے طور پر ایٹمی قوت بنکر ابھرا آج ہمیں 27 سال کا عرصہ ایٹمی قوت بنے ہوئے گزر چکا ہے اس دوران ازلی دشمن بھارت جو کہ روز اول سے ہی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لئے اپنی ناکام کوششیں اور اپنے کاسہ لیسوں اور سہولت کاروں کے ذریعے دہشت گردی کو پروان چڑھاتا رہا لیکن افواج پاکستان، سیکورٹی فورسز اور حکومت سمیت عوام نے ہمیشہ دہشت گردی پھیلانے والوں کے عزائم کو مسترد کرتے ہوئے ناکام بنایا ہے اور ناکام بناتے رہیں گے پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے اور تاقیامت دنیا کے نقشے پر قائم و دائم رہے گا اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان کا دفاع افواج پاکستان کی شکل میں مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ ریلی کے شرکا نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔ یوم تکبیر کے تاریخی موقع پر محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام ایک باوقار اور پرامن واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس واک کی قیادت صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کی، جس میں نوجوانوں، طلبہ و طالبات، اساتذہ، سماجی کارکنوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے جوش و خروش سے شرکت کی۔ واک کا مقصد نوجوان نسل کو 28 مئی 1998 کی اہمیت سے روشناس کرانا اور قومی دفاع، خود مختاری، اتحاد اور ایٹمی صلاحیت کے تاریخی دن کی یاد تازہ کرنا تھا۔ اس موقع پر محترمہ مینا مجید بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ یوم تکبیر صرف ایک دفاعی کامیابی کا دن نہیں بلکہ یہ ہماری خودداری، قومی غیرت اور اجتماعی شعور کا عکاس ہے۔ انہوں نے اس دن کی تاریخی پس منظر بیان کرتے ہوئے کہا کہ 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بلوچستان کے ضلع چاغی میں راسکو کے دامن میں کامیاب ایٹمی تجربات کیے۔ یہ تجربات بھارت کے پانچ ایٹمی دھماکوں (11 اور 13 مئی 1998) کے ردعمل کے طور پر کیے گئے جنکے پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت اور پہلی اسلامی ایٹمی طاقت بن گیا۔ یوم تکبیر پاکستان کی خود مختاری، سالمیت اور دفاع کا دن ہے۔ یہ دن اس پیغام کا علمبردار ہے کہ ہم نہ صرف امن چاہتے ہیں بلکہ اپنی حفاظت کے لیے ہر حد تک جاسکتے ہیں۔ یہ دن ہمیں ان سائنسدانوں، انجینئرز، مسلح افواج اور قیادت کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنایا۔ کسان اتحاد بلوچستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ کی قیادت میں یوم تکبیر کے موقع پر بی اے مال کو راقبرستان کے قریب سے ریلی نکالی جو ایئرپورٹ روڈ بلیلی سے واپس گورا قبرستان کے قریب اختتام پذیر ہوگئی ریلی کے شرکاء، بینرز اور پلے کارڈ اور سبز ہلالی پرچم اٹھائے تھے اس قومی جذبے سے بھرپور ریلی کی قیادت نیو پاکستان کے مرکزی وائس چیئرمین (سنٹرل پاکستان) حاجی سردار خان نیازی اور بلوچستان کے چیئرمین ملک یحیٰی بشیر کاکڑ نے مشترکہ طور پر کی۔ ریلی میں تنظیم کے خصوصی عہدیداران محمد ظفر بلوچ، محمد ولی نیازی اور یاسر خان یوسفزئی نے نہایت اہم اور فعال کردار ادا کیا۔ اس کے علاوہ نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے دیگر مرکزی و ضلعی ممبران نے بھی بھرپور شرکت کی اور قومی یکجہتی، خود مختاری اور حب الوطنی کا عملی مظاہرہ کیا۔ یوم تکبیر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن دن ہے جب پاکستان نے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ ہم ایک خود مختار اور ناقابل تسخیر قوم ہیں۔ نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ اس دن کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ ہم ایک باوقار، مضبوط اور خوددار پاکستان کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 2 ملک بھر ریلیاں

میں خصوصی تقریب ہوئی جس میں آئی جی اسلام آباد بھی شریک ہوئے، تقریب میں یوم تکبیر کا کیک بھی کاٹا گیا، دریں وفاقی دارالحکومت ہی میں یونائیٹڈ ٹرانسپورٹ سروس نے ریلی نکالی اور پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا۔ کراچی میں یوم تکبیر کے حوالے سے بلدیہ عظمیٰ کراچی نے ریلی نکالی جس میں میئر و ڈپٹی میئر سمیت کے ایم سی ملازمین کی بڑی تعداد شریک ہوئی، کراچی میں کے ایم سی ریسکیو ٹیم اور لائف گارڈ کی جانب سے بھی تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ لاہور میں جنرل اسپتال کے ڈاکٹروں نے یوم تکبیر ریلی نکالی اور پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے، ریلی کے آغاز سے قبل کیک بھی کاٹا گیا۔ سکھر میں واکنگ ٹریک پر یوم تکبیر کی مرکزی تقریب ہوئی جس میں پرچم کشائی کی گئی، اس موقع پر پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے، تقریب میں بچوں نے ٹیبلوز پیش کیے۔ جامشورو میں ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی، شرکاء نے پاک فوج کے حق میں نعرے بلند کیے۔ ساہیوال میں یوم تکبیر سے یوم تشکر تک کے عنوان سے خصوصی تقریب ہوئی، پاک فوج کی وردیاں اور سبز و سفید لباس پہنے طلبہ نے ملی نغمے پیش کیے۔ بہاولنگر میں یوم تکبیر پر جلوس نکالا گیا، جلوس کے شرکا نے قومی پرچم اور بینرز اٹھا کر پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔ جھنگ میں یوم تکبیر پر تقریب کا انعقاد کر کے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مری میں بھی یوم تکبیر نہایت جوش و خروش سے منایا گیا، مال روڈ پر تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ملکی سلامتی واستحکام کا عزم کیا گیا۔

بقیہ 3 وزیراعظم

جیسے سچے دوست ہیں، حالیہ پاک بھارت تنازع میں ترکیہ اور آذربائیجان پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں قائدانہ کردار ادا کیا، افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت کا دلیری سے جواب دیا، ہم امن کے خواہاں ہیں اور ہمیشہ امن کی بات کی ہے، مسائل کو مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر حل کرنا چاہتے ہیں، پانی 24 کروڑ لوگوں کی لائف لائن ہے، بھارت پاکستان کا پانی روکنا چاہتا ہے، جو کبھی نہیں ہو پائے گا، بھارت کا پاکستان کے حصے کے پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا افسوس ناک ہے۔ بعد ازاں پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان سہ فریقی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف اور آذری عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، آذری قوم نے بھرپور جدوجہد سے دنیا میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کو پی کے کے کا مسئلہ خوش اسلوبی سے حل کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ بڑی سفارتی کامیابی ہے، اس سے نہ صرف خطے بلکہ اس سے باہر بھی ترکیے کے اثر و رسوخ میں اضافہ ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ آذربائیجان میں بھرپور استقبال اور میزبانی پر صدر الہام علیوف کا شکر گزار ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، چاہے یہ کاراباخ، کشمیر اور شمالی ترکیہ قبرص کا مسئلہ ہو، ہماری یکجہتی اور باہمی احترام ہماری طاقت ہے، یہ قدرتی بات ہے کیونکہ ہمارے عوام اس کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور اس کا اظہار ترکیہ اور آذربائیجان کیلئے محبت سے ہوتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حال ہی میں پاک بھارت کشیدگی کے دوران بھارت نام نہاد پہلگام واقعہ سے متعلق پاکستان کے خلاف کوئی بھی ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا بلکہ ہماری غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی پیشکش کو مسترد کر دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دنیا کو مسلح تنازعات، موسمیاتی تبدیلیوں، بیماریوں اور معاشی بحران سمیت متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، اس تناظر میں یہ تین مثالی ملک یہاں اکٹھے ہوئے ہیں، ہم ہمدردی کی امید رکھتے ہیں اور تنازعات کو مسترد کرتے ہیں، ہم پرامید ہیں کہ صبر و تحمل اور دانشمندی سے امن و خوشحالی آئے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ غیر متوقع اور غیر مستحکم دنیا میں سیاسی استحکام کی تعمیر، ہم آہنگی کا فروغ اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز نئی حقیقتوں کو جنم دے رہی ہیں، موجودہ صورتحال میں دو برادر ممالک ترکیہ اور آذربائیجان ہمارے ساتھ کھڑے ہیں جو خوش قسمتی کی بات ہے مذاکرات ضروری ہیں اور فوری توجہ طلب تنازعات جیسا کہ مقبوضہ کشمیر کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل، پانی کا مسئلہ ہے، بدقسمتی سے بھارت نے سندھ طاس معاہدہ کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا شروع کردیا ہے

بقیہ 4 ترک صدر

برے وقت ساتھ کھڑے رہیں گے، پاکستان، بھارت کے درمیان سیز فائر باعث اطمینان ہے، لاچین میں آذربائیجان کے یوم آزادی کی تقریب اور سہ فریقی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ترک صدر نے کہا ترکیہ ہر اچھے، برے وقت میں آذربائیجان کے ساتھ کھڑا ہے، یوم آزادی پر آذربائیجان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ترکیہ، آذربائیجان، پاکستان 3 ملک مگر ایک قوم ہیں، آذربائیجان کے ساتھ دوستی مزید مضبوط بنائیں گے، کاراباخ کی آزادی سے آذربائیجان مضبوط ہوا، ترکیہ ہر اچھے اور برے وقت میں آذربائیجان کے ساتھ کھڑا رہے گا قبل ازیں سہ فریقی کانفرنس سے خطاب میں ترک صدر نے کہا ترکیہ، پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان یکجہتی خطے کیلئے انتہائی اہم ہے تینوں ممالک کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد پر مبنی ہیں، پاکستان، بھارت کے درمیان سیز فائر باعث اطمینان ہے، تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنا چاہتے ہیں۔ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے پاکستان میں 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ پاکستان اور ترکیہ کی خودمختاری اور سلامتی کی حمایت کی ہے۔

بقیہ 5 پاکستان

بھارتی وزیراعظم کی جانب سے پانی کو ہتھیار بنانے کے حوالے سے بیانات مشترکہ معاہدے کی پابندی، بین الاقوامی اصولوں سے قابل افسوس انحراف ہیں اور خطے میں بھارت کا طرز عمل عالمی عزائم سے واضح تضاد کی عکاسی کرتا ہے، بین الاقوامی احترام کی پیروی کرنے والی حقیقی قیادت پہلے اپنے اندر جھانکتی ہے اور دوسروں کو دھمکیاں دینے سے قبل اپنے ضمیر کو مطمئن کرنے کی کوشش کرتی ہے، دفتر خارجہ نے کہا بھارتی حکومت کا تعلق ماورائے عدالت قتل و غیر ملکی بغاوت سے منسلک ہے، بھارت غیر ملکی عوام اور علاقوں پر قابض ہے، غیر قانونی طور بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کا ریکارڈ ہمیشہ سے ہی منظم جبر پر مبنی ہے، ستم ظریفی ہے ایسی ریاست اب مظلومیت کی چادر اوڑھنے کی کوشش کرتی ہے، بھارت کی موجودہ حکومت کے نظریاتی کارکنوں نے گروہی تشدد کو معمول بنا رکھا ہے، نفرت انگیز مہمات کو فروغ دیا اور ہمیشہ مذہبی اقلیتوں کو نشانہ بنایا، انتخابی مہم پر تالیاں بجائی جاسکتی ہیں لیکن یہ طویل مدتی امن اور استحکام کو نقصان پہنچاتی ہے۔

بقیہ 6 فضل الرحمن

مظلوم مسلمانوں خصوصاً فلسطین کیلئے بھرپور آواز بلند کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے، قیام پاکستان کیلئے لاکھوں مسلمانوں نے قربانیاں دیں، پاکستان کا دفاع ایمانی فریضہ ہے۔

بقیہ 7 دہشت گرد

ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم بی ایل اے کے دہشت گردوں نے ایک بار پھر موسیٰ خیل کے علاقے راڑہ شم میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کیلئے دہشت گرد راڑہ شم کی قومی شاہراہ کے قریب موجود ہیں جس پر سیکورٹی فورسز نے گزشتہ روز بائی وے کی نگرانی شروع کی اسی دوران چار دہشت گرد بائی وے پر بم نصب کر رہے تھے سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی سیکورٹی فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ آدھے گھنٹے تک جاری رہا سیکورٹی فورسز کی فائرنگ سے چار دہشت گرد مارے گئے دہشت گردوں کا اسلحہ اور بم قبضے میں کر لاشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گرد نزری اکبر سلیم اور بخت محمد 26 اگست 2024 کو پنجاب جانے والے مسافروں کو شہید کرنے اور توشم چیک پوسٹ پر حملے میں ملوث تھے جبکہ سلیم رڑکن روڈ حملے میں ملوث تھا سیکورٹی فورسز نے علاقے کو مکمل گھیرے میں لے پہاڑی علاقے میں سرچ آپریشن بھی شروع کردیا ہے۔

بقیہ 8 علی مدد جتک

مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیح دینا تھا۔ اجلاس میں شریک تمام اراکین نے سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر یہ عہد کیا کہ وہ کوئٹہ کی ترقی، صفائی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے مل کر کام کریں گے۔ اجلاس میں حاجی علی مدد جتک، آغا عمر احمد زئی، میر لیاقت علی لہڑی، ملک نعیم بازئی، زرک مندوخیل، میر عبید گورگیج، میر عبدالصمد گورگیج اور قبائلی رہنما میر ساجد دشتی سمیت دیگر معززین اراکین نے شرکت کی شرکاء نے اتفاق رائے سے فیصلہ کیا کہ تعلیم، صحت، بجلی، گیس، پانی، اور صفائی جیسے اہم شعبوں میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان شعبوں میں فوری بہتری کے اقدامات کو ترجیح دی جائے گی تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 9 سلمان اکرم راجا

کہ پارٹی کسی اصولی موقف سے نہیں ہٹی۔ نجی ٹی وی پروگرام 'دوسرا رخ' میں میزبان نادر گرمانی کے ساتھ گفتگو میں سلمان اکرم راجا کا کہنا تھا کہ عمران خان کی بہن علیمہ خان کا بیان کسی سیاسی جماعت کا بیان نہیں بلکہ ایک بہن کا بیان ہے جو اپنے بھائی کے حوالے سے فکر مند ہے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کسی اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گی، عمران خان بہت وضاحت کے ساتھ کہہ چکے ہیں آئین اور قانون کی خاطر ہر کام کرنے کو تیار ہیں۔

بقیہ 10 آئی ایم ایف

کے مطابق آئی ایم ایف نے تجویز دی ہے کہ ٹیکس نادہندگان کے خلاف مزید سخت اقدامات لیے جائیں، ٹیکس حکام کے اختیارات کے استعمال میں اضافہ اور شفافیت لائی جائے، ٹیکس چوری روکنے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال مزید بڑھایا جائے۔ ذرائع وزارت خزانہ نے بتایا کہ پی او ایس پر ٹیکس چوری کا جرمانہ 5 لاکھ سے بڑھا کر 50 لاکھ کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ ٹیکس چوری پر جرمانے کے ساتھ فوجداری مقدمات درج کرنے کی بھی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق سولر پینلز سمیت تمام ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کی تجویز ہے جبکہ کھاد، اسپرے اور زرعی آلات پر 18 فیصد جی ایس ٹی عائد کرنے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ میں زرعی ان پٹس اور مشینری پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی شرح بڑھانے کی تجویز زیر غور ہے جبکہ پر تعیش اشیاء کی فہرست میں مزید اشیاء شامل کرکے ٹیکس میں اضافے کی بھی تجویز ہے، پر تعیش اشیاء پر سیلز ٹیکس 25 فیصد سے بڑھانے کی تجویز ہے۔

بقیہ 11 عرفان صدیقی

میں سینیٹر عرفان صدیقی نے پی ٹی آئی سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ کچھ لو اور کچھ دو کے معنی اگر ڈیل، سودے بازی اور این آر او نہیں تو کیا ہیں؟ بانی پی ٹی آئی کے پاس کسی کو دینے کیلئے کیا رہ گیا ہے؟

بقیہ 12 محمد بن سلمان

زور دیتے ہوئے عالمی برادری سے مطالبہ کیا گیا وہ انسانی امداد کی ترسیل کو یقینی بنائے اور اسرائیل کو جارحیت سے باز رکھنے کیلئے اقدامات کرے، سعودی کابینہ نے زور دیا اسرائیل عالمی قوانین، انسانی حقوق کے معیارات کی مکمل پاسداری کرے، فلسطینیوں کو جائز حقوق دلانے کیلئے عالمی سطح پر آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

بقیہ 13 موبائل ایپ

متعلق تمام سہولیات، نائیکوپ، پاکستان اوریجن کارڈ، ب فارم اور برتھ سرٹیفکیٹ، فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کا حصول، شناختی کارڈ کی تجدید یا ترمیم اور ری پرنٹ کرا سکیں گے، ڈیتھ سرٹیفکیٹ، جانشینی سرٹیفکیٹ کیلئے قانونی ورثا کی بائیومیٹرک تصدیق، تصویر اور بائیو میٹرک کی تصدیق کی مکمل کارروائی سمیت دیگر سہولیات نادرا کی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

بقیہ 14 62 اہلکار معطل

قلعہ عبداللہ، پشین، چمن، کچھی، خضدار، موسیٰ خیل، بارکھان، شیرانی، لورالائی، ژوب، سبی، واشک، چاغی، جھل مگسی، مستونگ، سوراب، پنجگور اور نوشکی سے ہے۔ ڈی جی لیویز نے واضح کیا ہے کہ بدعنوانی اور غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور ایسے عناصر کی فورس میں کوئی جگہ نہیں۔ معطل شدہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کے لیے ڈاکٹر میر واِس خان، ڈائریکٹر (ایڈمن/فنانس) کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا ہے، جو 15 دن کے اندر اپنی رپورٹ پیش کریں گے۔ ڈی جی لیویز نے تمام اہلکاروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو ایمانداری، دیانتداری اور فرض شناسی سے ادا کریں، بصورت دیگر سخت تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 15 راولاکوٹ، فورسز

کو ہلاک کردیا جب کہ فائرنگ کے تبادلے 2 پولیس اہلکار بھی شہید راولاکوٹ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ شروع کردی گئی، پولیس کی جانب سے جوابی کارروائی میں 4 دہشت گرد ہلاک تاہم، فائرنگ کے تبادلے میں دو پولیس اہلکار بھی شہید ہوگئے۔

بقیہ 16 مشتاق احمد

تعزیتی کیمپ لگایا تھا، کیا اسلام آباد میں مظلوم فلسطینیوں کیلئے تعزیتی کیمپ لگانا جرم ہے؟ پولیس کی فاشزم بدترین اسرائیل نوازی ہے؟ کیا یہ ہے شہباز شریف اور محسن نقوی اور سرپرستوں کی فلسطین پالیسی؟

بقیہ 17 فیلڈ مارشل

بتایا گیا فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے دورہ آذربائیجان کے دوران آذربائیجان کے وزیر دفاع حسنوف ذاکر اصغر اوغلو سے ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط دو طرفہ تعلقات کو سراہا اور آذربائیجان کیساتھ دفاعی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 18 پی پی کا خط

52 سیالکوٹ کے ضمنی الیکشن میں ن لیگ کی انتخابی دھاندلیوں کا فوری نوٹس لے، الیکشن شیڈول کے بعد صوبائی حکومت کے ترقیاتی کاموں کا اعلان ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہے، الیکشن کمیشن پولنگ ڈے پر صاف شفاف، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ الیکشن یقینی بنائے۔

بقیہ 19 عاصم افتخار

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب اور سفیر عاصم افتخار نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، غزہ کی تباہی کوئی قدرتی آفت نہیں بلکہ اس کا ذمے دار اسرائیل ہے، پاکستانی سفیر نے کہا کہ فلسطینیوں کی نسل کشی روکنے کا وقت آچکا ہے، ہمیں مظالم کو معمول نہیں بننے دینا۔ انہوں نے مزید کہا کہ غزہ میں پورے طبی نظام کو منصوبے کے تحت تباہ کردیا گیا ہے، اور غزہ کی 100 سے زائد طبی سہولیات پر حملے کیے گئے

بقیہ 20 عطا تارڑ

جا رہی ہے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں جشن کا سماں ہے، دونوں ممالک کے تعلقات وقت کیساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کے دور میں پاکستان کے بیرونی تعلقات میں واضح بہتری آئی اور دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہوا، عطا تارڑ نے کہا آذربائیجان میں موجود پاکستانی کمیونٹی اور مقامی عوام نے یوم تکبیر کو جس انداز سے منایا وہ ثبوت ہے

بقیہ 21 جوہری قوت

وطن کے رکھوالوں کو سلام پیش کیا گیا۔ یوم تکبیر 1998 کے اُس عظیم لمحے کی یاد دلاتا ہے جب پاکستان جوہری طاقت کے طور پر ابھرا۔ یوم تکبیر پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بھارت کی مسلط کردہ جنگ میں سرخرو ہوکر نکلے ہیں، فتح مبین سے سرشار قوم کے لیے یوم تکبیر کی مسرتوں میں مزید اضافہ ہوگیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم تکبیر پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم ملکی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کا عزم کرتے ہیں آج کے دن ہم نے اپنی جوہری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھنے پر شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت اور ایٹمی پروگرام سے منسلک سائنسدانوں، انجینئرز، سول اور فوجی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 22 عبدالخالق اچکزئی

اقدامات سے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تیزی سے بہتر ہو رہی ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملک اور صوبے میں دیرپا امن کے قیام میں گرانقدر خدمات اور قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی اور تخریب کاری کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، اس سلسلے میں عوام افواج پاکستان کے ساتھ ہیں اور رہیں گے۔

بقیہ 23 پوپ لیو

شہریوں کا قتل عام فوری بند کیا جائے، پوپ لیو نے غزہ میں فوری جنگ بندی کی اپیل کرتے ہوئے اسرائیل، حماس سے مطالبہ کیا ہے بین الاقوامی انسانی قوانین کی مکمل پاسداری کریں۔ سینٹ پیٹرز اسکوائر میں ہفتہ وار عام اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پوپ نے کہا "غزہ کی بے بسی سے والدین کی دلخراش صدائیں آسمان تک پہنچ رہی ہیں جو اپنے بچوں کی لاشیں سینے سے لگائے بیٹھے ہیں

بقیہ 24 اسمبلی اجلاس

توسیع پر کام نہ ہونے کی وجوہات سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔

بقیہ 25 محمود اچکزئی

کی دعوت پر ان کی رہائش گاہ گئے۔ جہاں ان کی پی ڈی اے کے سیکرٹری جنرل اور پیپلز پارٹی ورکرز کے صدر ڈاکٹر صفدر عباسی سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں تحریک کے ترجمان اخونزادہ حسین، فیاض خان ابن رضوی اور ریاض خان نے بھی شرکت کی۔ ملک کے مجموعی سیاسی صورتحال پر سیر حاصل بحث ہوئی اور اپوزیشن اتحاد کی طرف سے ترتیب دیئے گئے نیشنل ایجنڈے کو اس کا محور رکھا گیا۔ یکجہتی بھی سیاسی جماعتیں 26 اور 27 فروری 2025 کے کانفرنس میں شریک ہوئیں ان سے ہماری امید ہے کہ وہ آنے والے دنوں میں آئین و قانون کی بالادستی کے لئے متحرک کردار ادا کرتے نظر آئیں گے۔

بقیہ 26 دینہ خان

میں یوم تکبیر کے موقع پر انسٹیٹیوٹ آف انجینئرز پاکستان میں تقریب کے دوران محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو خراج تحسین پیش کیا گیا

بقیہ 27 ایرانی عالم

حکومت کیخلاف تنقیدی پوسٹ پر گرفتار کیا گیا، غلام رضا قاسمیان فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب میں موجود تھے

بقیہ 28 درگت بنادی

بخشی آپ کو تاریخ پڑھنے کی ضرورت ہے، چین پاکستان کی دوستی دنیا کی کوئی طاقت ختم نہیں کرسکتی، بیجنگ اور نئی دہلی کے درمیان لائیو پروگرام میں اس وقت ماحول شدید گرم ہوگیا

بقیہ 29 حنیف عباسی

بھارتی فوجی ہلاک کیے، بھارت اب دوبارہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کرسکتا، یوم تکبیر کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا بھارت نے جب پاکستان پر جنگ مسلط کی تو معصوم بچوں کو بھی شہید کیا لیکن بھارت نے پاکستان کو کمزور سمجھ کر بہت بڑی غلطی کی،

بقیہ 30 نیتن یاہو

کارروائی میں قتل کردیا، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سنوار اس وقت حماس کے غزہ میں سربراہ ہونے کے علاوہ سابق سربراہ یحییٰ سنوار کے چھوٹے بھائی ہیں، یحییٰ السنوار غزہ کے جنوبی علاقے میں گزشتہ برس اسرائیلی فوج کی کارروائی میں شہید ہوگئے تھے

بقیہ 31 پولیس اہلکار

ذاکر اعوان، آئی جی کے ریڈر علی بخاری، اہلکار نعیم، ایس ایچ او کھاریاں گلاب نوید اور انسپکٹر یاسر کیانی شامل ہیں۔

بقیہ 32 سگریٹ نوشی

ایک لاکھ 64 ہزار اموات اور 2.5 بلین ڈالرز یعنی 700 ارب کا نقصان ہوتا ہے، تمباکو کی فروخت پر فوری اضافی ٹیکس عائد کیا جائے،

بقیہ 33 ایف سی نارتھ

تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا، یہ تقریبات ژوب، لورالائی، مسلم باغ، کوہلو، کوئٹہ، چمن، سبی اور سوئی میں منعقد کی گئیں۔ کوئٹہ، سوئی، کوہلو اور لورالائی میں مقامی عمائدین اور نوجوانوں کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں۔ ریلی شرکاء نے قومی جھنڈے اٹھا رکھے تھے اور شرکاء کی جانب سے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔

بقیہ 34 بلاول بھٹو

تحسین پیش کرتے ہوئے کہا بھٹو شہید نے عالمی دباؤ اور مخالفت کے باوجود پاکستان کے جوہری پروگرام کی بنیاد رکھی، یوم تکبیر صرف فخر کا دن نہیں بلکہ قوم کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے، اپنی خودمختاری، وقار اور مستقبل کے تحفظ پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے،

بقیہ 35 مالی بوجھ

نیپرا کے فیصلوں سے صارفین پر ممکنہ مالی بوجھ بڑھنے کا امکان ہے، بیان میں اویس لغاری نے کہا نیپرا کے متعدد فیصلوں پر وزارت توانائی کو شدید تحفظات ہیں

بقیہ 36 بیک وقت نکاح

محبت میں گرفتار دونوں لڑکیاں اس کے گھر پہنچ گئی تھیں اور اسے نکاح پر مجبور کیا، جس پر مقامی عالم دین نے عمائدین کی مشاورت کے بعد جوان سے دونوں کا نکاح پڑھوا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تورکھو اپر چترال کے گاؤں سوریچ میں سرکاری ادارہ کے ملازم سراج احمد چھٹیاں گزارنے گھر گیا ہوا تھا

بقیہ 37 اظہار تشکر

ضنا کے کیس کا فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فوری نوٹس لیا اور اے ایف آئی سی نے سرجری کی

بقیہ 38 انعامات

سمگلنگ روکنے کیلئے معلومات فراہم کرنے والوں کو پیشگی ادائیگی کی جائے گی، سمگل شدہ اشیاء پر معلومات فراہم کرنے والے کو 5 لاکھ روپے تک معاوضہ فراہم کیا جاسکے گا

بقیہ 39 وقاص اکرم

لیکن بدقسمتی سے موجودہ حکومت فسطائیت پر اتر آئی اگر ملک میں حقیقی یکجہتی چاہئے تو فسطائیت کو ختم کرنا ہوگا، وقت ہر بفنگ نہیں، قوم کو اکٹھا کرنے کا ہے، شیخ وقاص اکرم نے کہا حقیقی قومی یکجہتی کا تقاضا ہے تمام طبقات کو برابر کا شہری تسلیم کیا جائے اور اختلاف رائے کو دبانے کی بجائے سنا جائے، موجودہ حکومت بیرونی محاذ پر کامیابیوں کا کریڈٹ لینے کی کوشش کر رہی ہے لیکن اندرون ملک عوام کے ساتھ جو سلوک روا رکھا جا رہا ہے وہ کسی بھی مہذب معاشرے کے شایان شان نہیں، بیرونی دشمن کیخلاف پوری قوم ایک ہے، حکومت کو بھی چاہیے اندرونی محاذ پر آمریت کا رویہ ترک کرے اور حقیقی جمہوریت کی طرف لوٹے، بیرونی دشمنوں کو منہ توڑ جواب دینے کیساتھ عوام کو بھی عزت کے ساتھ جینے کا حق ملنا چاہیے۔

بقیہ 40 اظہار یکجہتی

کا انعقاد کیا گیا، کانفرنس میں تمام مکاتب فکر کے ممتاز علمائے کرام نے شرکت کی،

بقیہ 41 افغان طالبان

والے افراد کو مجاہد کہنا غلط ہے، جہاد کا اعلان یا اجازت دینا صرف ریاستی امیر کا اختیار ہے کسی گروہ یا فرد کا نہیں اگر ریاستی قیادت پاکستان نہ جانے کا حکم دے چکی ہے تو اس کے باوجود جانا دینی نافرمانی ہے، اپنی انا یا گروہ کی وابستگی کی بنیاد پر کیا گیا جہاد شریعت کے مطابق فساد تصور کیا جائے گا۔

بقیہ 42 ریلیف متوقع

امپورٹ پر ڈیوٹیز میں نمایاں کمی آئے گی اور 3 سال کی ایج لیمٹ کو 5 سال تک بڑھانے کا فیصلہ متوقع ہے

بقیہ 43 زائرین

کیا گیا، اربعین سے قبل مشہد میں پاکستانی زائرین سے متعلق پاکستان ایران، عراق کی وزارت داخلہ کی سہ ملکی کانفرنس کرانے کا بھی فیصلہ ہوا زائرین کی سیکورٹی کیلئے پروازوں کی تعداد بڑھانے پر بھی اتفاق ہوا، قبل از دورانیہ کیلئے لائحہ عمل جلد ترتیب دینے کا فیصلہ کیا گیا، بحری راستے سے بھی زائرین کو ایران، عراق بھجوانے پر گفتگو ہوئی، ایرانی وزیر داخلہ نے کہا 5 ہزار پاکستانی زائرین کو ایرانی حکومت مشہد میں قیام و طعام کی سہولتیں فراہم کرے گی

بقیہ 44 نوابزادہ جمال رئیسانی

ساتھ سربلند ہوا نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا پاکستانی قوم نے دنیا کو دکھا دیا کہ وہ ہر قربانی کے لیے تیار ہیں اگر قوم متحد اور قیادت باہمت ہو تو دنیا کی کوئی طاقت اسے جھکا نہیں سکتی نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ 28 مئی 1998 کے ایٹمی دھماکوں نے پاکستان کو ناقابل تسخیر دفاعی تحفظ فراہم کیا آج بھی پاکستان کی افواج دشمن کے ناپاک عزائم کے سامنے فولادی دیوار بنی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ "بنیان المرصوص" دراصل اسی دفاعی فکر اور پالیسی کا تسلسل ہے، جس کا آغاز یوم تکبیر کے دن ہوا انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر نے ہمیں جوہری ہتھیار دیئے اور بنیان المرصوص نے ہمیں بتایا کہ ہم اسے استعمال کرنا بھی جانتے ہیں بھارت کی اشتعال انگیزیوں اور مسلسل جارحیت کے باوجود پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی ہے امن کی خواہش کمزوری نہیں، بلکہ ایک ذمے دار ریاست کے کردار کی علامت ہے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو، نواز شریف، ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور سائنسدانوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے، جس نے خطے میں طاقت کا توازن قائم رکھا نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا پاکستان نے ایٹمی صلاحیت حاصل کر کے عالمی امن کو ترجیح دی بلوچستان نے ہمیشہ پاک فوج مخالف پروپیگنڈے کو مسترد کیا،

بقیہ 45 لشکری رئیسانی

مصائب و تکالیف سے گزرنا پڑتا ہے نہ کہ سمجھوتہ کیا جاتا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز سراوان ہاؤس کوئٹہ میں سیاسی کارکنوں و مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے بلوچستان سے گھٹن زدہ سیاسی ماحول کے خاتمے کیلئے معاشرے میں مزاحمت کے رجحان کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی کارکن ضمیر کی عدالت میں اپنے قومی و سماجی کردار کا احتساب، طلباء ڈگریاں حاصل کرنے کی بجائے تعلیم حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ نسلوں کی ترقی، خوشحالی اور قومی بقاء پر سمجھوتہ نہیں کیا جاتا بلکہ اس کیلئے مصائب و تکالیف برداشت کرنا پڑتی ہیں، انہوں نے کہا کہ بہتر سماج کی تشکیل کیلئے خود احتسابی کرکے فطرت اور انسانیت کے اصولوں پر عمل کیا جائے۔

بقیہ 46 2 ملزمان گرفتار

چھاپہ مار کارروائی میں 2 ملزمان گرفتار - کروڑوں روپے مالیت کی کرنسی اور گولڈ برآمد ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل کراچی کی ٹیم کا فاطمہ ہسپتال، سولجر کراچی کے قریب چھاپہ مار کارروائی چھاپہ مار کارروائی کے دوران 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا گرفتار ملزمان کی شناخت سید محمد رضا اور حسنین کے نام سے ہوئی گرفتار ملزمان غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ہیں چھاپے کے دوران ملزمان سے 50600 امریکی ڈالر برآمد ملزمان سے 1500 یورو، 1 لاکھ روپے اور 10 تولے سونا کا سکہ برآمد ملزمان سے 3 عدد موبائل فونز بھی برآمد کر لئے گئے ملزمان کے موبائل فون سے غیر ملکی کرنسی کے تبادلے سے متعلق ڈیجیٹل ثبوت بھی برآمد کر لیے گئے ملزمان بغیر لائسنس کرنسی ایکسچینج کا کاروبار کر رہے تھے ملزمان برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سے حکام کو مطمئن نہ کرسکے ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے ملزمان کے دیگر ساتھیوں کے خلاف چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں

بقیہ 47 راحیلہ حمید درانی

۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ایچ ایم ورکنگ گروپ بلوچستان کی جانب سے عالمی منسٹرول ہیلتھ اینڈ ہائیجین ڈے 2025 کے موقع پر ایک خصوصی تقریب کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ یہ دن دنیا بھر میں خواتین و لڑکیوں کے لیے حیض سے متعلق صحت و صفائی کے مسائل اور ان کے حل کے لیے شعور عام کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے امید ظاہر کی کہ حالیہ تیار کردہ صوبائی ایم ایچ ایچ پالیسی اور اسٹریٹیجی اس ضمن میں ایک مؤثر اور پائیدار روڈ میپ فراہم کریں گی اور خواتین اور لڑکیوں کی صحت و صفائی کے حوالے سے درپیش چیلنجز پر شعور بیدار کرنے کے لیے اہم کردار ادا کرے گی۔ منسٹرول ہیلتھ اینڈ ہائیجین مینجمنٹ ورکنگ گروپ (ایم ایچ ایم ڈبلیو جی) سیکرٹریٹ بلوچستان کے تحت اس تقریب کا انعقاد جی آئی زیڈ، یونیسیف، یو این ایف پی اے، آئی آر سی، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP) اور ورکنگ گروپ کے دیگر رکن اداروں کے اشتراک سے کیا گیا،

بقیہ 48 مسعود لونی

ن — جب پاکستان نے دنیا کے ایٹمی طاقتوں کے درمیان اپنی موجودگی کو ثابت کردیا ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہ دن ہے جب پاکستان نے دشمن کو یہ واضح پیغام دیا کہ ہم ایک پرامن قوم ضرور ہیں، مگر اپنی سلامتی، خودمختاری اور آزادی پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ جب بھارت نے مئی 1998 میں پوکھران کے مقام پر پانچ ایٹمی دھماکے کیے، تو جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن بری طرح بگڑ چکا تھا۔ بھارت کا غرور اور جارحیت اپنے عروج پر تھی۔ پاکستان پر عالمی دباؤ، پابندیوں کی دھمکیاں، معاشی مشکلات — سب کچھ تھا — مگر ہمارے عظیم قائدین، سائنسدانوں اور افواج پاکستان نے پوری قوم کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے چاغی کے پہاڑوں کو ہلا کر رکھ دیا انہوں نے کہا۔ یہ محض ایٹمی دھماکہ نہیں تھا

بقیہ 49 مولانا عبدالغفور حیدری

پاکستانی قوم کے لیے قومی غیرت، قوم کی بے مثال جرات و بہادری کی علامت کا دن ہے پاکستان کا جوہری پروگرام خطے میں امن و استحکام کیلئے ہے ملک کے جوہری پروگرام سے منسلک تمام سائنسدانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 50 علی مدد جتک

اور ان کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائے گی۔ اور ہم پرامید ہے کہ بلوچستان کے صحافی آنے والے وقت میں بھی بلوچستان کے عوام اور صوبہ کا مقدمہ ہر فورم پر بہتر طور پر پیش کریں گے اور موجودہ صوبائی حکومت آزادی اظہار رائے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے کیونکہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری سمیت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کا وژن ہے کہ آزادی اظہار رائے پر کوئی قدغن نہیں ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کے عہدیداروں صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین، سینئر نائب صدر محمد افضل مغل سمیت دیگر عہدیداروں کو کامیابی پر مبارک باد دینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو جان بوجھ کر تہہ و بالا کیا جا رہا ہے لوگوں کو بسوں سے اتار کر اور معصوم بچوں کو زیور تعلیم کے حصول کیلئے جاتے ہوئے دہشتگردی کا نشانہ بنانا کونسی آزادی ہے یہ نہ تو اسلامی اور نہ ہی قبائلی روایات میں اس کی کوئی گنجائش ہے دہشت گرد دہشت گرد ہیں ان کی کوئی قوم اور مذہب نہیں ہوتا وہ صرف دہشت گرد ہوتا ہے وہ اپنی گھناؤنی حرکات سے بے گناہ لوگوں کا قتل عام کر کے لوگوں میں نفرت پیدا کرتا ہے

بقیہ 51 حافظ نعیم

پاکستان کا ایٹمی پروگرام دنیا میں سر اٹھا کر چلنے کیلئے ہے، ڈاکٹر عبدالقدیر نے اپنے ساتھیوں سے مل کر پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا، پوری قوم نے معیشت کو کمپرومائز کر کے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا، حکومت نے یوم تکبیر کے اشتہارات پر اپنی تصاویر سمیت خاندان والوں کی تصاویر لگائیں مگر ڈاکٹر عبدالقدیر کی تصویر نہیں لگائی، فوج کیساتھ سیاسی اختلاف ہوئے مگر قوم نے ایک ہوکر تمہیں جواب دیا، تمہیں اپنے جہازوں پر فخر تھا وہ ہم نے گرا دیئے، مودی کو اپنی فکر کرنی چاہیے، 68 کروڑ بھارتیوں کو بیت الخلا کی کمی ہے، عالمی طاقتیں خوف کھا کر بھارت کو سپورٹ کرتی ہیں۔

بقیہ 52 مولانا ہدایت الرحمان

طاقت کے استعمال سے پرہیز، لاپتہ افراد کو بازیاب، بارڈر بندش کا خاتمہ سی پیک سینڈک ریکوڈک کے ثمرات عوام کو دینے ہوں گے۔ جماعت اسلامی میں عوام و نوجوانوں کی شمولیت خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انے جماعت اسلامی کوئٹہ کے زیر اہتمام چکی شاہوانی سریاب روڈ کوئٹہ میں شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے امیر ضلع عبدالنعیم رند، اعجاز محبوب مولانا عبدالحمید منصوری جمیل احمد مشوانی محمد حلیم حماس نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 53 کمار بلیانی

آج ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست بن چکا ہے پوری قوم کو یوم تکبیر کی دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ہر پاکستانی کو ملک کے دفاع اور ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا ڈاکٹر اے کیو خان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ یوم تکبیر، پاکستان کے ایٹمی وقار کا دن ہے پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر، یوم تکبیر اس کا ثبوت ہے۔

بقیہ 54 پی کے نیپ

ہے ژوب — قلعہ سیف اللہ کم شیرانی کے 22 پولنگوں کی گنتی میں صرف 8 پولنگ سٹیشنوں کی گنتی ہوچکی ہے اس گنتی میں خوشحال خان کاکڑ کو 1500 سے زائد ووٹوں کی برتری حاصل ہے اور اب پھر سازش کے ذریعے مزید گنتی روک کر ریٹرننگ آفیسر کو فرار کرایا گیا لیکن اپنے غیور عوام کے ووٹ کے نتیجے میں حاصل نمائندگی کے حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہونگے بلکہ اپنے اس نمائندگی کا حق حاصل کرنے کیلئے جدوجہد کو مزید وسیع اور فعال کیا جائیگا ملک کے حکمرانوں کو عقل سلیم سے کام لیتے ہوئے پشتون دشمن پالیسیوں اور پشتون دشمن اقدامات سے دستبردار ہو جائے

بقیہ 55 فرانس

کہا رپورٹس کے مطابق لڑائی میں سینکڑوں طیاروں نے حصہ لیا، فرانس لڑائی کے تجربے سے زیادہ سے زیادہ سیکھنے کا خواہاں ہے اگر رافیل کے مار گرائے جانے کی رپورٹس درست ثابت ہوئیں تو جہاز کے 2 دہائیوں کی آپریشنل سروس کے دوران پہلا واقعہ ہوگا۔

بقیہ 56 طور پر منایا

قائدین نے کہا کہ محسن پاکستان ڈاکٹر قدیر خان کیساتھ مقتدر قوتوں حکمرانوں نے بدترین زیادتی ناانصافی کی آج بھی وہی امریکی غلامی کو برقرار رکھتے ہوئے یوم تکبیر کے اشتہارات سے ڈاکٹر قدیر کا نام وتصویر غائب کیا گیا ہیرو کو زیرو اور زیرو کو ہیرو بنانے کی پالیسی کسی صورت قبول نہیں۔ حالانکہ ہم آج بھی ڈاکٹر قدیر خان کی وجہ سے ایٹمی قوت ہے اور یوم تکبیر منا رہے ہیں۔ امریکی ایما پر قومی ہیرو ڈاکٹر قدیر کی کردار کشی ٹی وی پر لا کر معافی طلب کروانا بہت بڑا قومی جرم ہے اگر انصاف ہوتا عدالتیں آزاد ہوتی تو اس قومی جرم میں ملوث مجرمین کو کب کی پھانسی ملتی۔ یوم تکبیر یوم ڈاکٹر قدیر خان تقاریب سے مقررین نے مزید کہا عظیم سائنسدان محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان قوم کے دلوں میں رہتا ہے پوری قوم نے حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں آج خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کیا۔ قوم یوم تکبیر ہم صرف اور صرف ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی وجہ سے مناتے ہیں کہ اس نے سالوں محنت کے بعد اس ملک کو ایٹم بم بنا کر ایٹمی طاقت بنایا جس کی وجہ سے انڈیا امریکہ اسرائیل پاکستان کو میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا اور پاکستان کو اسلامی ممالک کے سربراہ اور عالم اسلام کا محافظ بنایا اور تمام عالم کی آنکھیں پاکستان کی طرف کردی ہم عوام اور عالم اسلام کی طرف سے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں آئیے مل کر دعا کرتے ہیں کہ یا اللہ ہم سب کی حفاظت عظیم انسان قومی ہیرو ڈاکٹر قدیر خان کی مغفرت فرما کر بلند درجات عطا فرمائے

بقیہ 57 سینیٹر مولانا عبدالواسع

سے دور رکھا جا رہا ہے تاکہ عوام کی حقیقی آواز کو دبایا جاسکے اور ان کے جائز حقوق کی جدوجہد کو ناکام بنایا جاسکے۔ مگر عوام کی طاقت اور عزم کسی بھی سازشی منصوبہ ساز کے لیے ناقابل برداشت ہیں اور وہ کسی بھی صورت عوام کے حق میں فیصلہ سازی کو برداشت نہیں کر سکتے۔ اس وقت ہم ایک نہایت اہم دور سے گزر رہے ہیں جہاں عوام کے حقوق کی حفاظت، اسلامی اقدار کی بحالی اور ان اقدار کے خلاف ہونے والی سازشوں کو بے نقاب کرنے کے لیے مسلسل مزاحمت جاری ہے، اور اس مزاحمت کی قیمت ہمیں برداشت کرنی پڑ رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام کو اقتدار اور پارلیمنٹ سے باہر رکھ کر غیر منصفانہ اور من پسند فیصلے کیے جا رہے ہیں، مگر ہم ہر حال میں عوام کے جذبات اور ردعمل کو سامنے رکھتے ہوئے میدان عمل میں بھرپور انداز میں قدم رکھیں گے۔ عوام کی طاقت کے سامنے کوئی بھی سازش یا منصوبہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تاریخ گواہ ہے کہ جمعیت علماء اسلام کی منتخب حکومت کو بھی اسی وجہ سے ختم کیا گیا تھا کہ ہم عوامی وسائل کو عوام کی ملکیت سمجھتے تھے اور عوام کے حقوق کا سختی سے دفاع کرتے تھے۔ اقتدار کی ہوس میں آ کر ہم کبھی بھی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کریں گے کیونکہ ہمیں اپنے عوام اور اپنے وطن عزیز سے ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہماری غیر متزلزل پوزیشن اور سخت مزاحمت نے منصوبہ سازوں کو مایوس کیا ہے۔ اب وہ ہمیں دیوار سے لگانے کی کوشش کر رہے ہیں جو کہ نہایت خطرناک نتائج کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ہمارے کارکنوں کے صبر اور حوصلے کا مزید امتحان نہ لیا جائے کیونکہ وہ ہر طرح کی آزمائش اور مشکلات کے باوجود ڈٹ کر اپنے مقصد کی خاطر لڑنے کے لیے تیار ہیں۔ اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نہ صرف ایک سیاسی جماعت ہے بلکہ ایک ایسی تحریک ہے جو عوام کے حقوق اور اسلامی اصولوں کی حفاظت کے لیے اپنی قربانیاں دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام صورتحال اس بات کا ثبوت ہے

بقیہ 58 پیش پیش

(نارتھ) کی جانب سے ژوب کے علاقے منزئی میں واقع مدرسے کے طلباء میں پکا ہوا کھانا تقسیم کیا گیا جس کا مقصد غریب و مستحق طلباء کی مدد کرنا اور علاقے میں فلاحی سرگرمیوں کو فروغ دینا تھا۔ مقامی لوگوں نے ایف سی بلوچستان کے اس جذبہ خدمت کو سراہا اور شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے قابل تحسین اقدام قرار دیا۔

بقیہ 59 خان زمان

واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ کوئٹہ کے قندہاری بازار میں صفا کوئٹہ پروجیکٹ سے وابستہ صفائی کرنے والے محنت کشوں پر ایک شخصیت اور اس کے ساتھیوں کی جانب سے مزدوروں پر تشدد کرنا ظلم اور غیر انسانی عمل ہے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ تمام محنت کشوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ اور اس واقعے کی شفاف انکوائری کرکے اس میں ملوث افراد کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ تاکہ مظلوم مزدوروں کو انصاف مل سکے۔

بقیہ 60 کا فنڈ استعمال

کیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی میں پیش ہونے والی آڈیٹر جنرل پاکستان کی رپورٹ کے مطابق سال 2017-22 کے دوران 36 کروڑ 20 لاکھ روپے کا فنڈ استعمال ہی نہیں کیا گیا جبکہ 30 کروڑ 14 لاکھ روپے کی رقم بے قاعدہ طور پر رکھی گئی، 11 کروڑ 63 لاکھ روپے کی رقم کی ڈی ڈی اوز کے ذریعے بے قاعدہ طور پر ادائیگی کی گئی۔ ای ایم آئی ایس منصوبے میں سست روی سے 42 کروڑ 26 لاکھ استعمال نہیں ہوا۔ رپورٹ میں قواعد و ضوابط اور ٹینڈر کے عمل کے بغیر خریداری سے ایک ارب 83 کروڑ کا نقصان کی نشاندہی بھی کی گئی ہے

بقیہ 61 جمال شاہ کاکڑ

کی تقریبات سے ثابت ہوا کہ پارٹی پورے صوبے میں منظم اور کارکنان ثابت قدم ہے رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ آج میاں محمد نواز شریف کی خدمات کو ہر سطح پر سراہا جا رہا ہے یوم تکبیر مسلم لیگ (ن) کا ایک عظیم کارنامہ ہے ملکی دفاع کی خاطر آج بھی وزیر اعظم میاں شہباز شریف بھی بہترین فیصلوں کی وجہ سے عالمی دنیا میں توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ 28 مئی اور 10 مئی کے کارنامے مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی اہم کاوشیں ہیں۔

بقیہ 62 سینیٹر محمد عبدالقادر

زائد بچے ابتدائی تعلیم کی نعمت سے محروم ہیں اور حکومت کی توجہ چاہتے ہیں پاکستان اس وقت تک حقیقی معنوں میں ترقی نہیں کرسکتا جب تک ملک کے ہر بچے کو تعلیم کی فراہمی یقینی نہ بنائی جائے گزشتہ سالوں کے دوران بے انتہا مہنگائی اور روپے کی قدر میں کمی کے باعث غربت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے عوام کی مالی حالت حکومت کی توجہ کی طالب ہے نئے سالانہ بجٹ کیلئے لگے بندھے طریقوں سے ہٹ کر ایسے اقدامات پر عمل کیا جائے جن سے ملکی ترقی اور عوامی حالت میں بہتری کی کاوشیں جلد مؤثر نتائج دیتی محسوس ہوں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار محمد عبدالقادر نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران وطن عزیز معیشت کے سنگین بحران سے گزرا مشکل معاشی حالات سے نکلنے کیلئے مشکل فیصلے کئے گئے ہیں

بقیہ 63 اسلام بلوچستان

نس کے دوران کیا اس موقع پر حاجی غوث اللہ، حاجی عبدالواحد آغا، رحیم الدین ایڈووکیٹ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مخالف امیدوار نے ابتداء میں ری کاؤنٹنگ کیلئے ٹریبونل میں درخواست دائر کرکے بعد میں واپس لے لیا اس کے باوجود ٹریبونل نے سوموٹو اختیار استعمال کرتے ہوئے 22 پولنگ اسٹیشن پر دوبارہ ری کاؤنٹنگ کا حکم دیا جبکہ قانوناً ٹریبونل کو سوموٹو لینے کا اختیار نہیں ہے۔ سوموٹو کا حق صرف سپریم کورٹ کو حاصل ہے۔ آراوز نے دوبارہ گنتی کیلئے جو بیلٹ بیگز فریقین کے نمائندوں کے سامنے پیش کئے وہ تمام بیگز بغیر سیل کے پائے گئے یعنی وہ پہلے سے کھلے ہوئے تھے اس لئے ہم اب تک ہونے والے 22 پولنگ اسٹیشنز میں سے 8 پولنگ اسٹیشنز کی گنتی کے نتائج کو مسترد کرتے ہیں۔ اور مطالبہ کرتے ہیں

بقیہ 64 غلام نبی مری

کے ناقابل فراموش جدوجہد اور قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس خاندان کے بلوچستان کی قومی حقوق کی حوالے سیاسی جمہوری جدوجہد کی تحریک میں ایک اہم کردار ہے جو نیپ سے لیکر آج تک بلوچستان کی قومی جدوجہد میں نہایت ہی فعال اور متحرک کردار ادا کرتے چلے آرہے ہیں انہوں نے کہا کہ شہید نصیر جان لانگو کو ایک ایسے دور میں ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے شہید کیا گیا

بقیہ 65 نور محمد دمڑ

عہدیداران، ڈپٹی چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی اور دیگر نے شرکت کی ریلی کے شرکاء سے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کہ یوم تکبیر پاکستان کی عظمت، خودداری اور دفاعی صلاحیت کا دن ہے آج ہی کے دن پاکستان کا سبز ہلالی پرچم پوری آب و تاب سے چمک رہا ہے آج کا دن یوم تکبیر پر قوم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج ہی کے دن میاں نواز شریف نے عالمی دباؤ کے باوجود ایٹمی دھماکا کرکے تاریخ رقم کی نواز شریف نے پاکستان کو ناقابل تسخیر اور 57 اسلامی ممالک کا فخر بنایا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان قوم کے ہیرو اور ایٹمی پروگرام کے معمار ہیں۔ ڈاکٹر اے کیو خان اور دیگر ٹیم نے پاکستان کو دفاعی لحاظ سے ناقابل شکست بنایا یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا سبق دیتا ہے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا وژن پاکستان کی سلامتی اور ترقی کی ضمانت ہے پاکستان ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست بن چکا ہے ہمیں پاکستان کے دفاع اور ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے

بقیہ 66 چمن یوم تکبیر

شریک تھے ریلی کے شرکاء شہر کے تمام بڑے شاہراہوں سے ہوتے ہوئے بارڈر روڈ پر کار ریلی میں تبدیل ہوئی ریلی کے شرکاء کا پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے بازی کرتے رہے، ریلی کے شرکاء کا پاک فوج اور محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے حق میں بھی نعرے بازی ریلی جو بائی پاس روڈ، کالج روڈ، مال روڈ سے ہوتے ہوئے تاج روڈ پر ماڈل ہائی سیکنڈری سکول خیال گراونڈ میں پشتون روایتی رقص (اتنڑ) میں تبدیل ہوئی جبکہ اس موقع پر آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا جس میں قبائلی نوجوانوں نے بڑی تعداد میں تبدیل ہوئیں۔ چمن تاریخ کی بڑی ریلی سے خطاب میں سیاسی و قبائلی رہنماء داود باچا جان اچکزئی کا کہنا تھا کہ چاغی دھماکوں کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان دنیا کا ساتواں اور مسلم دنیا کا پہلا ایٹمی طاقت بن گیا یہ دن پاکستان کی قومی خود مختاری دفاع اور قومی سلامتی کی علامت سمجھا اور منایا جاتا ہے۔ آج کا دن ملکی تاریخ کا انتہائی اہم دن ہے

بقیہ 67 جعفر مندوخیل

معاشی ترقی کو آگے بڑھانا، بنی نوع انسان کیلئے ایک مشترکہ مگر استحصال سے پاک روشن مستقبل بنانے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شنگھائی میونسپل گورنمنٹ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری (Lui Ping) سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ دریں اثناء شنگھائی میونسپل فارن آفیس کے ڈائریکٹر جنرل (Liang Y E)، چائنیز پیپلز انسٹیٹیوٹ آف فارن افیئرز (ایشین، افریقن اور لاطینی امریکن افیئرز) کے ڈپٹی ڈائریکٹر (Lui Liah) بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے وفد کے ہمراہ ٹونجی (Tongji) آرکیٹکچر انجینئرنگ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ آج کے آرکیٹکچر انجینئرنگ یونیورسٹی جانا کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت یہ یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کے اسٹوڈنٹس کو پی ایچ ڈی اور ماسٹر ڈگری اسکالرشپس کیلئے خصوصی توجہ ملے گی

بقیہ 68 جلسہ عام منعقد کریگی

کن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی اور دیگر مرکزی قائدین خطاب کرینگے۔ اس سلسلے میں پارٹی ضلع زیارت کا ہنگامی اجلاس پارٹی کے ضلعی سیکرٹری سردار میرو ایس خان کاکڑ کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات سید آغا لیاقت علی، صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سردار حبیب الرحمن دومڑ، سردار شفیق خان ترین، اقبال خان بٹے زئی، حفیظ اللہ ترین اور دوست محمد لونی نے شرکت کی۔

بقیہ 69 کرنے کا فیصلہ

مختص فنڈز فوری طور پر جاری کیے جائیں گے، تاکہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہو اور عوام جلد از جلد ان کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے ہدایت کی کہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت وفاق سے ملنے والے فنڈز، ٹیکس وصولیوں سے حاصل ہونے والے محاصل اور رائلٹی کو مؤثر اور شفاف انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں غیر ضروری اور غیر پیداواری اخراجات کو مکمل طور پر ختم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا، تاکہ زیادہ سے زیادہ وسائل براہ راست عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کیے جاسکیں۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت شفافیت، کفایت شعاری اور عوامی مفاد کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھتی ہے

بقیہ 70 یعقوب ناصر

کہا کہ 28 مئی 1998 کو پانچ ایٹمی دھماکے کر کے ملک کی دفاع کو مضبوط کیا انہوں نے کہا کہ ہم ایٹمی قوت کے ساتھ جذبہ ایمانی سے سرشار ہیں ہمارے پاس کلمہ طیبہ کی قوت بھی ہے انہوں نے کہا کہ ایٹمی دھماکوں سے ملک دشمنوں کا غرور خاک میں مل گیا آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان کی قوت مضبوط ہے اگر ہم ایٹمی قوت نہ بنتے تو بھارت ہم پر برتری حاصل کر کے ہمیں نقصان پہنچا سکتا تھا لیکن آج بھارت کا غرور خاک میں مل گیا ہے جس پر عالم اسلام اور پاکستانی قوم کو فخر حاصل ہے انہوں نے کہا کہ دس م؟ کو پاکستان نے بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا اس لئے دشمن کو بتانا چاہتے ہیں کہ آئندہ پاکستان کو کمزور سمجھنے کی غلطی نہ کرے ہم اپنے دفاع سے غافل نہیں ہیں

بقیہ 71 اویس لغاری

دنیا نے دیکھا، دشمن امن پسند رویئے کو کمزوری نہ سمجھے، قوم عزم، جذبے اور ولولے کیساتھ کھڑی ہے، یوم تکبیر صرف ماضی کا احسان نہیں بلکہ مستقبل کا عہد نامہ ہے۔

بقیہ 72 اٹامک انرجی

ہیں، پاکستان کے تقریباً 80 فیصد کینسر کے مریض ہسپتالوں سے مستفید ہوتے ہیں، نیوکلیئر انسٹیٹیوٹ فار ایگریکلچر اینڈ بائیولوجی فیصل آباد نے رنگین کپاس تیار کر رہا ہے، ادارہ انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے معاون مرکز کے طور پر بھی پہچان حاصل کر چکا، نیوکلیئر ٹیکنالوجی کے پرامن استعمال سے پائیدار ترقی کے فروغ کیلئے کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 73 میر سلیم کھوسہ

وتعمیرات نے کہا کہ پاکستان کے ایٹمی قوت بننے سے خطے میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے کی ضمانت ہے تاکہ کوئی بھی ہمارے ملک کو میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات بھی نہ کرے انہوں نے کہا کہ قائد مسلم لیگ نواز میاں نواز شریف نے آج کے دن ایٹمی دھماکے کر کے پورے ملک اور مسلم امہ کا سر فخر سے بلند کردیا اور دنیا کا ساتواں اور ملت اسلامیہ کا پہلا ایٹمی ملک بننے کا اعزاز حاصل کیا صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات نے مزید کہا کہ پاکستان نے ایٹمی دھماکے کرکے تمام دشمن قوتوں کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان اب ناقابل تسخیر ایٹمی قوت بن چکی ہے جمہوری حکومت مسلح افواج اور ایٹمی سائنسدانوں نے آج کے دن تاریخ رقم کی صوبائی وزیر نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں ملک کی سالمیت کے لیے بے لوث خدمت کا درس دیتا ہے، ہمیں مادر وطن پاکستان کے دفاع کے لیے ہر پل تیار ہیں رہنا ہے تاکہ دشمن قوتوں کو ایک بھی موقع نا ملے مادر وطن کو نقصان پہنچانے کا صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ معرکہ حق کے تاریخی فتح کے بعد دشمن یہ جان چکا ہے کہ پاکستان ایک ناقابل تسخیر قوت ہے جسے اللہ کی مدد اور نصرت سے کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

بقیہ 74 اراکین اسمبلی

پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ملک بھر کی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں منعقدہ تقریب سے خیر محمد ترین، شاہجہان گجر، جبار خلجی، گل محمد شاہوانی، نصیب اللہ شاہوانی، طیب لانگو سمیت دیگر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے دیگر رہنماء الطاف حسین گجر، شاہجہان گجر در محمد ہزارہ، اکرم گل، صادق گجر، ہاشم محمد شہی، سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 28 مئی یوم تکبیر کے موقع پر آج ملک بھر میں تقاریب منعقد کی جارہی ہے

بقیہ 75 نیشنل لیبر فیڈریشن

صفا کوئٹہ کی ٹیم میں شامل عملہ صفائی پر بدترین تشدد کر کے انہیں خون آلود کر دیا گیا اور اس سے بھی شرمناک عمل یہ ہے کہ بعض عناصر ایسا تاثر دے رہے ہیں جیسے کمشنر کی سیٹ پر کوئی دلہن بیٹھا ہو حقیقت یہ ہے کہ کمشنر کوئٹہ اور ان کی ٹیم شہر کی صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، تزئین و آرائش اور شہری مسائل کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے کروڑوں کی جائیدادوں کے مالک اپنی دکان کا تھڑا صاف نہیں کر سکتے، اگر تاجر برادری اور عام شہری میونسپل عملے کا ساتھ دیں تو نالیوں کی بندش کا مسئلہ بھی سر ہی نہیں اٹھائے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل لیبر فیڈریشن کوئٹہ کے روایتی حسن و خوبصورتی کی بحالی اور شہری مسائل کے خاتمے کے لئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات کے اقدامات کو سراہتی ہے ہمارا مطالبہ ہے

بقیہ 76 جمعیت نظریاتی

کو سیاسی و معاشی محاذ پر جو چیلنجز کا سامنا ہے یہ اسٹیبلشمنٹ کی پیدا کردہ سیاسی افراتفری اور سازشوں کا نتیجہ ہے انہوں نے کہا کہ ملک پر پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی کی بجائے اسٹیبلشمنٹ کا راج ہے جو ملک میں مضبوط آئین اور جمہوریت دیکھنا نہیں چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ جابرانہ وظالمانہ پالیسیوں سے عوام کو جمہوری حق سے محروم کررکھا ہے ملک کی نظام میں انقلابی تبدیلیوں کے بغیر پاکستان اور عوام کا مقدر تبدیل نہیں کیا جاسکتا ملک و قوم کو طاقتور قوتوں کی حکمرانی کی بجائے؟ آئین کی حکمرانی کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ حکمران کے پاس ملک کو چلانے کی صلاحیت نہیں ہے ملک چلانے کے لیے کوء؟ ویژن یا پالیسی نہیں ہے سیاسی اور معاشی بحران میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے ملک اس غلط فیصلوں کی وجہ سے آگ کی لپیٹ میں ہے ملک کو مزید آگ میں نہ دھکیلا جائے

بقیہ 77 تین زخمی

فیاض احمد، حاجی عبدالحکیم، نبی بخش قوم بوبک شدید زخمی ہیں جنہیں ابتدائی طبی امداد دی جارہی ہے زخمیوں میں ایک کی حالت نازک بتائی جارہی ہیں۔

چین، بھرپور تعاون سے پاکستان کی اقتصادی ترقی تیز ہوگی، جعفر مندوخیل

معاہدوں سے بلوچستان کے اسٹوڈنٹس کو پی ایچ ڈی اور ماسٹر ڈگری اسکالرشپس کیلئے خصوصی توجہ ملے گی

ماضی کی حکومتیں جامع حکمت عملی و ترقی کے تسلسل کو جاری نہ رکھ سکیں جن کا خمیازہ ہم سب بھگت رہے ہیں

دنیا کی دونوں ترقی یافتہ اور ترقی پذیر اقوام کے درمیان شراکت داری اور ترقی کو فروغ دیں گے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل ... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی 10 جون کو زیارت میں جلسہ عام منعقد کریگی

ملک میں جاری پارلیمنٹ کی بے توقیری کیخلاف آواز بلند کرتے رہینگے

صوبے میں جمہوری نمائندوں کو نیلامی کی اسمبلی میں پہنچا کر مسلط کیا گیا

زیارت (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عید کے چوتھے دن 10 جون بروز منگل ضلع زیارت میں ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد کرنے ... پاکستان کے سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور ... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، فائرنگ سے 4 افراد زخمی

... بعد فائرنگ سے 4 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ جن میں دو شدید زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کردیا گیا ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک یوم تکبیر کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی مالی سال 2025/26 کے بجٹ کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی خودمختاری کا دن ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

اگر قوم متحد اور قیادت باہمت ہو تو دنیا کی کوئی طاقت اسے نہیں جھکا سکتی

... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرے کے رجحان کا فروغ وقت کی ضرورت ہے، لشکری رئیسانی

سیاسی کارکن ضمیر کی عدالت میں اپنے قومی کردار کا احتساب کریں

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان سے سیاسی جمود کے خاتمے کیلئے سیاسی کارکن ضمیر کی عدالت میں اپنے قومی کردار کا احتساب کریں، آئندہ نسلوں کی ترقی، خوشحالی اور قومی بقا کیلئے ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان 2 ملزمان گرفتار

ایف آئی اے سٹیٹ بینک سرکل کراچی کی کارروائی، غیر ملکی کرنسی برآمد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے سٹیٹ بینک سرکل کراچی کی کارروائی ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار کی ہدایت پر غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ایف آئی اے ہیڈکوارٹر اسلام آباد کے ترجمان کے مطابق ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی بلوچستان میں امن کی بحالی اور ترقی کی راہ پر گامزن کریگی، رکن اسمبلی

مٹھی بھر دہشت گردوں سے صوبے اور لوگوں کو چھٹکارا دلائیں گے، بے گناہ معصوم لوگوں کو قتل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں

پاکستان کا ایٹمی پروگرام پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے شروع کیا، جبکہ میزائل پروگرام کی بنیاد شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے رکھی

... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

یوم تکبیر عزم کی تجدید کا دن بھی ہے، ثمینہ ممتاز زہری

... سامنے کبھی نہیں جھک سکتا۔

یوم تکبیر عالم اسلام کی غیرت، خودداری اور خودمختاری کا دن ہے، مسعود لونی

... جنگلات سردار مسعود خان لونی نے کہا کہ ہم ایک ایسے دن کی یاد منا رہے ہیں جو نہ صرف پاکستان کی ... اور خودمختاری کا دن ہے — یوم تکبیر یعنی 28 مئی 1998 کا دن ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر ... مضبوط اور خودمختار ملک ہے جو اپنے دشمنوں کے سامنے کبھی نہیں جھک سکتا۔

کوئٹہ، کسان اتحاد کی جانب سے یوم تکبیر کے موقع پر نکالی گئی ریلی کے شرکا خالد حسین باٹھ و دیگر گل پاشی کر کے پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

چھوٹی اور مفاد عامہ کی اسکیموں کے فنڈز فوری جاری کرنے کا فیصلہ

فیصلہ ترقیاتی اسکیموں کے بجٹ کے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس میں کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت ترقیاتی اسکیموں کے بجٹ کا ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری خزانہ عمران زرکون، اسپیشل سیکریٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سمیت محکمہ خزانہ کے دیگر آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چھوٹی اور عوامی مفاد کی حامل ترقیاتی اسکیموں کے لیے ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف نے ایٹم بم بنانے کے خواب کی عملی تعبیر کی، یعقوب ناصر

ڈاکٹر قدیر خان محسن پاکستان کی محنت سے پاکستان دنیا کا ساتواں ایٹمی ملک بنا

28 مئی کو مسلم لیگ (ن) حکومت نے ایٹمی دھماکے کر کے ملکی دفاع کو مضبوط کیا

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر نے کہا کہ پاکستان کے سابق وزیراعظم بھٹو شہید نے ایٹم بم بنانے کی بنیاد رکھی جبکہ میاں نواز شریف نے دھماکے کر کے اس کی عملی تعبیر کی جبکہ ڈاکٹر قدیر خان محسن پاکستان کی محنت سے پاکستان دنیا کا ساتواں اور اسلامی ممالک کا پہلا ایٹمی ملک بنا انہوں نے ...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب کی طبی سہولیات میں بہتری آئی ہے، صدام سریال

ژوب (اے این این) محکمہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ نے عزم کیا ہے کہ ژوب کے دور افتادہ علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار ژوب کے عوامی سماجی رہنما صدام سریال نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ نے بنگالی بنیادوں پر پاک افغان بارڈر قمرالدین کاریز RHC ہیلتھ سینٹر کو کنٹریکٹ پر ڈاکٹر تعینات کیا ہے اور ڈاکٹر نے باقاعدہ طور پر چارج سنبھال کر کام شروع کیا ہے ڈاکٹر کی تعیناتی سے ہیلتھ سینٹر فعال اور علاقے کے عوام استفادہ کرینگے

موجودہ حکومتیں عوامی رائے دہی کے برخلاف قائم ہیں، عبدالرحیم زیارتوال

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت اور حکومتیں عوام کے حق رائے دہی کے برخلاف زر اور زور سے مسلط کی گئی ہے، جس کا ہر اقدام دراصل آئین اور قانون کے برخلاف تصور ہوگا، 26 ویں آئینی ترمیم سے عدلیہ کے ججز کو جی حضوری پر مجبور کا محتاج بنایا گیا ہے، پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی رائے سلب کرنے (SIFC)، مائنز منرلز ایکٹ کے ذریعے عوام کے معدنی خزانوں کو قبضہ کرنے کے اقدام کے سوا کچھ نہیں، لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی حکومتی اختیار از خود متنازعہ ہے

کوئٹہ، جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ورکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں روزی خان کاکڑ و دیگر رہنماؤں سے ملاقات کر رہے ہیں

28 مئی پاکستانی تاریخ کا روشن باب ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

ایٹمی صلاحیت نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا ہے، رہنما ج، یو آئی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علمائے اسلام کے سیکرٹری جنرل ورکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے یوم تکبیر پر پیغام کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 28 مئی پاکستانی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش دن ہے ایٹمی صلاحیت نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنادیا ہے انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو ایٹمی طاقت ہونے پر فخر ہے یوم تکبیر ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، توریان کے قریب نوجوان کی لاش برآمد

ژوب (آن لائن) توریان کے قریب نوجوان عبدالوہاب نامی شخص کی لاش برآمد پولیس نے لاش سول ہسپتال پہنچائی پولیس کے مطابق ان پر فائرنگ کی گئی ہے لاش پر گولی کا نشان تھے موقع سے گولیوں کے دو خول بھی برآمد ہوئے ہیں مقتول کے جیب میں شناختی کارڈ بھی تھا

بلوچستان کے امن کو جان بوجھ کر تہہ و بالا کیا جا رہا ہے، علی مدد جتک

اسکول جاتے بچوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا کونسی آزادی ہے، رکن صوبائی اسمبلی

دہشت گرد صرف دہشت گرد ہیں، ان کی نہ کوئی قوم ہوتی ہے نہ ہی کوئی مذہب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان کے میڈیا نے ہمیشہ مثبت صحافت کو پروان چڑھاتے ہوئے بلوچستان کے حقیقی مسائل کو دنیا بھر کے سامنے اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے یہی وجہ ہے کہ صحافیوں نے بلوچستان کے گھمبیر حالات میں بھی اپنے فرائض منصبی کو احسن طریقے سے نبھایا ہے حکومت اور پاکستان پیپلز پارٹی ان کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام یوم تکبیر کی تقریب سے رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک خطاب کر رہے ہیں

خضدار، کار اور وین حادثے میں ایک شخص جاں بحق، تین زخمی

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار قومی شاہراہ باغبانہ ٹوتھے ایریا میں کار اور وین گاڑی کے درمیان تصادم حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جان بحق جبکہ تین افراد شدید زخمی جان بحق اور زخمیوں کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردیا گیا جاں بحق اور زخمیوں کا تعلق پینار ٹونے سے ہے اور ایک ہی فیملی سے بتایا جارہا ہے حادثہ میں ماسٹر اللہ رکھیہ موقع پر جان بحق اور ...... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

ایٹمی پروگرام دنیا میں سر اٹھا کر چلنے کیلئے ہے، مودی گولی چلائے گا تو ہم غوری چلائینگے، حافظ نعیم الرحمٰن

یوم تکبیر کے اشتہارات پر اپنی بھتیجی سمیت خاندان والوں کی تصاویر لگائیں مگر ڈاکٹر عبدالقدیر کی نہیں

پوری قوم نے معیشت کو کمپرومائز کر کے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا، مودی کو اپنی فکر کرنی چاہیے، خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے مودی طرف گولی چلائے گا تو ہم غوری چلائیں گے، یوم تکبیر کے موقع پر ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قبر پر دعائیہ تقریب سے خطاب میں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا بھارت نے بین الاقوامی قانون کی دھجیاں اڑاتے ہوئے ایٹمی دھماکے کئے، پاکستان کی حکومت فیصلہ کرنے میں مشکل میں تھی، قاضی حسین احمد نے ایٹمی دھماکے کرنے کیلئے ملک بھر میں تحریک چلائی، ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ایم ایچ ایچ سے متعلق مثبت اقدامات کی حمایت کریں گے، راحیلہ حمید درانی

ہمیں اجتماعی طور پر ایسے پالیسی اقدامات کرنے ہوں گے جو حقیقی تبدیلی لاسکیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان خواتین اور بچیوں کی صحت وصفائی سے متعلق ہر مثبت اقدام کی مکمل حمایت کرے گی۔ ہمیں اجتماعی طور پر مل کر ایسے پالیسی اقدامات کرنے ہوں گے جو حقیقی تبدیلی لاسکیں۔ ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوان جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کریں، مولانا ہدایت الرحمان

جماعت اسلامی کے قائدین عوام کا مقدمہ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر لڑ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ حقوق کے حصول امن خوشحالی اور ترقی کیلئے عوام اور نوجوان جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کریں جماعت اسلامی کے قائدین عوام کا مقدمہ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر لڑ رہے ہیں حکمرانوں مقتدر قوتوں کو بلوچستان کے حالات ٹھیک کرنے کیلئے ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی خودمختاری کی علامت ہے، سینیٹر دھنیش کمار پلیانی

ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ٹیم نے ملک کو ناقابل شکست بنایا جسے ہم نے برقرار رکھنا ہے

نصیر آباد (آئی این پی) سینیٹر دھنیش کمار پلیانی کا یوم تکبیر پر قوم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم تکبیر، پاکستان کی دفاعی خودمختاری کی علامت ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ٹیم نے ملک کو ناقابل شکست بنایا یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا درس دیتا ہے جنرل عاصم منیر کا وژن، پاکستان کی سلامتی و ترقی کی ضمانت ہے پاکستان ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

خوشحال کاکڑ قومی اسمبلی کی تین سیٹوں سے جیت چکے ہیں، پی کے نیپ

8 پولنگ اسٹیشنوں کی دوبارہ گنتی کے بعد مزید گنتی روک کر ریٹرننگ آفیسر کو فرار کرایا گیا

عوامی ووٹ کے نتیجے میں حاصل نمائندگی کے حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہونگے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ گزشتہ انتخابات میں قومی اسمبلی کے تین سیٹوں سے جیت چکے ہیں اور واضح پشتون دشمن پالیسی کے تحت انہیں اس عوامی نمائندگی سے محروم کیا جارہا ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

رپورٹس درست ثابت ہوئیں تو رافیل مار گرائے جانے کا پہلا واقعہ ہوگا، فرانس

واقعہ کی تفصیلات ابھی غیر یقینی اور بہت سے پہلو تصدیق طلب، رافیل کی کارکردگی پر فرانس صورتحال کو بغور دیکھ رہا ہے

اپنے شراکت دار بھارت کیساتھ براہ راست معلومات حاصل کرنے کیلئے رابطے میں ہے، فوجی ترجمان کی پریس بریفنگ

پیرس (بیورو رپورٹ) حالیہ پاک بھارت جنگ میں پاک فضائیہ کے ہاتھوں فرانس کے جدید لڑاکا طیارے رافیل کی تباہی پر فرانسیسی فوج کے ترجمان کا رد عمل سامنے آگیا، معمول کی پریس بریفنگ کے دوران صحافی کے پاک بھارت جنگ میں رافیل کی تباہی کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر فرانسیسی فوج کے ترجمان نے کہا واقعہ کی تفصیلات ابھی غیر یقینی اور بہت سے پہلو تصدیق طلب ہیں، رافیل کی کارکردگی پر فرانس صورتحال کو بغور دیکھ رہا ہے اور اپنے شراکت دار بھارت کیساتھ براہ راست معلومات حاصل کرنے کیلئے رابطے میں ہے، ترجمان ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان کے زیر اہتمام دفاع بلوچستان اور بقائے پاکستان کانفرنس سے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم، ودیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

جنگ کیلئے تیار، خودمختاری کو چیلنج کرنیوالے کو عبرتناک جواب ملے گا، اویس لغاری

پاکستان کی سلامتی اولین اور آخری مقصد، امن کے داعی، یوم تکبیر صرف ماضی کا احسان نہیں بلکہ مستقبل کا عہد نامہ ہے

ملک کا ایٹمی پروگرام صرف اور صرف دفاعی ضرورت، مظاہرہ معرکہ حق کے دوران ساری دنیا نے دیکھا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر سردار اویس لغاری نے کہا ہے پاکستان کی سلامتی اولین اور آخری مقصد ہے، امن کے داعی، جنگ کیلئے بھی مکمل طور پر تیار ہیں جو خودمختاری کو چیلنج کرے گا عبرتناک جواب ملے گا، یوم تکبیر صرف ماضی کا احسان نہیں بلکہ مستقبل کا عہد نامہ ہے، سردار اویس لغاری نے کہا 28 مئی 1998 تاریخی لمحہ تھا، اپنی حفاظت کا ایٹمی ڈھال اپنے ہاتھوں سے تیار کیا، سائنسدانوں، دفاعی ماہرین کی قربانیوں نے ناقابل تسخیر بنا دیا، پاکستان کا ایٹمی پروگرام صرف اور صرف دفاعی ضرورت ہے، مظاہرہ معرکہ حق کے دوران ساری ...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی اور پاکستان زندہ باد موومنٹ کی جانب سے یوم تکبیر ریلی کے شرکا پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہے ہیں

جے آئی نے بلوچستان بھر میں یوم تکبیر یوم ڈاکٹر قدیر کے طور پر منایا

محسن پاکستان ڈاکٹر قدیر خان کیساتھ مقتدر قوتوں نے بدترین ناانصافی کی، مقررین

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بلوچستان بھر میں یوم تکبیر یوم ڈاکٹر قدیر کے طور پر منایا گیا ضلعی ہیڈکوارٹر و جماعت اسلامی کے دفاتر میں تقاریب کا اہتمام کیا گیا یوم تکبیر یوم قدیر کی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کیساتھ ناروا سلوک مسلسل جاری ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

ہماری قیادت کو جان بوجھ کر پارلیمنٹ اور اقتدار سے دور رکھا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام کے ساتھ ناانصافی اور ناروا سلوک مسلسل جاری ہے۔ ہماری ذمہ دار قیادت کو جان بوجھ کر پارلیمنٹ اور اقتدار کے مرکزی حلقوں ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

چشمہ نیوکلیئر پلانٹ یونٹ 5 تکمیل کے بعد 1200 میگاواٹ بجلی پیدا کریگا، اٹامک انرجی کمیشن

6 جوہری پاور پلانٹس سے سستی و ماحول دوست بجلی پیدا، چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ ون نے قومی ریکارڈ قائم کیا

نیوکلیئر ٹیکنالوجی کے پرامن استعمال سے پائیدار ترقی کے فروغ کیلئے کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے، اعلامیہ

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے کہا چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ 5 تکمیل کے بعد 1200 میگاواٹ بجلی پیدا کرے گا، اعلامیہ کے مطابق 6 جوہری پاور پلانٹس سے 3 ہزار 530 میگاواٹ سستی اور ماحول دوست بجلی پیدا کی جارہی ہے، چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ ون نے 400 دنوں تک مسلسل بجلی پیدا کر کے قومی ریکارڈ قائم کیا، زیر تعمیر چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ 5 تکمیل کے بعد 1 ہزار 200 میگاواٹ بجلی پیدا کرے گا، اعلامیے کے مطابق ملک بھر میں قائم 20 کینسر ہسپتال تشخیص وعلاج کی جدید سہولیات فراہم کر رہے ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ تعلیم میں چھ ارب چالیس کروڑ روپے کی بے قاعدگیوں کا انکشاف

پانچ برسوں میں 90 لاکھ کتب طلبا میں تقسیم ہی نہیں کی گئیں، بغیر منظوری کے کتابوں کی چھپائی کی مد میں 2 ارب 59 کروڑ کی ادائیگی کی گئی

اسمبلی میں پیش کردہ آڈیٹر جنرل پاکستان کی رپورٹ کے مطابق ایک ارب 11 کروڑ 48 لاکھ روپے کا رکارڈ آڈٹ ٹیم کو مہیا ہی نہیں کیا گیا

رپورٹ میں ٹینڈر کے عمل کے بغیر خریداری سے ایک ارب 83 کروڑ کے نقصان کی نشاندہی اور 366 اضافی عملے کی تعیناتی کا انکشاف کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ تعلیم کے ڈائریکٹر اسکولز کے اکاؤنٹس میں 22-2017 کے دوران چھ ارب چالیس کروڑ روپے کی بے قاعدگیاں سامنے آگئیں پانچ برسوں میں 90 لاکھ کتب طلبا میں تقسیم ہی نہیں کی گئیں بغیر منظوری کے کتابوں کی چھپائی کی مد میں دو ارب 59 کروڑ 16 لاکھ روپے کی ادائیگی کی گئی ایک ارب 11 کروڑ 48 لاکھ روپے کا رکارڈ آڈٹ ٹیم کو مہیا ہی نہیں ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

صفائی میں مصروف محنت کشوں پر تشدد قابل مذمت ہے، خان زمان

افسوس ناک واقعہ میں ملوث ملزمان کیخلاف کارروائی کی جائے، حاجی بشیر احمد

کام کے دوران تمام محنت کشوں کو تحفظ فراہم کیا جائے، قاسم خان، حاجی عزیز

کوئٹہ (پ۔ر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، سینئر نائب صدر حاجی عزیز شاہوانی، عابد بٹ، دین محمد حسنی، محمد عمر جتک، ملک وحید کاسی، ظفر خان رند، عارف خان بجارانی، فضل محمد یوسفزئی، حبیب اللہ اگو، نجیب اللہ مری اور دیگر رہنماؤں نے بیان میں کہا ہے کہ صفا کوئٹہ کے ملازمین پر تشدد انتہائی قابل افسوس ہے۔ انہوں نے کہا قندھاری بازار میں پیش آنے والے اس المناک ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی بلوچستان سماجی وفلاحی خدمات میں بھی پیش پیش

کوئٹہ (پ ر) ایف سی بلوچستان سرحدوں کے دفاع اور بلوچستان میں امن وامان کی ذمہ داریاں سرانجام دینے کیساتھ ساتھ عوامی سماجی و فلاحی خدمات میں بھی پیش پیش ہے گزشتہ روز ایف سی بلوچستان ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی مقامی ہسپتال میں زیر علاج خاران کے رہائشی محمد بخش کی عیادت کر رہے ہیں

استحکام پاکستان و بنیان مرصوص کانفرنس، علما کا فوج سے اظہار یکجہتی

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک اتحاد بین المسلمین کے تحت لاہور میں پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے "استحکام پاکستان و بنیان مرصوص کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا، کانفرنس میں تمام مکاتب فکر کے ممتاز علمائے کرام نے شرکت کی، مقررین نے کانفرنس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا "پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر ثابت کیا وہ دنیا کی پہلے نمبر کی فوج ہے،" "پاک فوج عالم اسلام کے دلوں کی دھڑکن بن چکی، اسلام دشمن قوتیں ہمیشہ ناکام رہیں گی، بھارت خطے میں دہشت گردی پھیلا کر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل چاہتا ہے

قلات کے جوڈیشل لاک اپ سے قیدی فرار

پولیس نے ناکہ بندی کر کے ملزم کی تلاش شروع کردی

قلات (آن لائن) قلات کے جوڈیشل لاک اپ سے ایک خطرناک قیدی فرار، پولیس نے ناکہ بندی کر کے فرار ملزم کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کردی زرائع کے مطابق ملزم کریم داد ولد ساگیں داد پولیس کو چکما دے کر فرار ہوگئے ہیں ملزم کا تعلق سوراب سے بتایا جارہا ہے یاد رہے کہ گزشتہ سال قبل بھی قلات جیل سے 4 خطرناک قیدی فرار ہوگئے تھے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

28 مئی پوری مسلم امہ کیلئے افتخار کا دن ہے، میر سلیم کھوسہ

مادر وطن کو ناقابل تسخیر بنانے والوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی جانب سے اہل وطن کو یوم تکبیر کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آج کے دن مادر وطن کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے والوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں آج کا دن پوری مسلم امہ کے لیے باعث فخر کا دن ہے صوبائی وزیر مواصلات بقیہ 3 7 صفحہ نمبر 7 پر

صفا کوئٹہ کے عملہ صفائی پر تشدد شرمناک اقدام ہے، نیشنل لیبر فیڈریشن

زخمی مزدوروں کی حکومتی سطح پر دادرسی، علاج معالجے کی سہولیات اور مستقل ملازمتیں دی جائیں

این ایل ایف کوئٹہ کے روایتی حسن وخوبصورتی کی بحالی کیلئے کمشنر کوئٹہ کے اقدامات کو سراہتی ہے

کوئٹہ (پ ر) نیشنل لیبر فیڈریشن نے صفا کوئٹہ کے عملہ صفائی پر تشدد کو شرمناک اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ غریب محنت کش جوتا جر برادری اور شہریوں کا گند صاف کر کے اپنے بچوں کی روزی کماتے ہیں ان پر تشدد ناقابل معافی عمل ہے، این ایل ایف کمشنر کوئٹہ کی بھرپور تائید وحمایت کرتے ہوئے واضح کرتی ہے کہ ہم مزدوروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ نیشنل لیبر فیڈریشن کے بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ شب شہر کے وسطی اور گنجان آباد علاقے میں ...... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی نائب امیر مولانا محمد سرور ندیم، حاجی غوث اللہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پارٹی بلوچستان بھر میں منظم اور کارکنان ثابت قدم ہیں، جمال شاہ کاکڑ

28 مئی اور 10 مئی کے کارنامے مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی کامیابیاں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے پارٹی کے تمام ضلعی صدور اور ڈویژن صدور اور سینئر عہدیداروں کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے پارٹی قیادت کی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان کے طول وعرض میں بہترین تقریبات کا اہتمام کیا جو قابل تحسین ہیں آج ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی میں جھگڑا، کے الیکٹرک کے سی ای او کو اجلاس سے نکال دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قائمہ کمیٹی برائے صنعت وپیداوار کے اجلاس میں تلخ کلامی کے بعد سی ای او کے الیکٹرک مونس علوی کو اجلاس سے باہر نکال دیا گیا، اجلاس میں گرما گرم بحث اس وقت جھگڑے میں بدل گئی جب ارکان اسمبلی نے کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو افسر مونس علوی کو منتخب نمائندوں سے توہین آمیز اور سرکشی پر مبنی رویہ اپنانے پر اجلاس سے باہر نکال دیا، کمیٹی اراکین نے سی ای او کے غیر پیشہ وارانہ رویے پر شدید ناپسندیدگی کا اظہار کیا

نوشکی، معطل انسداد پولیو مہم بحال

نوشکی (آن لائن) پانچ روزہ انسداد پولیو مہم ایک روز وقفہ کے بعد آج پھر سے جاری گزشتہ روز انسداد پولیو ٹیم پر حملے کے بعد ملتوی کیا تھا۔ واقعہ کے بعد بدھ کے روز حفاظتی انتظامات مزید سخت کردی گئی۔ گزشتہ روز پولیو ٹیم پر حملے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہوگئے تھے۔

قومی بجٹ بناتے وقت حکومت کو دلیرانہ فیصلے کرنا ہونگے، سینیٹر محمد عبدالقادر

ملک سے غربت اور ناخواندگی کے خاتمے کیلئے خصوصی اقدامات کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حکومت کو نئے قومی بجٹ 26-2025 میں ملک سے غربت اور ناخواندگی کے خاتمے کیلئے نہایت دلیرانہ فیصلے کرنا ہونگے اس وقت ملک میں دو کروڑ ساٹھ لاکھ سے ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کا ایم ایچ ڈے کے عالمی دن کے موقع پر چیئرپرسن ایم ایچ ایم ڈاکٹر طاہرہ کمال اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

این اے 251 دوبارہ گنتی کے عمل کو مسترد کرتے ہیں، جمعیت علماء اسلام بلوچستان

ژوب کم شیرانی، قلعہ سیف اللہ کی قومی اسمبلی کی نشست پر دوبارہ گنتی الیکشن ٹریبونل کا 8 فروری 2024ء کی دھاندلی زدہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے

ٹریبونل نے سوموٹو اختیار استعمال کرتے ہوئے 22 پولنگ اسٹیشن پر دوبارہ گنتی کا حکم دیا جبکہ قانوناً ٹریبونل کو سوموٹو ایکشن لینے کا اختیار نہیں

سوموٹو کا حق صرف سپریم کورٹ کو حاصل ہے، متنازعہ فیصلے کو ختم کر کے گنتی کے عمل کو منسوخ کیا جائے، مولانا محمد سرور ندیم، حافظ حسین احمد شرودی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے نائب امیر مولانا محمد سرور ندیم اور کوئٹہ کے امیر حافظ حسین احمد شرودی نے کہا ہے کہ این اے 251 ژوب کم شیرانی، قلعہ سیف اللہ کی قومی اسمبلی کی نشست پر دوبارہ گنتی الیکشن ٹریبونل کا 8 فروری 2024ء کی دھاندلی زدہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے دوبارہ گنتی کے عمل کو مسترد کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفر ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بسیمہ، تیز رفتاری کے باعث تیل بردار گاڑی الٹنے سے 2 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بسیمہ کے علاقے میں تیز رفتار تیل بردار پروبکس گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے ریسکیو ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بسیمہ کے علاقے پراجبار کے مقام پر ٹائر پھٹنے کے باعث تیل بردار پروبکس گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

شہید نصیر لانگو کی قربانی ناقابل فراموش ہے، غلام نبی مری

شہید کو پندرہویں برسی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر وضلعی صدر بی این پی کوئٹہ غلام نبی مری نے اپنے ایک بیان میں پارٹی کے شہید ساتھی نصیر جان لانگو کے 29 مئی کو یوم شہادت کے پندرہویں برسی کی دن کے مناسبت پر شہید نصیر جان لانگو ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی صلاحیت کی اظہار کا دن ہے، نور محمد دمڑ

آج کا دن ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا سبق دیتا ہے

زیارت (خ ن) کاروان حاجی نور محمد خان دمڑ اور ضلعی انتظامیہ کی طرف سے یوم تکبیر کے موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت میں ایک بہت بڑی ریلی نکالی گئی ریلی میں ہزاروں افراد نے شرکت کی ریلی میں ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا اللہ درانی، توکل پرسن منسٹر فوڈ حاجی راز محمد دمڑ، اسسٹنٹ کمشنر زیارت محمد افضل، ڈی پی او ... انتظامی ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

چمن میں یوم تکبیر بھرپور جوش و جذبے کیساتھ منایا گیا

داؤد باچا خان کی قیادت میں ریلی، شہریوں و قبائلی عمائدین کی شرکت

پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے، مختلف شخصیات نے خطاب کیا

چمن (محمد اصغر اچکزئی) چمن میں یوم تکبیر بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا سیاسی وقبائلی رہنما داؤد باچا خان کی قیادت میں ریلی نکالی گئی ریلی میں بوڑھے، بچے، نوجوان سپورٹس مینوں، ہندو، عیسائی برادری کے علاوہ تمام مکاتب فکر کے لوگوں نے بڑی تعداد ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ملک پر مقتدرہ قوتوں کے تسلط نے بحرانوں میں اضافہ ہوا، جمعیت نظریاتی

سیاسی ومعاشی محاذ پر جو چیلنجز کا سامنا ہے یہ اسٹیبلشمنٹ کی پیدا کردہ سیاسی افراتفری اور سازشوں کا نتیجہ ہے، مولانا لونی

نظام میں انقلابی تبدیلیوں کے بغیر پاکستان اور عوام کا مقدر تبدیل نہیں کیا جا سکتا، مفتی شفیع الدین، مولانا عبدالرؤف و دیگر

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الحق مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ ملک پر مقتدر قوتوں کی تسلط نے ملک کو بحرانوں سے دوچار کیا ملک کی خودمختاری کو داؤ پر لگا دیا آج ملک ...... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کا حصہ بننے پر گولڈن ڈوم مفت ملے گا، ٹرمپ کی کینیڈا کو انوکھی پیشکش

کینیڈا نے پیشکش کو قبول کیا تو ایک پیسہ بھی ادا نہیں کرنا پڑیگا ورنہ 61 ارب ڈالر دینا ہوں گے، امریکی صدر

گولڈن ڈوم منصوبے پر اعلیٰ سطحی بات چیت جاری ہے لیکن ملکی خودمختاری پر سمجھوتہ ممکن نہیں، کینیڈین وزیراعظم

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انوکھی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے اگر کینیڈا امریکہ کی 51 ویں ریاست بننے پر رضامند ہو جائے تو امریکہ کے مجوزہ گولڈن ڈوم میزائل دفاعی نظام میں مفت شمولیت حاصل ہوگی بصورت دیگر 61 ارب ڈالر ادا کرنا ہوں گے، ٹرمپ نے کہا اگر کینیڈا امریکہ میں شامل ہو جائے تو دفاعی نظام میں شمولیت کیلئے ایک پیسہ بھی ادا نہیں کرنا پڑیگا، دوسری جانب کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی نے کہا امریکہ کیساتھ گولڈن ڈوم منصوبے پر اعلیٰ سطحی بات چیت جاری ہے لیکن ملکی خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں۔